★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 16 رجب المرجب 1446ھ، 17 جنوری 2025ء، 30 پوہ 2081 بکرمی (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 90

عدالت دیکھنا چاہتی ہے کہ کیس ملٹری ٹرائل میں شہادتوں پر کیسے فیصلہ ہوا

جسٹس حسن رضوی

سویلینز کے ملٹری ٹرائل، نیچرل جسٹس میں کسی کو سنے بغیر سزا نہیں ہو سکتی، ملٹری ٹرائل والے کیسز کا ریکارڈ مانگا تھا، عدالت نے پروسیجر دیکھنا ہے کیا فیئر ٹرائل کے ملٹری کورٹ میں تقاضے پورے ہوئے، آئینی بینچ

عدالت ٹرائل کے ریکارڈ کا میرٹ پر جائزہ بھی نہیں لے سکتی، ایف بی علی کیس میں جرم ہوا تو ملزمان سروس سے ریٹائرڈ ہو چکے تھے، 1962 اور 1973 کے آئین میں درج بنیادی حقوق میں کیا فرق ہے، خواجہ حارث

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کے دوران جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس میں کہا ہے کہ نیچرل جسٹس میں کسی کو سنے بغیر سزا نہیں ہو سکتی۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سات رکنی آئینی بنچ نے کیس کی سماعت کی، بنچ میں جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس علی مظہر، جسٹس سید حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس شاہد (بقیہ نمبر 1)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز گورنمنٹ کالج برائے ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں ہونہار سکالر شپ تقریب کے دوران طلبہ کو ملنے والا چیک دیکھ رہی ہیں

خیبر پختونخوا ایک اور پولیو کیس کی تصدیق، ڈی آئی خان میں 2 سال کی بچی متاثر

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں پولیو کا ایک اور کیس سامنے آ گیا، ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں نئے پولیو کیس کی تصدیق ہوئی ہے (بقیہ نمبر 5)

نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ 20 جنوری سے آپریشنل کرنے کا اعلان

ملکی، غیر ملکی ایئر لائنز نے پروازیں چلانے میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے، سی اے اے

کراچی (این این آئی) سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو 20 جنوری سے آپریشنل کرنے کا اعلان کر دیا۔ ذرائع سی اے اے نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو آپریشنل کرنے کے حوالے سے نوٹم جاری کر دیا۔ نوٹم کے مطابق (بقیہ نمبر 4)

پی ٹی آئی نے مذاکرات میں تحریری مطالبات پیش کر دیئے

انتخابی دھاندلی کی عدالتی تحقیقات کے مطالبے سے دستبردار، چارٹر آف ڈیمانڈ پیش، چیف جسٹس کی زیر سربراہی یا 3 سینئر ججز پر مشتمل کمیشن بنایا جائے

سنسر شپ، رپورٹنگ پر پابندیوں اور صحافیوں کو ہراساں کرنے کے واقعات کی تحقیقات کی جائے، اسیران کو کسی ڈیل یا ڈھیل کے تحت نہیں، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت کے ساتھ مذاکرات کے تیسرے دور میں پاکستان تحریک انصاف نے 7 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کر دیا تاہم وہ انتخابی دھاندلی کی عدالتی تحقیقات کے دیرینہ مطالبے سے پیچھے ہٹ گئی۔ جمعرات کو اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت مذاکراتی اجلاس میں حکومت کی جانب سے نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار، سینیٹر عرفان صدیقی، رانا ثنا اللہ، راجہ پرویز (بقیہ نمبر 29)

وزیر اعلیٰ پنجاب کا آسان شرائط پر 3 کروڑ روپے تک بلاسود قرضہ دینے کا اعلان

لوگ کہہ رہے تھے ملک ڈیفالٹ کر جائے گا، اب تمام اکنامک انڈیکیٹرز بہتری کی جانب گامزن ہیں، وزیراعظم نے دن رات کام کر کے ملک کو ڈیفالٹ کے خطرے سے نکالا

بزنس پلان بھی بنا دیئے ہیں، ہم آپ کیلئے ہینڈ ہولڈنگ کا سسٹم بھی ڈویلپ کر رہے ہیں، آپ آج پیسے لے لیں اور کل اپنا کاروبار شروع کر دیں، مریم نواز کا تقریب سے خطاب

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے دن رات کام کر کے ملک کو ڈیفالٹ کے خطرے سے نکالا۔ لاہور میں آسان کاروبار فنانس اور آسان کاروبار کارڈ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ لوگ کہہ رہے تھے ملک ڈیفالٹ کر جائے گا، اب تمام اکنامک انڈیکیٹرز بہتری کی جانب گامزن ہیں، سٹاک (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ میں جنگ بندی خوش آئند، امید ہے مکمل طور پر احترام کیا جائے گا

وزیراعظم

میں اور پوری پاکستانی قوم فلسطین بالخصوص غزہ میں جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہیں، قطر، سعودی عرب، امریکا، مصر اور دیگر دوست ممالک کی انتھک کوششیں ناقابل فراموش ہیں

عوام فلسطینی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے، گزشتہ کئی دہائیوں سے اسرائیلی جارحیت کیخلاف جدوجہد میں جان و مال کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی خوش آئند ہے، امید ہے جنگ بندی کا مکمل طور پر احترام کیا جائے گا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ میں اور پوری پاکستانی قوم فلسطین بالخصوص غزہ (بقیہ نمبر 23)

پاکستان کا غزہ میں جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم

معاہدے پر فوری اور مکمل عمل درآمد کا مطالبہ، امید ہے مستقل جنگ بندی کا باعث بنے گا، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے غزہ میں جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ 15 جنوری 2025 کو ہونے والی غزہ جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہیں، پاکستان معاہدے پر فوری اور مکمل عمل درآمد کا مطالبہ کرتا ہے، امید ہے کہ معاہدہ مستقل جنگ (بقیہ نمبر 27)

بلاول بھٹو 20 جنوری کو لاہور میں اجلاس کی صدارت کرینگے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پارٹی کا اجلاس 20 جنوری کو بلاول ہاؤس لاہور (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وادی تیراہ میں ایک ماہ کے دوران 22 خوارج مارے گئے

فورسز علاقے میں خوارج کے خلاف وسیع انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کر رہی ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) سیکورٹی فورسز نے خیبر کے علاقے وادی تیراہ میں 14 دسمبر 2024 سے مختلف آپریشنز میں اب تک 22 خوارج کو ہلاک اور 18 خوارج کو زخمی کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان میں کہا گیا کہ خیبر کے علاقے وادی تیراہ میں فورسز اور معصوم شہریوں کے خلاف دہشت گردی کے متعدد واقعات رونما ہوئے جن میں کئی اموات ہوئیں۔ آئی (بقیہ نمبر 2)

فلسطینیوں پر ہونیوالے مظالم پر احتساب ہونا چاہیے، شیری رحمٰن

غزہ میں امن کی آڑ میں کوئی بھی غیر منصفانہ سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے، پی پی رہنما کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمٰن نے اسرائیل اور حماس کے غزہ میں جنگ بندی کے اعلان پر ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان (بقیہ نمبر 20)

وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کو درج مقدمات میں گرفتار نہ کرنے کا حکم

پشاور ہائی کورٹ نے علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت میں 3 ہفتوں کی توسیع کر دی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے وزیرِ اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو درج مقدمات میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت اور مقدمات کی (بقیہ نمبر 19)

علماء نوجوان نسل کو الحادی فکر سے بچائیں، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

لاہور (این این آئی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ علماء نوجوان نسل کو الحادی فکر (بقیہ نمبر 56)

سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے موٹر سائیکل چور گروہ گرفتار

لاہور (این این آئی) سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے موٹر سائیکل چور گروہ کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق فیصل ٹاؤن (بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری سے فرانس کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

غزہ میں جنگ بندی، جماعت اسلامی کا آج یوم تشکر منانے کا اعلان

اہل غزہ سرخرو ہو گئے، یقیناً اسماعیل ہنیہ اور یحییٰ سنوار اپنے بھائیوں کی جیت کا نظارہ کر رہے ہونگے، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے ادارہ نور حق کراچی میں جمعرات کو غزہ کی تازہ ترین صورتحال، حماس اسرائیلی جنگ بندی معاہدے کے حوالے سے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ 15 ماہ سے جاری اسرائیلی جارحیت و دہشت گردی (بقیہ نمبر 24)

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے ادارہ نور حق میں کراچی آمد کے موقع پر غزہ کی تازہ ترین صورتحال، حماس اسرائیلی جنگ بندی معاہدے کے حوالے پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

نادرا موبائل ایپ لانچ کرنے، 3 نئے ریجنل دفاتر کے قیام کا فیصلہ

پاک آئی ڈی ویب سائٹ بند، تمام خدمات موبائل ایپ پر فراہم کی جائیں گی، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر ''نادرا موبائل ایپ'' لانچ کرنے اور 3 نئے ریجنل دفاتر کے قیام کا فیصلہ کیا گیا ہے، کل یعنی 17 جنوری سے ''پاک آئی ڈی ویب سائٹ'' بند کی جا رہی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ 3 نئے (بقیہ نمبر 26)

عمران خان ڈیل کرنا چاہتے ہیں مگر کرپشن پر ڈیل یا این آر او نہیں ہوگا، وزیر اطلاعات

190 ملین پاؤنڈ ملکی تاریخ کا سب سے بڑا میگا کرپشن سکینڈل، آزاد مبصرین بھی کسی کو بری الذمہ نہیں قرار دے رہے

ملکی معیشت درست سمت کی طرف گامزن ہے، مہنگائی میں بھی بڑی حد تک کمی آئی ہے، عطا تارڑ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان ڈیل کرنا چاہتے ہیں، کرپشن پر کوئی ڈھیل نہیں ملے گی، 190 ملین پاؤنڈ ملکی تاریخ کا سب سے بڑا میگا کرپشن اسکینڈل ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے (بقیہ نمبر 3)

ریاض، وفاقی وزیر پٹرولیم مصدق ملک مباحثہ میں شریک ہیں

کرم کے عوام کو حکومت کا ساتھ دینا ہوگا، مشیر اطلاعات کے پی

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے اہلسنت سے (بقیہ نمبر 14)

نامعلوم افراد نومولود بچہ چھوڑ کر فرار ہو گئے، ہسپتال منتقل

لاہور (این این آئی) نامعلوم افراد نومولود بچہ چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع (بقیہ نمبر 15)

گنڈاپور نے کینٹ میں بیٹھ کر خود ساختہ روپوشی گزاری، ترجمان جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی ترجمان اسلم غوری نے علی امین گنڈاپور کے بیانات پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 61)

یونان میں 200 سے زائد پاکستانیوں کے ڈوبنے کی انکوائری چیلنج

سندھ ہائیکورٹ نے سیکریٹری داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے و دیگر کو نوٹس جاری کر دیئے

کراچی (این این آئی) یونان میں 200 سے زائد پاکستانیوں کے ڈوبنے کی انکوائری سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کر دی گئی۔ سندھ ہائیکورٹ میں یونان میں 200 سے زائد (بقیہ نمبر 13)

عمران خان پر مقدمات سیاسی بنیادوں پر بنائے گئے، شبلی فراز

ہمارے مقدمات چل رہے، عدالتوں میں پیش، ہم قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں

پشاور (این این آئی) رہنما تحریک انصاف و سینیٹ میں قائد حزب اختلاف سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی پر بنائے گئے تمام کیسز بوگس ہیں، عمران خان پر مقدمات سیاسی بنیادوں پر بنائے گئے۔ پشاور ہائیکورٹ آمد کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما (بقیہ نمبر 21)

مذاکرات کامیاب ہو جائیں گے تو ہم سب کو خوشی ہوگی، شرمیلا فاروقی

مذاکرات بھی ہو رہے ہیں پھر یہ اسمبلی میں شور اور ہنگامہ بھی کر رہے ہیں، پی پی رکن قومی اسمبلی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شرمیلا فاروقی نے کہا ہے کہ مذاکرات کامیاب ہو جائیں گے تو ہم سب کو خوشی ہوگی، اس سے سیاسی استحکام آ جائے گا اور (بقیہ نمبر 16)

گوشوارے جمع نہ کرانے کا معاملہ، 139 اراکین اسمبلی کی رکنیت معطل

خیبر پختونخوا اسمبلی کے 33، سندھ اسمبلی کے 15 اور بلوچستان اسمبلی کے 5 اراکین کی رکنیت گوشوارے جمع نہ کرانے پر معطل کی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن نے گوشوارے جمع نہ کرانے پر قومی و صوبائی اسمبلیوں اور سینیٹ کے 139 ارکین کو معطل کر دیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق سینیٹر عبدالقدوس اور سینیٹر قاسم کی رکنیت معطل کر دی گئی، قومی اسمبلی کے 16 اور پنجاب اسمبلی کے 68 اراکین کی رکنیت معطل ہو گئی۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کے 33، سندھ اسمبلی کے 15 اور بلوچستان اسمبلی کے 5 اراکین کی رکنیت گوشوارے جمع نہ کرانے پر معطل کی گئی ہے۔

عمر ایوب نے اتحادیوں کو مذاکراتی کمیٹی کے اجلاس کی کارروائی پر اعتماد میں لیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے اتحادیوں کو مذاکراتی کمیٹی کے اجلاس کی کارروائی پر اعتماد میں لیا جبکہ اپوزیشن نے سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطے (بقیہ نمبر 62)

ورلڈ اکنامک فورم کا پاکستان کی معاشی صورتحال پر اعتماد کا اظہار

پاکستان نے درست اقدامات کی بدولت معاشی کامیابیاں حاصل کیں، گلوبل رسک رپورٹ

کراچی (این این آئی) ورلڈ اکنامک فورم کی گلوبل رسک رپورٹ میں پاکستان کی معاشی صورتحال پر قابل اطمینان نقطہ نظر اور اعتماد کا اظہار کیا گیا ہے۔ ڈبلیو ای ایف نے گلوبل (بقیہ نمبر 12)

موسمیاتی تبدیلی، عالمی سطح پر مستحکم حکمت عملی کی ضرورت ہے، رومینہ خورشید

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی معاون برائے موسمیاتی تبدیلی، رومینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات (بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، وزیراعظم کی نمائندہ خصوصی رومینہ خورشید عالم تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

کرم کے لئے جانے والے تیسرے قافلے پر راکٹ حملہ، گاڑیاں واپس روانہ

دوائیں لانے، مریضوں کی منتقلی کے لیے ہیلی کاپٹر سروس 10 روز سے بند ہے، ضلعی انتظامیہ کو لیٹر بھیجا ہوا ہے، ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) ضلع کرم کیلئے ٹل کینٹ سے جانے والے امدادی قافلے پر راکٹ حملہ کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ضلع کرم کے علاقے بگن جانے والے قافلے پر راکٹ حملہ کیا گیا جس سے ایک گاڑی کو نقصان پہنچا ہے۔ پولیس حکام کا بتانا ہے کہ واقعہ میں اب تک کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں، قافلے میں شامل گاڑیاں واپس ٹل روانہ ہو گئی ہیں۔ اس سے قبل کرم کے لیے تیسرے قافلے کے پہلے مرحلے میں 35 مال بردار گاڑیاں (بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے آغا خان ڈویلپمنٹ کے نمائندہ خصوصی ملاقات کر رہے ہیں

26 ویں آئینی ترمیم سے متعلق کیس کی سماعت کرنیوالا بنچ ٹوٹ گیا

جسٹس عقیل سندھ ہائی کورٹ میں اس کیس کا فیصلہ کر چکے ہیں، جسٹس منصور علی شاہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں 26 ویں آئینی ترمیم سے متعلق کیس سننے والا بنچ ٹوٹ گیا۔ 26 ویں آئینی ترمیم سے متعلق کیس کی سماعت جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی (بقیہ نمبر 17)

قانون معطل کر کے کیسے حکم امتناع جاری کیا جا سکتا ہے؟ سندھ ہائی کورٹ

26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف شاہد خاقان کی درخواست پر سماعت غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کی درخواست پر سماعت غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دی ہے۔ جمعرات کو سندھ ہائی کورٹ میں چیف جسٹس جسٹس محمد شفیع صدیقی نے 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف عوام (بقیہ نمبر 9)

پاکستان ای او ون سیٹلائٹ آج لانچ کرے گا

سیٹلائٹ کو ڈیزاسٹر ریسپانس، زراعت، شہری منصوبہ بندی کیلئے اہم ڈیٹا فراہم کرنے کیلئے ڈیزائن کیا گیا

لاہور (این این آئی) اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) اپنے مقامی الیکٹرو آپٹیکل سیٹلائٹ (ای او ون) کو آج (جمعہ) کے روز لانچ کرے گا۔ پاکستان کے (بقیہ نمبر 11)

بیرسٹر گوہر کی آرمی چیف سے ملاقات کی تصدیق، مثبت پیشرفت کا دعویٰ

میری اور علی امین گنڈاپور کی آرمی چیف سے ملاقات ہوئی، تمام مطالبات رکھے، دوسری جانب سے مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے، میڈیا سے گفتگو

میرا ایمان بہت مضبوط، کوئی شبہ ہوتا تو مذاکراتی کمیٹی کا حصہ نہ بنتا، جو کچھ ہوگا مذاکراتی کمیٹی کے ذریعے سب کے سامنے ہوگا، وزیر اعلیٰ کے پی گنڈاپور

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے آرمی چیف سے ملاقات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ میری اور علی امین گنڈاپور کی آرمی چیف سے ملاقات ہوئی ہے، آرمی چیف کے سامنے پی ٹی آئی کے تمام مطالبات رکھے ہیں، دوسری جانب سے مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میری اور علی امین گنڈاپور کی آرمی چیف سے (بقیہ نمبر 18)

چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے مکران بار ایسوسی ایشن کے وکلاء کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

مریم نواز ہیلتھ کلینک کے لئے منتخب ڈاکٹروں کی آپریشنل ٹریننگ بنیادی مراکز صحت کی نجکاری نہیں، آؤٹ سورسنگ کی گئی ہے، خواجہ عمران نذیر

ماڈل کامیاب ہونے کی صورت میں مزید مراکز صحت کو اس نظام کے تحت چلائیں گے، وزیر صحت پنجاب

آؤٹ سورس ماڈل کی کامیابی کی صورت میں ڈاکٹرز کو مزید مراعات دیں گے

...ced Operational
...to Service Providers
...yam Nawaz
...lth Clinics
...wborn & Child Care,

صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر مریم نواز ہیلتھ کلینک کے لئے منتخب نوجوان ڈاکٹرز کے ٹریننگ سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ اعلی پنجاب مریم نواز کے ویژن کے تحت ڈاکٹرز کو مالی طور پر مضبوط کریں گے۔ بنیادی مراکز صحت کی نجکاری نہیں، آؤٹ سورسنگ کی گئی ہے جس کے تحت کمیونٹی کو جدید اور بہتر انداز میں طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ سٹیٹ اف آف دی آرٹ مریم نواز ہیلتھ کلینک بنائے گئے ہیں، ڈاکٹرز کے لئے سنہری موقعہ ہے کہ اس ماڈل کو کامیاب بنائیں۔ صوبائی وزیر صحت نے ان خیالات کا اظہار مریم نواز ہیلتھ کلینک کیلئے منتخب نوجوان ڈاکٹرز کے لئے مقامی ہوٹل میں آپریشنل ٹریننگ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ٹریننگ سیشن کے دوران منتخب شدہ ڈاکٹرز کو مریم نواز ہیلتھ کلینک کی آپریشنل منیجمنٹ کے مکمل طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا۔ وزیر صحت پنجاب نوجوان ڈاکٹرز سے ملے، انہیں مریم نواز ہیلتھ کلینک کی حوالگی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آؤٹ سورس ماڈل کی کامیابی کی صورت میں ڈاکٹرز کو مزید مراعات دیں گے۔ ہیلتھ کلینک میرٹ، تجربہ اور پروفیشنل مہارت کی بنا پر نوجوان ڈاکٹرز کے حوالہ کئے گئے ہیں۔ خواجہ عمران نذیر کا کہنا ہے کہ مریم نوازشریف نے تمام بنیادی و دیہی مراکز صحت کی ریویمپنگ کے لئے خطیر بجٹ فراہم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز ہیلتھ کلینک انسانیت کی خدمت سے سرشار نوجوان ڈاکٹرز کو آؤٹ سورس کیئے گئے ہیں۔ مقامی ڈاکٹرز کو اس سلسلہ میں ترجیح دی گئی ہے۔ وزیر صحت پنجاب نے کہا کہ ڈاکٹرز ہیلتھ کلینک کو اپنا کلینک سمجھ کر عوام کی خدمت کریں۔ یہ منصوبہ ہیلتھ ڈیلوری میں گیم چینجر ثابت ہوگا۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ ہیلتھ سسٹم کو موجود خامیوں سے پاک کرنے کے لئے نئے ماڈل متعارف کروائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے سی ای اوز ہیلتھ کو ہدایت کہ مریم نواز ہیلتھ کلینک میں دستیاب سہولیات کے متعلق نمایاں جگہ پر ایک ہی ڈیزائن میں پینا فلیکس آویزاں کریں۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت نادیہ ثاقب نے کہا کہ نوجوان ڈاکٹرز کو مریم نواز ہیلتھ کلینک اسی ہفتے حوالے کیئے جا رہے ہیں۔ اگلے سوموار کو ہیلتھ کلینک باقاعدہ کام شروع کردیں گے۔ انہوں نے سی ای اوز ہیلتھ کو ہدایت کی کہ مریم نواز ہیلتھ کلینک میں ڈاکٹرز کو کسی قسم کا کوئی مسئلہ نہ پیش آئے۔ پی ڈی آئی آر ایم این سی ایچ ڈاکٹر خلیل موجود تھے۔

یہ معاہدہ اسرائیل کے مظالم اور جنگی جرائم کے خلاف فلسطینی عوام کے صبر واستقامت کی روشن مثال ہے، ڈاکٹر مزمل ہاشمی

لاہور (خبر نگار) مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کے معاہدے کو فلسطینی عوام کی عظیم قربانیوں اور ان کی شاندار مزاحمت کی فتح قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ معاہدہ اسرائیل کے مظالم اور جنگی جرائم کے خلاف فلسطینی عوام کے صبر واستقامت کی روشن مثال ہے۔ مسلم ممالک سے اپیل کی کہ وہ فلسطینی عوام کی بحالی اور ان کی مدد کے لیے عملی اقدامات کریں۔ جنگ بندی مسئلہ فلسطین کا حل نہیں ہے بلکہ عالمی برادری کو ایک مستقل حل کے لیے متحد ہونا ہوگا، جس میں فلسطینیوں کو ان کا حق خود ارادیت دیا جائے اور آزاد ریاست کا قیام یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ ہاؤس سے جاری کردہ بیان میں کیا۔ جنرل سیکرٹری لاہور ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے فلسطینی شہداء، مزاحمت کاروں اور ان کے اہل خانہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان قربانیوں نے فلسطینی کاز کو ہمیشہ زندہ رکھا ہے۔ مسلم امہ کو فلسطینیوں کے حقوق کی بحالی کے لیے مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا جا سکے کہ مظلوم کے ساتھ کھڑا ہونا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ فلسطینی عوام کے حقوق اور ان کے نصب العین کی بھرپور حمایت جاری رکھے گی

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا سٹیزن فیسلیٹیشن سنٹر کا دورہ

سفلڈ اور نان سفلڈ فائلوں کی پراسیسنگ کا جائزہ لیا، ڈی جی ایل ڈی اے نے سٹیزن فیسلیٹیشن سنٹر میں تعینات عملے کی کارکردگی اور آن لائن نقشوں کی منظوری کا جائزہ لیا

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے سٹیزن فیسلیٹیشن سنٹر کا دورہ کیا اور سفلڈ، نان سفلڈ فائلوں کی پراسیسنگ کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے شہریوں کے مسائل سنے اور نان سفلڈ فائلوں کی پراسیسنگ میں تاخیر پر ناراضگی کا اظہار کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے افسران کو پینڈنسی ختم کرنے کے لیے اضافی اوقات میں کام کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنا اولین ترجیح ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے سٹیزن فیسلیٹیشن سنٹر میں تعینات عملے کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر (ڈی جی ہیڈکوارٹرز) آصف حسین اور چیف آئی ٹی آفیسر عبدالباسط نے ڈی جی ایل ڈی اے کو بریفنگ میں بتایا کہ ایل ڈی اے سٹیزن فیسلیٹیشن سنٹر کو پلس کے ساتھ انٹیگریٹ کیا جارہا ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے پلس کے ساتھ انٹیگریشن کے سسٹم کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے ای خدمت کاؤنٹر کا بھی دورہ کیا اور آن لائن نقشوں کی منظوری کے پراسس کا بھی جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے سنٹرل کنٹرول روم کے تعمیراتی کام آئندہ ہفتے مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

یو ای ٹی لاہور نے افرہ لیاقت اور تحسین الٰہی کو الیکٹریکل انجینئرنگ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری جاری کردی

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور نے افرہ لیاقت کو الیکٹریکل انجینئرنگ میں ”ڈسٹری بیوٹڈ ڈائنامکس آپٹیمائزیشن فار ملٹی ایجنٹ سسٹمز“ کے موضوع پر، جبکہ تحسین الٰہی کو ”الٹرا وائڈ بینڈ گیپ مٹیریل پاور ڈیوائسز پر مبنی ہائی پاور فاسٹ چارجنگ اسٹیشن ڈیزائن اور کارکردگی کا تجزیہ“ کے موضوع پر پی ایچ ڈی مقالے کی تکمیل کے بعد، پی ایچ ڈی کی ڈگری جاری کردی ہے۔

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام فلاحی منصوبہ ہے: ڈی سی حافظ آباد

شفاف طریقہ کار کے ذریعے بذریعہ قرعہ اندازی شہریوں کو اپنا گھر تعمیر کرنے کے لیے بلاسود قرضے دیئے گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام وزیر اعلیٰ مریم نواز کا ایک تاریخی عوامی فلاحی منصوبہ ہے جس کے تحت میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے ذریعے بذریعہ قرعہ اندازی شہریوں کو اپنا گھر تعمیر کرنے کے لیے بلاسود قرضے دیئے گئے اور اب شہری اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی عملی تکمیل کے ساتھ اپنے نئے گھروں میں رہنے کا خواب پورا کر رہے ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت تعمیر ہونے والے گھروں کے دورہ کے موقع پر کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے حکومت پنجاب کے اس تاریخی عوامی فلاحی منصوبے کے تحت تعمیر ہونے والے گھروں کی تکمیل اور تعمیراتی معیار کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ موجودہ پنجاب حکومت اور وزیر اعلیٰ مریم نواز کے عوامی ویژن کے تحت شروع کیے جانے والے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام نہ صرف صوبہ پنجاب بلکہ ملکی تاریخ کا سب سے بڑا اور عوام دوستی پر مشتمل پروگرام ہے، جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں عوام کے لیے اپنا گھر تعمیر کرنا انتہائی مشکل ہوتا جا رہا ہے، لیکن عوامی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے ذریعے اس مشکل کو آسان بنا دیا۔ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت گھر تعمیر کرنے والے خوش نصیب افراد کا کہنا تھا کہ آج کے مشکل دور میں اپنا گھر تعمیر کرنا ایک خواب تھا، جسے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پورا کر دیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور حکومت پنجاب کے شکر گزار ہیں جن کی بدولت ہمارے گھروں کی تعمیر مکمل ہوئی۔

علماء نوجوان نسل کو الحادی فکر سے بچائیں: چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

لاہور (پ ر) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ علماء نوجوان نسل کو الحادی فکر سے بچائیں۔ دین کا درست اور حقیقی تصور پیش کرنا آج کے دور کا سب سے بڑا چیلنج ہے۔ بطور مسلمان ہمیں اپنی زندگیوں میں اسلامی اقدار اور اخلاقی اصولوں کو اپنانا ہوگا۔ علماء کو نوجوانوں کے ذہنوں میں پیدا ہونے والے سوالات کا جواب دینے کی پوری کوشش کرنی چاہیے۔ فارغ التحصیل طلبہ اور علماء اپنے اندر علمی مضبوطی اور روحانیت پیدا کریں۔ ہم حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ پاکستانی عوام فلسطینی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور گزشتہ کئی دہائیوں سے اسرائیلی جارحیت کے خلاف جدوجہد میں اپنی جان و مال کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ نعیمیہ میں سالانہ ختم بخاری شریف کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ختم بخاری شریف کا آخری سبق شیخ الحدیث علامہ غلام رسول قاسمی نے پڑھایا۔ تقریب میں شیخ الحدیث مفتی عبدالعلیم سیالوی، مفتی انور القادری، مولانا غلام نصیر الدین چشتی، مولانا محبوب احمد چشتی، ڈاکٹر سلیمان قادری سمیت دینی اساتذہ وطلبہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ جامعہ نعیمیہ میں سالانہ ختم بخاری شریف کی خوشی میں منعقد کی جا رہی ہے۔ یہ دن ہمارے لیے خوشی کا دن ہے۔

سالانہ تقریب سعید ختم بخاری شریف
2024-25

ضلعی انتظامیہ لاہور متحرک/بڑی کارروائی، چوری میں ملوث عناصر کی پکڑ دھکڑ

ڈی سی لاہور کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر راوی زون اور اسسٹنٹ کمشنر شالیمار کا مشترکہ آپریشن

لاہور (خبر نگار) ڈی سی لاہور کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر راوی زون اور اسسٹنٹ کمشنر شالیمار نے مشترکہ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران بڑی تعداد میں مین ہولز کے ڈھکن برآمد ہوئے۔ جھگیاں بھمبہ کے علاقے میں وحید اینڈ کمپنی سے مین ہول ڈھکن برآمد ہوئے۔ اسسٹنٹ کمشنرز نے بروقت کارروائیاں کرتے ہوئے مین ہول ڈھکن قبضے میں لے کر وحید کمپنی ویئر ہاؤس کو سیل کر دیا۔ وحید اینڈ کمپنی کے مالک کے خلاف مقدمہ کا اندراج کروا دیا۔ کارروائی کے دوران ویئر ہاؤس کے مینجر کو موقع پر حراست میں لیا گیا۔ ڈی سی لاہور نے اپیل کی کہ شہری مین ڈھکن ہول چوری کی فوری اطلاع ڈی سی آفس کو دیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ شہری ڈی سی آفس کنٹرول روم نمبر 03070002345 پر فوری اطلاع دیں، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ لاہور شہریوں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے دن رات کوشاں ہیں

اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کا تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کا تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن، تجاوزات قائم کرنے پر 14 دوکانیں سیل کر دیں جبکہ ریلوے اسٹیشن کے ساتھ وسیع پیمانے پر تجاوزات کو ختم کروا دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ کے ستھراء پنجاب پروگرام کے تحت حافظ آباد میں میونسپل کمیٹی کی جانب سے تجاوزات کے خلاف آپریشن کلین اپ جاری ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض اور سی او ایم سی اکرام اللہ سندھو نے ریلوے اسٹیشن میں پھاٹک کے اطراف وسیع پیمانے پر آپریشن کرتے ہوئے تجاوزات کا خاتمہ کر وا دیا گیا۔ ریلوے لائن کے اطراف قائم تجاوزات سے کسی بھی حادثہ کا خدشہ رہتا تھا۔ دوسری جانب میونسپل کمیٹی کی انسداد تجاوزات ٹیموں نے فوارہ چوک، الفیصل بازار، گوجرانوالہ روڈ اور دیگر مارکیٹوں، بازاروں میں تجاوزات قائم کرنے پر 14 دوکانیں سیل کر دیں۔

ستھرا پنجاب پروگرام کو خوش آئند قرار دیتا ہوں: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے پلاسٹک اشیا کی ری سائیکلنگ و استعمال کے حوالے سے پلاسٹک ایپ کی لانچنگ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ ہمارے اردگرد پڑی پلاسٹک ایک ڈراونا خواب کی طرح ہیں۔ ستھرا پنجاب پروگرام کو خوش آئند قرار دیتا ہوں۔ ہمارے دیہات اور ٹاؤن ایک ذلت آمیز زندگی گزار رہے ہیں ہمیں بنیادی میونسپل سہولیات نہیں ملتیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب ستھرا پنجاب پروگرام کا باقاعدہ آغاز کرچکی ہے۔ اس ایپ کو پنجاب حکومت کے پراجیکٹ کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے، اس سے بڑی کامیابی ملے گی۔ موجودہ حکومت نے ایک شاندار قدم اٹھایا ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ میں ہمیشہ سے مکمل طور پر پلاسٹک بیگز پر پابندی عائد کرنے کے حق میں تھا۔ ہر طرف ہر جگہ پر پلاسٹک بیگز نظر آتے تھے۔ پلاسٹک بیگ ایک اہم مسئلہ ہے جو زندگی کے تمام شعبوں میں نظر آتا ہے

شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 393 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 393 وارداتیں رپورٹ۔ پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 13 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو شہر میں اسلحے کے زور پر مختلف مقامات پر 19 افراد سے لاکھوں روپے، شہریوں سے موٹر سائیکلیں، ایک شہری سے دیگر وہیکل اور موبائل فونز چھین کر لے گئے۔ جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 20 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہوگئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 37 موٹر سائیکلیں، 1 کار، 4 دیگر وہیکل ی۔

کوٹ لکھپت کے علاقے نامعلوم افراد نومولود بچہ چھوڑ کر فرار ہوگئے

لاہور (کرائم رپورٹر) کوٹ لکھپت کے علاقے نا معلوم افراد نومولود بچہ چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے، بچے کو چلڈرن ہسپتال منتقل کر کے نامعلوم خاتون کی تلاش شروع کردی تفصیلات کے مطابق کوٹ لکھپت کے علاقے نامعلوم افراد آشیانہ روڈ حاکم چوک شمع کالونی کے قریب سڑک کنارے نومولود بچے کو پھینک کر فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس نے بچے کو چلڈرن ہسپتال منتقل کر کے نامعلوم خاتون سمیت دیگر کی تلاش شروع کردی دوسری جانب وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر چیئر پرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے ہ آشیانہ روڈ پر نومولود بچہ ملانے کے معاملہ کا نوٹس لیتے ہوئے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی ٹیم کو نومولود بچے کو فوری تحویل میں لینے کی ہدایت کی ہے۔ سارہ احمد کے مطابق ریسکیو نے نومولود بچے کو چلڈرن ہسپتال میں منتقل کردیا گیا ہے۔

مصطفیٰ آباد انویسٹیگیشن پولیس نے 25 سالہ نوجوان شہری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے ملزمان گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مصطفیٰ آباد انویسٹیگیشن پولیس نے 25 سالہ نوجوان شہری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے ملزمان گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق مصطفیٰ آباد کے علاقے میں چند روز قبل نوجوان کے قتل کی واردات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان اصغر نے پولیس ٹیم کو فوری ملزمان گرفتار کرنے کا ٹاسک دیا تھا جس پر مصطفیٰ آباد انویسٹیگیشن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے لین دین کے معاملے پر محمد عاصم کو فائرنگ کر کے بے دردی سے قتل کرنے والے ملزمان وقاص عرف کاشی گجر اور نعیم عرف چاند گجر کو جدید ٹیکنالوجی سمیت سی سی ٹی وی کیمروں اور آئی ٹی ایکسپرٹ کی مدد سے گرفتار کر کے آلہ قتل برآمد کرلیا

شہر بھر میں لگے بغیر این او سی اور غیر قانونی سائن بورڈ کسی بڑے خطرے سے کم نہیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) شہر بھر میں لگے بغیر این او سی اور غیر قانونی سائن بورڈ کسی بڑے خطرے سے کم نہیں اور شہر کی بدصورتی میں کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ مبینہ طور پر ہائیکورٹ نے شہر میں بڑے بڑے دیو ہیکل سائن بورڈ لگانے پر پابندی عائد کی ہوئی ہے کیونکہ یہ سائن بورڈ بجلی کی تاروں کے نیچے یا پلازوں کی چھتوں پر لگائے گئے ہیں

پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں پائلٹ فیز کے دوران 90 فیصد کامیابی حاصل ہوگئی

وزیر صحت پاکستان پوسٹ معاہدے کے تحت ادویات کی فراہمی کے نظام کو مزید بہتر بنا رہا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبر نگار) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے کینسر اور امراض قلب میں مبتلا مریضوں کو گھروں تک ادویات کی فراہمی کے منصوبے کے بہترین نتائج آنا شروع ہو گئے۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں پائلٹ فیز کے دوران 90 فیصد کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ پاکستان پوسٹ معاہدے کے تحت ادویات کی فراہمی کے نظام کو مزید بہتر بنا رہا ہے۔ ادویات کی فراہمی میں مریضوں کے عدم پتہ ہونے کی وجہ سے صرف 1.5 فیصد مشکلات آرہی ہیں۔ 98.5 فیصد مریضوں تک مفت ادویات کی فراہمی اس معاہدے کی کامیابی کو ثابت کررہی ہے۔ گنجان آباد علاقوں میں بسنے والے مریضوں نے ادویات کی وصولی پر انتہائی خوشی کا اظہار کیا ہے۔ انشاءاللہ آئندہ چند دنوں میں صوبہ بھر کے 13 منتخب شدہ سرکاری ہسپتالوں میں اس پراجیکٹ کو مکمل فعال کردیا جائے گا۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے

شراب فروش اور نشے کی حالت میں غل غپاڑہ کرنیوالے 14 ملزمان گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ نے شہر کے مختلف علاقوں سے شراب فروش اور نشے کی حالت میں غل غپاڑہ کرنیوالے 14 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق ڈولفن اسکواڈ نے مختلف علاقوں سے سٹاپ اینڈ سرچ کے دوران شراب فروش اور نشے کی حالت میں غل غپاڑہ کرنیوالے 14 ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے شراب کی 13 بوتلیں برآمد کر کے انہیں مزید تفتیش کے لیے متعلقہ تھانوں کے حوالے کردیا

سرگودھا کی سلانوالی کے قریب ڈمپر اور سکول وین کے درمیان خوفناک تصادم

دو طالبات، ایک لیڈی ٹیچر اور ڈرائیور سمیت چار افراد جاں بحق ہوگئے



سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) سرگودھا کی سلانوالی کے قریب ڈمپر اور سکول وین کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں دو طالبات، ایک لیڈی ٹیچر اور ڈرائیور سمیت چار افراد جاں بحق ہوگئے۔ حادثے میں آٹھ افراد زخمی بھی ہوئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق سکول وین بچوں کو لے کر گاؤں 132 جنوبی جا رہی تھی کہ یہ واقعہ پیش آیا۔ سرگودھا کے نواحی علاقے سلانوالی میں گزشتہ روز ایک خوفناک حادثہ پیش آیا، جہاں ڈمپر اور سکول وین کے درمیان تصادم ہوا۔ حادثے کے نتیجے میں دو طالبات، ایک لیڈی ٹیچر اور ڈرائیور سمیت چار افراد موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں آٹھ افراد زخمی ہوئے، جنہیں فوری طور پر قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو اہلکاروں کا کہنا ہے کہ سکول وین بچوں کو لے کر گاؤں 132 جنوبی جا رہی تھی جب یہ افسوسناک واقعہ پیش آیا۔ حادثے کی وجوہات معلوم کی جا رہی ہیں



حکومت بجلی کی قیمتیں فوری طور پر کم کرے، عابد حسین عوام کو ریلیف نہ ملا تو پیپلز پارٹی کے پاس تمام آپشن موجود ہیں

لاہور (خبر نگار) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما عابد حسین صدیقی نے کہا ہے کہ حکومت بجلی کی قیمتیں فوری طور پر کم کرے، آئی پی پیز معاہدوں پر پیش رفت سے عوام کو آگاہ کیا جائے عام عوام کو حکومت کی طرف سے سولر سسٹم دیئے جائیں عوام کو ریلیف نہ ملا تو پیپلز پارٹی کے پاس تمام آپشن موجود ہیں ہم پوری طاقت سے عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کا آغاز کریں گے، تاہم اس سے پہلے حکومت کے پاس وقت ہے کہ بجلی کے ٹیرف میں خود ہی کمی کر دے۔ انہوں نے کہا کہ یہ انتہائی شرم کا مقام ہے کہ جس روز گیس کی قیمتوں میں 25 فیصد اضافہ کا اعلان کیا گیا، اسی روز ممبران پنجاب اسمبلی نے اپنی تنخواہوں میں ہزار فیصد تک اضافہ کر دیا حکمران اشرافیہ اپنی مراعات کم کرنے کو تیار نہیں، تنخواہیں بڑھا رہی ہے جب کہ دوسری طرف عوام کا خون نچوڑا جا رہا ہے معیشت کی صورت حال سے متعلق گمراہ کن اعداد و شمار پیش کیے جا رہے ہیں معیشت میں بہتری تب آئے گی

شاہدرہ پولیس نے لاکھوں مالیت کی منشیات کی ترسیل ناکام کردو ملزمان کو منشیات سمیت گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شاہدرہ پولیس نے لاکھوں مالیت کی منشیات کی ترسیل ناکام کردو ملزمان کو منشیات سمیت گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق شاہدرہ پولیس نے کاروائی کے دوران منشیات کی سپلائی لانے والے ملزم زبیر کے قبضہ سے 6200 گرام چرس جبکہ ملزم اعظم کے قبضہ سے تین بھرے پیکٹ چرس کے برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان لاہور سمیت پنجاب کے دیگر شہروں میں منشیات فروخت کرنے کے لیے قیمتی گاڑیوں کا استعمال کرتے تھے ان زیر استعمال گاڑیوں کو بھی پولیس تحویل میں لیا گیا ہے

کامیابی کا راز جدوجہد میں پوشیدہ ہے: پرنسپل زمان چیمہ

اگر ہم پوری لگن اور طاقت سے اپنی منزل کی طرف بڑھیں تو دنیا کی کوئی طاقت ہمیں کامیاب ہونے سے روک نہیں سکتی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) کامیابی کا راز جدوجہد میں پوشیدہ ہے۔ ہر آزادی کے پیچھے ایک قائداعظم جیسا لیڈر موجود ہوتا ہے۔ اگر ہم پوری لگن اور طاقت سے اپنی منزل کی طرف بڑھیں تو دنیا کی کوئی طاقت ہمیں کامیاب ہونے سے روک نہیں سکتی۔ ان خیالات کا اظہار پرنسپل محمد زمان چیمہ نے بچوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسمبلی کا موضوع سخن قائداعظم محمد علی جناح تھا۔ قائداعظم کی خدمات کے حوالے سے اپنے لیڈر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج حافظ آباد میں دعائے مغفرت کی گئی۔ بچوں نے تقاریر اور ٹیبلو کے ذریعے اپنے عظیم لیڈر کی شان بیان کی۔ پرنسپل ادارہ محمد زمان چیمہ نے بچوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بحیثیت قوم ہم قائداعظم کی خدمات کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ زندہ اور باشعور قومیں اپنے قومی ہیروز کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں ان کے بتائے ہوئے راستے پر چل کر منزل کا تعین کرتی ہیں۔

کمرشل فیس نادہندگان، غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ایل ڈی اے کی خصوصی مہم جاری

سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، بیکری، شوروم، فوڈ پوائنٹ، ورکشاپ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر بھرپور آپریشن جاری ہے۔ غیر قانونی کمرشل عمارتوں و کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف جاری آپریشن میں ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز مختلف علاقوں میں کارروائیاں کر کے 80 املاک سربمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے علامہ اقبال ٹاؤن، شادمان، گلشن راوی، کینال روڈ کے اطراف میں کارروائیاں کیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے علامہ اقبال ٹاؤن میں 35، شادمان، گلشن راوی، کینال روڈ کے اطراف میں 45 املاک سیل کر دیں۔ سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، بیکری، فوڈ پوائنٹ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن سے پہلے ان املاک کو متعدد نوٹسز دیئے گئے تھے۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر ون اسد الزمان کی زیر نگرانی کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں

کمشنر لاہور نے لاہور ڈویژن اضلاع میں پیرا کے تحت بننے والے انفورسمنٹ اسٹیشنز کی بلڈنگز کے حوالے سے پلاننگ کا جائزہ لیا

جنرل ایگریںوگرام کے مطابق ڈویژنل سطح پر 72، ضلعی سطح پر 69 اور تحصیل سطح پر 45,40 کا سٹاف ہوگا

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود کی زیر صدارت پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) کے تحت لاہور ڈویژن اضلاع میں بننے والے انفورسمنٹ اسٹیشنز کی بلڈنگز کے حوالے سے پلاننگ کا جائزہ لیا گیا۔ ڈی جی پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کیپٹن ر فرخ عتیق نے انفورسمنٹ اسٹیشنز تفصیلات بارے آگاہ کیا کہ انفورسمنٹ اسٹیشنز (انفورسمنٹ تھانہ) ڈویژنل، ضلعی اور تحصیل کی سطح پر علیحدہ بلڈنگ میں بنیں گے، جنرل ایگریںوگرام کے مطابق ڈویژنل سطح پر 72، ضلعی سطح پر 69 اور تحصیل سطح پر 45,40 کا سٹاف ہوگا، ضلعی سطح پر پیرا کے ڈسٹرک بورڈ میں متعلقہ ڈی پی او بھی شامل ہونگے، انفورسمنٹ اسٹیشنز میں ایس این اے ز اور پراسیکیوٹرز بھی ٹیم کا حصہ ہونگے، ایسی بلڈنگز کو فائنل کیا جائے جن کو مستقل بنیادوں پر اسٹیشنز بنایا جاسکے، ڈی جی پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی نے مزید کہا کہ پیرا کے تحت تمام ڈسٹرک بورڈز نوٹیفائی ہوچکے ہیں، بھرتی میں شفافیت کیلئے اسٹینڈرڈ بنائے گئے ہیں۔ کمشنر لاہور ڈویژن نے چاروں اضلاع کے ڈی سیز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ انفورسمنٹ اسٹیشنز کیلئے مہیا کردہ تفصیلات کے مطابق بلڈنگز پلان کو حتمی بنایا جائے، تمام ڈی سیز ایکسینیز اور ڈویلپمنٹ افسران کی مشاورت سے بلڈنگز کو فائنل کر کے پلان بھجیں۔ اجلاس میں ڈی جی پیرا کیپٹن ر فرخ عتیق، ایڈیشنل کمشنر عبدالسلام عارف، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ جاوید رشید چوہان و متعلقہ افسران نے شرکت کی جبکہ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا، ڈی سی شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ، ڈی سی قصور کیپٹن ر محمد اورنگزیب، ڈی سی ننکانہ تسلیم راو، تمام اے ڈی سی جیز اور ڈویلپمنٹ افسران نے بزریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی



کمشنر لاہور زید بن مقصود پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی(پیرا) کے تحت بننے والے انفورسمنٹ اسٹیشنز کی بلڈنگز کے حوالے سے پلاننگ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

دھرم پورہ کے علاقے میں نامعلوم افراد نے 70 سالہ خاتون کو مبینہ طور پر زیادتی کا نشانہ بنادیا

لاہور (کرائم رپورٹر) دھرم پورہ کے علاقے میں نامعلوم افراد نے 70 سالہ خاتون کو مبینہ طور پر زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ تھانہ مصطفیٰ آباد میں 2 نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق سکیورٹی گارڈ کے یونیفارم میں ملبوس شخص نے خاتون کو تشدد اور زیادتی کا نشانہ بنایا، خاتون کا کہنا ہے کہ وہ رکشہ میں سوار ہو کر جا رہی تھی کہ دھرم پورہ کے قریب گارڈ کی وردی میں ملبوس شخص نے چیکنگ کے بہانے روکا اور ریلوے پھاٹک کے قریب لے جا کر خاتون سے زیادتی کی اور اس سے 70 ہزار روپے چھین کر فرار ہو گئے۔ ایف آئی آر کے مطابق خاتون سے مبینہ زیادتی کے دوسرے ملزم کی عمر 26 سال کے لگ بھگ ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کی کوششیں جاری ہیں۔

چوکی پنجاب سوسائٹی پولیس نے اوایل ایکس ایپ سے کسٹمرز کو دھوکہ دیکر قیمتی موبائل چھین کر فرار ہونے والا خاتون ملزمہ پر مشتمل گینگ گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی پنجاب سوسائٹی پولیس نے اوایل ایکس ایپ سے کسٹمرز کو دھوکہ دیکر قیمتی موبائل چھین کر فرار ہونے والا خاتون ملزمہ پر مشتمل گینگ گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق چوکی پنجاب سوسائٹی پولیس نے خفیہ اطلاع پر کاروائی کے دوران OLX پر کسٹمرز کو بلا کر قیمتی موبائل چھینکر فرار ہونے والے 3 ملزمان شکیل عرف خلیفہ، اصطفی اور خاتون ملزمہ کائنات کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے مجموعی طور پر 10 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ جس میں 07 موبائل فونز، ایپل میک بک، پستول و درجنوں گولیاں۔ 02 لاکھ روپے نقدی شامل ہے برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے

فیصل ٹاؤن پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے موٹر سائیکل چور گروہ گرفتار کر کے مال مسروقہ برآمد کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) فیصل ٹاؤن پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے موٹر سائیکل چور گروہ گرفتار کر کے مال مسروقہ برآمد کرلیا تفصیلات کے مطابق فیصل ٹاؤن پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیجز کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو ٹریس کر کے مانگا منڈی سے گرفتار کر کے ملزمان سے 3 چوری شدہ موٹر سائیکلیں اور پستول برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان مختلف مارکیٹس میں ریکی کر کے موٹر سائیکلیں چورا کر رفو چکر ہوجاتے تھے، پولیس کو ملنے والی سی سی ٹی وی فوٹیج میں 1 ملزم کو موٹر سائیکل چورا کر فرار ہوتے دیکھا جاسکتا ہے

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے تحصیل راوی زون کے مختلف مقامات کے دورے

لاہور: ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کا نین سکھ میں لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے تحت جاری ترقیاتی کام کا معائنہ

لاہور (خبر نگار) ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے تحصیل راوی زون کے مختلف مقامات کے دورے کیے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے نین سکھ میں لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے تحت جاری ترقیاتی کام کا معائنہ کیا۔ سی او ایم سی ایل شاہد عباس کاٹھیا، اسسٹنٹ کمشنر راوی زون طارق شبیر، ڈپٹی سی او ایل ڈبلیو ایم سی و دیگر بھی ڈی سی لاہور کے ہمراہ تھے۔ ڈی سی لاہور کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے تحت مثبت پیشرفت ہے۔ ڈی سی لاہور نے ہدایت کی کہ کام کا معیار بہتر اور تکمیل بروقت ہونی چاہئے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ لاہور ڈویلپمنٹ پلان کی کامیابی کے لیے کاوشیں جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور ڈویلپمنٹ پلان میں شفافیت کو برقرار رکھا جائے، کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ڈی سی لاہور لاہور سید موسیٰ رضا نے بیگم کوٹ اور سگیاں پل کے اطراف میں صفائی اقدامات کا جائزہ لیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ صفائی میکانزم میں بہتری کے لئے ٹیمیں فیلڈ میں متحرک ہیں۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ کوڑا کرکٹ کو جلایا نہ جائے اور فی الفور اٹھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گلی، محلوں میں پڑے ہوئے گندگی کے ڈھیر اٹھائے جائیں۔ ڈی سی لاہور نے سڑک کنارے وفٹ پاتھ پر قائم تجاوزات کو بھی فی الفور ہٹانے کی ہدایت کی۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ تجاوزات ہرگز قائم نہ ہونے دی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک مسائل کا حل فقط تجاوزات کا خاتمہ ہے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ تجاوزات پر زیرو ٹالرینس پالیسی اپنائی جائے اور بینرز، اسٹریمرز و پوسٹرز بھی اتروائے جائیں، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ شہری خوبصورتی کو نمایاں کرنے کے لئے تمام میسر وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

کھاد بیج زرعی ادویات
جٹ زرعی کارپوریشن

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:20
فجر	6:10
ظہر	1:30
عصر	4:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)17 جنوری 2025ء

صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کا گوجرانوالہ کا دورہ

گرجاکھ کے علاقہ میں سابق تانگہ اسٹینڈ کی جگہ پارک بنانے کیلئے تعمیراتی کام شروع کرنے کی تقریب میں شرکت کی،کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی، آر پی او طیب حفیظ، ڈپٹی کمشنر نوید احمد بھی موجود تھے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری سے) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے گوجرانوالہ کا دورہ کیا،کمشنر آفس میں ممبران اسمبلی سے ملاقات،سرکاری افسران کے اجلاس کی صدارت کی، گرجاکھ کے علاقہ میں سابق تانگہ اسٹینڈ کی جگہ پارک بنانے کیلئے تعمیراتی کام شروع کرنے کی تقریب میں شرکت کی،کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی، آر پی او طیب حفیظ، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا، ارکان اسمبلی چوہدری محمود بشیر ورک، شاہد عثمان ابراہیم، عمر فاروق ڈار، عمران خالد بٹ، قیصر اقبال سندھو، محمد نواز چوہان، راہنما مسلم لیگ ن توفیق احمد بٹ، پیر غلام فرید، شازیہ فرید، عبدالرؤف مغل بھی موجود تھے۔صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے وژن کے مطابق گوجرانوالہ ڈویژن میں تعلیم، صحت، روڈ انفراسٹرکچر سمیت مختلف سیکٹرز میں 633 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے جن پر 102ارب 46 کروڑ روپے لاگت کا تخمینہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب نے شہریوں کی فلاح و بہبود کے لئے تمام محکموں کی کارکردگی جانچنے کیلئے پرفارمنس کے 33 اعشاریے (انڈیکٹرز) مقرر کیے ہیں جن کی اعلیٰ سطح پر مانیٹرنگ کی جاتی ہے۔صوبائی وزیر نے گوجرانوالہ میں ریڑھی بازار کے قیام کے منصوبے کو سراہا اور ہدایت کی کہ اس پراجیکٹ کو لاہور میں ماڈل بازار کی طرز پر قائم کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ انسداد سموگ کیلئے موثر اقدامات جاری رکھے جائیں، تجاوزات کا خاتمہ حکومت پنجاب کی ترجیح ہے، شہریوں کی فلاح کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے منصوبوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ میں عوامی نمائندوں سے ملاقات کے دوران شہریوں کو درپیش مسائل بارے نشاندہی کی گئی ہے جبکہ ضلعی انتظامیہ، پولیس، پی ایچ اے، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، روڈز، بلڈنگز، ایجوکیشن، ہیلتھ، لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹس کے افسران نے اپنے محکموں کی کارکردگی بارے آگاہ کیا ہے۔صوبائی وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے گرجاکھ کے علاقہ میں جی ڈی اے کی طرف سے پارک کے تعمیراتی کام کی افتتاحی تقریب میں کہا کہ گنجان آبادیوں کی مکینوں کو تفریح کی سہولیات کی فراہمی نہایت خوش آئند ہے

پی ٹی آئی حقیقی سیاسی جمہوری جماعت ہے:فیاض کھوکھر

دھاندلی کے بل بوتے پر اقتدار پر مسلط ہونیوالے کرپٹ و نااہل حکمران پی ٹی آئی کی عوامی مقبولیت دیکھ کر بوکھلاہٹ کا شکار ہیں

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال سے) ضلعی انفارمیشن سیکرٹری پاکستان تحریک انصاف محمد فیاض کھوکھر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حقیقی سیاسی جمہوری جماعت ہے جو سیاسی انتقامی کارروائیوں کے باوجود عوامی امنگوں کی ترجمانی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھے گی اور ایوانوں کے اندر اور باہر بھرپور آواز بلند کریگی۔ دھاندلی کے بل بوتے پر اقتدار پر مسلط ہونیوالے کرپٹ و نااہل حکمران پی ٹی آئی کی عوامی مقبولیت دیکھ کر بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوامی حقوق سلب کرنے اور جمہوری آزادی چھیننے کے باوجود موجودہ حکمران جمہوریت پسند اور عوام دوست ہونے کے دعویدار ہیں جو ان کے قول و فعل کے تضاد کا واضح ثبوت ہے۔ کرپٹ ٹولے کی لوٹ مار کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ تحریک انصاف کی قیادت ہے جو حکمرانوں کیخلاف جاری جدوجہد میں تنہا نہیں پوری قوم اس کے ساتھ ہے ملک کی حقیقی آزادی پی ٹی آئی کی بنیادی ترجیح ہے جس کیلئے پارٹی برسرپیکار ہے۔محمد فیاض کھوکھر نے مزید کہا کہ ملک سے کھلواڑ کرنیوالوں کا کوئی مستقبل نہیں' دھاندلی سرکار پی ٹی آئی سے شدید خوفزدہ ہے۔ پارٹی کی بڑھتی مقبولیت انہیں چین لینے نہیں دے رہی 'بانی پی ٹی آئی پاکستان کی خاطر ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہیں مگر وہ کسی کے سامنے جھکیں گے نہیں۔

انجینئر حماد اللہ خان اور ملک اعجاز کی کمبوہ ہاؤس دیپالپور میں خصوصی آمد،چوہدری عامر نذیر کمبوہ کو مبارکباد

حکومت پاکستان کی خصوصی ہدایات پر بطور ریاست پاکستان اور واپڈا ڈیپارٹمنٹ کے پبلک سرونٹ کی حیثیت سے ذمہ داری نبھائی

محکمانہ اختیارات کا استعمال میں لا کر بلاتفریق سب ڈویژن بھر میں طاقتور اور بااثر بجلی چوروں کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع کر رکھا ہے

دیپال پور (تحصیل رپورٹر) ایکسین واپڈا دیپالپور انجینئر حماد اللہ خان اور سابق ایس ڈی او واپڈا دیپالپور ملک اعجاز کی کمبوہ ہاؤس دیپالپور میں خصوصی آمد سینئر صحافی چوہدری عامر نذیر کمبوہ کو نکاح مسنونہ ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پاکستان کی خصوصی ہدایات پر میں نے بطور ریاست پاکستان اور واپڈا ڈیپارٹمنٹ کے پبلک سرونٹ کی حیثیت سے اپنی قومی اور محکمانہ ذمہ داری کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے تحصیل دیپال پور واپڈا لیسکو ڈیپارٹمنٹ سب ڈویژن دیپال پور سے اپنے ڈیپارٹمنٹ کی مکمل قوت اور توانائی سے اپنے مکمل محکمانہ اختیارات کا استعمال میں لا کر بلاتفریق سب ڈویژن بھر میں طاقتور اور بااثر بجلی چوروں کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع کر رکھا ہے اور میں نے اپنی نگرانی میں ڈیپارٹمنٹل نوٹیفکیشن کے تحت مختلف رینجرز کے ہمراہ چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں جو بلاتفریق کسی قسم کا سیاسی یا کسی دیگر بااثر دباؤ کے ریاست پاکستان کے واپڈا لیسکو ڈیپارٹمنٹ کے بجلی چوروں کے خلاف سخت ترین قانونی کاروائی عمل میں لائے گا اور اس سلسلہ میں کسی قسم کا سیاسی یا سفارشی دباؤ قبول نہیں کیا جائے گا

چیئرمین اسلم نوشاہی و آصف خان کی عمرہ سے واپسی پر تقریب کا انعقاد

سیالکوٹ (بیورو چیف) چیئرمین اسلم نوشاہی و آصف خان کی عمرہ سے واپسی پر تقریب کا انعقاد۔شاہین میڈیا و پاکستان میڈیا کونسل کی جانب سے چیئرمین شاہین میڈیا گروپ محمد اسلم نوشاہی اور سیکرٹری جنرل شاہین میڈیا کونسل کی عمرہ واپسی کے بعد پروقار تقریب کا انعقاد ڈیرہ چیئرمین محمد اسلم نوشاہی ہوا جس میں دونوں معتمرین پر شاہین میڈیا گروپ و پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ سیالکوٹ کے عہدیداران و جملہ ممبران کیجانب سے زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے گل پاشی کی گئی۔اس موقع پر چیئرمین پیر محمد اسلم نوشاہی نے سنیئر صحافیوں و اینکر پرسنز عدیل خان، عثمان بٹ، ملک عادل، محمد شہزاد و آختر سلہریا و دیگر ساتھیوں کے ہمراہ سنیئر صحافی و سیکرٹری جنرل پاکستان لیبر فیڈریشن نادرن پنجاب آصف خان کو عمرہ ادائیگی پر پھولوں کے ہار پہناتے مبارکباد دی۔

نئی اقسام کے معیاری بیجوں کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت:ڈاکٹر شہباز احمد

غیر متوقع بارشوں اور درجہ حرارت میں غیر معمولی اتار چڑھاؤ سے کپاس کی فصل کو نقصان پہنچا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق ہم آہنگ نئی اقسام کے معیاری بیجوں کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل اور ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ضلع چنیوٹ ڈاکٹر شہباز احمد نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کپاس ملکی معیشت کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔یہ نہ صرف ٹیکسٹائل مصنوعات کی تیاری بلکہ قیمتی زرمبادلہ کے حصول میں بھی کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان دنیا میں کپاس پیدا کرنے والے اہم ممالک میں شامل ہے، جبکہ پنجاب ملک کی مجموعی کپاس کی پیداوار میں تقریباً 70 فیصد حصہ دار ہے۔ڈاکٹر عامر رسول نے موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ غیر متوقع بارشوں اور درجہ حرارت میں غیر معمولی اتار چڑھاؤ سے کپاس کی فصل کو نقصان پہنچا ہے۔

ڈسٹرکٹ305دوسری لیو کونسل میٹنگ سیالکوٹ میں منعقد ہوئی

مختلف ڈسٹرکٹس سے لائنز نے شرکت کی۔فیضان ایم کپور

سیالکوٹ (بیورو چیف) ڈسٹرکٹ 305 دوسری لیو کونسل میٹنگ سیالکوٹ میں منعقد ہوئی۔مختلف ڈسٹرکٹس سے لائنز نے شرکت کی۔فیضان ایم کپور دوسری ڈسٹرکٹ 305 لیو کونسل میٹنگ کا انعقاد سیالکوٹ کے مقامی ہوٹل دی جیون میں ہوا جس میں پاکستان کے مختلف اضلاع سے لائنز مندوبین نے خصوصی شرکت کی اور مستقبل کے حوالہ سے باہمی رفاقت کیساتھ لائنز کی متحدہ عملی کاوشوں پر اتفاق ہوا۔اس موقع پر پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر لائنز فیضان ایم کپور کا کہنا تھا کہ آج کی یہ کامیاب میٹنگ لائنز کے اتحاد و یگانگت میں ایک فخریہ لمحات کی حامل میٹنگ میں اضافہ ہے۔آج کی میٹنگ اس لحاظ سے بھی اہم رہی کے اس میں لائنز نے مستقبل کے لیو پروگرام کیلئے آگاہی سیمینارز کے انعقاد میں باہمی متحدہ کوششوں پر اتفاق کیا۔دیگر اضلاع سے خصوصی شریک لائنز نے کہا کہ ہم سیالکوٹ لائنز کیجانب سے آج کی پروقار تقریب کے انعقاد اور بہترین مہمان نوازی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور لائنز کے مثبت عملی اقدامات و پروگرامز میں بھرپور ساتھ دینے کا ایادہ کرتے ہیں۔

ڈی پی او کی زیر نگرانی گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج میں اینٹی ٹیررسٹ موک ایکسرسائز

مشق میں پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو1122،سول ڈیفنس، بم سکواڈ، پولیس 15، ایلیٹ فورس، سرکاری ہسپتالوں، اور دیگر متعلقہ اداروں نے حصہ لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ریٹائرڈ) بلال احمد کیانی کی ہدایت پر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج جھنگ میں اینٹی ٹیرارسٹ موک ایکسرسائز کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔اس مشق میں پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، بم سکواڈ، پولیس 15، ایلیٹ فورس، سرکاری ہسپتالوں، اور دیگر متعلقہ اداروں نے حصہ لیا۔مشق کے دوران ایک فرضی صورتحال پیدا کی گئی، جس میں دہشتگردوں نے گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج پر حملہ کیا۔واقعے میں ایک فرضی دہشتگرد مارا گیا اور ایک زخمی ہوا، جسے ریسکیو 1122 کے عملے نے فوری رسپانس دیتے ہوئے بروقت ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور سول اسپتال منتقل کیا۔ دیگر سیکیورٹی اداروں نے موثر کارروائی کرتے ہوئے کالج کو فرضی دہشتگردوں سے آزاد کروا لیا۔اینٹی ٹیرارسٹ موک ایکسرسائز کا بنیادی مقصد اداروں کی صلاحیتوں کو جانچنا اور مختلف اداروں کے مابین ہنگامی صورتحال میں رابطہ کاری کو بہتر بنانا تھا تاکہ کسی بھی حقیقی ہنگامی صورتحال سے بخوبی نمٹا جا سکے۔آخر میں تمام اداروں کی کارکردگی کو سراہا گیا اور ان کے پیشہ ورانہ اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔یہ مشق نہ صرف عوام کے تحفظ کے لیے اداروں کی تیاری کو بہتر بناتی ہے بلکہ باہمی تعاون کو بھی مضبوط کرتی ہے

ضلع بھر کے ملازمین کا ڈپٹی کمشنر آفس ننکانہ صاحب کے سامنے احتجاجی دھرنا اور ریلی

ملازمین نے اپنے مطالبات کی منظوری کے لئے ڈپٹی کمشنر آفس ننکانہ صاحب کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپیکا) ضلع ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام ضلع بھر کے ملازمین کا ڈپٹی کمشنر آفس ننکانہ صاحب کے سامنے احتجاجی دھرنا اور ریلی نکالی گئی۔تفصیلات کے مطابق آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپیکا) کے زیر اہتمام ضلع بھر کے ملازمین نے اپنے مطالبات کی منظوری کے لئے ڈپٹی کمشنر آفس ننکانہ صاحب کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا، دھرنا میں ڈپٹی کمشنر آفس، ریونیو، محکمہ تعلیم، محکمہ صحت، میونسپل کمیٹیز، ضلع کونسل، بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ، ہائی وے، کالجز، لوکل گورنمنٹ سمیت دیگر محکموں سے اپیکا عہدیداران اور ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقعہ پر مقررین نے حکومت کے خلاف شدید نعرہ بازی بھی کی، ضلعی صدر حاجی محمد اکرم گجر و دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے ملازمین کی لیو انکیشمنٹ، پنشن اور گریجویٹی میں کمی کر کے ملازمین کو زندہ درگور کر دیا ہے جبکہ رولز 17 کی ترمیم اور اداروں کی نجکاریاں حکومت کی طرف سے ملازمین کش پالیسیاں ہیں جنہیں ملازمین مسترد کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت نے آئی ایم ایف کے مطالبہ پر ملازمین کی پنشن اور گریجویٹی میں تو کٹ لگا دیا ہے مگر دوسری طرف اپنے ایم این ایز، ایم پی ایز اور سپیکر و ڈپٹی سپیکر سمیت دیگر کی تنخواہوں میں 600 فیصد سے بھی زائد اضافہ کر دیا گیا ہے

ماڈل ٹاؤن اگوکی و کھروٹہ سیداں میں آوارہ کتوں کی بہتات

ٹولیوں کی صورت کتے اکثر شہریوں پر حملہ آور ہوتے ہیں۔سید عارف شاہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف) ماڈل ٹاؤن اگوکی و کھروٹہ سیداں میں آوارہ کتوں کی بہتات۔شہریوں کا ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔شہر اقبال اور گردونواح ماڈل ٹاؤن اگوکی کھروٹہ سیداں کوٹلی لوہاراں پڑوپی آرائیاں موضع بھگل اور دیگر علاقوں میں آوارہ کتوں کی بہتات نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی گلی محلوں میں آوارہ کتے ٹولیوں کی شکل میں گھومتے لوگوں پر حملہ آور ہوتے ہوئے نظر آتے ہیں معمر افراد کا اندھیرے میں نماز کے وقت مسجد میں جانا محال ہو چکا ہے حصول علم کے لیے نکلنے والے ننھے منے طالبہ اور طالبات کتوں کے خوف سے سکول جانے سے پریشان کتوں کے آوارہ جھنڈوں سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا سیالکوٹ شہر و گردونواح کے تمام داخلی اور خارجی راستوں سمیت شہریوں کی آمدورفت کے تمام راستوں اور ہوٹلوں ریسٹورانوں، پیزا شاپس، فروٹ چاٹ، گوشت کی دکانوں سمیت ہر جگہ آوارہ کتے بھیڑ بکریوں کے ریوڑوں کی شکل اختیار کیے ہوئے ہیں کتوں کے بڑے بڑے جھنڈ شہریوں کیلئے وبال جان بن گئے ہیں جبکہ مارننگ واک، سکول جاتے بچوں اور نماز فجر ادا کرنے کے لئے جانے والے متعدد افراد پر کتوں کے حملے ریکارڈ کئے گئے ہیں گزشتہ 1 سال میں ان آوارہ کتوں کے حملوں میں درجنوں شہری، کمسن طلباء اور طالبات بچوں اور خواتین سمیت متعدد افراد زخمی ہو کر ہسپتال پہنچ چکے ہیں

سول ڈیفنس آفیسر چنیوٹ کا اپنی ٹیم کے ہمراہ ایل پی جی کا غیر قانونی کاروبار کرنے والوں کے خلاف ضلع بھر میں مختلف مقامات کا وزٹ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضمیر حسین اور ڈپٹی کمشنر/کنٹرولر سول ڈیفنس چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی ہدایات پر سول ڈیفنس آفیسر چنیوٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ایل پی جی کا غیر قانونی کاروبار کرنے والوں کے خلاف ضلع بھر میں مختلف مقامات کا وزٹ کیا اور گیس ریفلنگ کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف 05 شاپس کو سیل کر کے متعلقہ پولیس اسٹیشن میں مقدمات کا اندراج کروا دیا۔جبکہ دو آئل شاپ کو سیل کر کے چالان سپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں بھجوا دیئے۔سول ڈیفنس آفیسر چنیوٹ کا کہنا تھا کہ آئل اور گیس کا غیر قانونی کاروبار کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

کوٹ رادھا کشن ضلع قصور میں جامعہ عثمانیہ ضلع قصور علم و عمل کا عظیم مرکز سالانہ پروگرام

اس ادارے نے اپنے قیام کے بعد سے علم و ادب کی دنیا میں ایک نمایاں مقام حاصل کیا ہے

کوٹ رادھا کشن ضلع قصور (تحصیل رپورٹر حاجی رمضان سے) کوٹ رادھا کشن ضلع قصور میں جامعہ عثمانیہ ضلع قصور علم و عمل کا عظیم مرکز سالانہ پروگرام کو

منعقد کرتے ہوئے علامہ یحییٰ جمال صاحب نے صحافی کو بتایا کہ جامعہ عثمانیہ ضلع قصور کی بنیاد 1985 میں امام السلاطین سید عبدالقادر آزاد رحمۃ اللہ علیہ نے رکھی۔اس ادارے نے اپنے قیام کے بعد سے علم و ادب کی دنیا میں ایک نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ جامعہ عثمانیہ نے ہزاروں بچوں اور بچیوں کو دینی و عصری علوم سے آراستہ کیا ہے۔شعبہ بنات میں درس نظامی کی مکمل تعلیم دی جاتی ہے اور ساتھ ہی عصری تعلیم کے انتظامات بھی ون کلاس سے لے کر میٹرک تک موجود ہیں۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے تحت دو سالہ دراسات کورس بھی یہاں پڑھایا جاتا ہے، جس کے ذریعے طالبات کو دین کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا جاتا ہے۔بچوں کے لئے شعبہ حفظ، شعبہ ناظرہ، شعبہ گردان اور تجوید کے ساتھ قرات کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔ بزم نبوی کی محفلوں کا انعقاد ہفتہ وار بنیادوں پر کیا جاتا ہے، جس میں بچے اور بچیاں نعت خوانی اور دیگر دینی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں۔الحمدللہ، جامعہ عثمانیہ کے فارغ التحصیل طلبہ و طالبات علوم نبوت کی شمع روشن کیے ہوئے ہیں اور پورے علاقے میں دین کی روشنی پھیلانے میں مصروف ہیں۔

ایپکا ڈی سی افس اوکاڑہ کے کلرکوں کی ہڑتال

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایپکا ڈی سی افس اوکاڑہ کے کلرکوں کی ہڑتال۔ لیو انکیشمنٹ اور پینشن رولز پر تبدیلی پر سراپا احتجاج۔ حکومت نے ہمارے مطالبات منظور نہ کیے گئے تو لاہور سمیت دیگر شہروں میں بھرپور احتجاج کریں گے۔ ہڑتال کی وجہ سے سائل دفاتر میں انے والے پریشان دکھائی دی ہے۔اوکاڑ اسمبلی کے ارکان وزرا اور اشرافیہ کی تنخواہیں لاکھوں میں اضافہ کر دیا گیا۔اوکاڑہ کلرکس کی پینشن وغیرہ میں کٹوتیاں کی جارہی ہیں صدر ایپکا۔

ایکسیئن ساجد پرویز سدھانہ کی سربراہی میں ایس ڈی اوز کا ڈیڈ ڈیفالٹرز کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایکسیئن ساجد پرویز سدھانہ کی سربراہی میں ایس ڈی اوز کا ڈیڈ ڈیفالٹرز کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن مگر مچھ ڈیڈ ڈیفالٹرز کے ٹیوب ویلوں سے کرین کے ذریعے ٹرانسفارمرز اتارے جا رہے ہیں تفصیلات کے مطابق ایکسیئن فیسکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ کے احکامات کی روشنی میں ڈویژن بھر میں کروڑوں روپے کے ڈیڈ ڈیفالٹرز سے ریکوری کے لیے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے گزشتہ روز سرگودھا روڈ سب ڈویژن فیسکو جھنگ کے ایس ڈی او علی عدنان انجم سیال زیر نگرانی ریکوری ٹیموں نے ڈیڈ ڈیفالٹرز کے ٹیوب ویلوں سے کرین کے ذریعے ٹرانسفارمرز اتار لیے ہیں اور ان کے ای آر او بھی کیے جا رہے ہیں قبل ازیں ان ٹیوب ویلوں کے میٹرز اتارے جا چکے ہیں اس موقع پر ایس ڈی او علی عدنان انجم سیال نے کہا کہ ڈیڈ ڈیفالٹرز کے خلاف ریکوری کے لیے گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے

سائنس ٹیکنالوجی طلباء مستقبل کیلئے وقت کی ضرورت:محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

ماڈل کیمبرج سکول سسٹم مینجمنٹ اساتذہ لائق تحسین ہیں۔ثبوت سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف) سائنس ٹیکنالوجی طلباء مستقبل کیلئے وقت کی ضرورت ہے۔محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ ۔ماڈل کیمبرج سکول سسٹم مینجمنٹ اساتذہ لائق تحسین ہیں۔ثبوت سیالکوٹ۔کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سائنس اور ٹیکنالوجی کی افادیت پر توجہ کی ضرورت ہے ہمارے نوجوانوں میں بہت ٹیلنٹ موجود ہے جو سائنس اور ٹیکنالوجی کی شعبہ میں بہت آگے بڑھ سکتے ہیں پاکستان کی ترقی اسی صورت میں ہے کہ ہم اپنی نئی نسل کو جدید ٹیکنالوجی اور سائنس کے علوم سے روشناس کروائیں دیگر علوم کی افادیت اپنی جگہ لیکن ٹیکنالوجی میں آگے بڑھنا ہے اسی سے ترقی ممکن ہو سکتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ماڈل کیمبرج سکول سسٹم ماڈل ٹاؤن اگوکی میں بچوں کی جانب سائنسی، طبی، جغرافیائی، آبی اور زمینی جانوروں کی حیاتیات پر مبنی لگائے گئے نمائشی سٹالوں میں اعلی کارکردگی کے حامل بچوں میں کیش انعامات اور سرٹیفکیٹ کی تقسیم کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا نمائشی سٹالوں میں مدد اور معاونت کرنے والی ٹیچرز کو بھی سرٹیفکیٹ اور کیش انعامات دیے گئے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ ہم ان تمام طلبہ و طالبات اور اساتذہ کی کارکردگی کو سراہتے ہیں جنہوں نے بچوں کی ذہنی نشوونما کے لیے انہیں ایک ایسا پلیٹ فارم دیا جس سے وہ اپنے اندر موجود ٹیلنٹ کو اجاگر کر سکتے ہوں

ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی چکوال راجہ رضوان ڈنڈوت عمرہ کی سعادت حاصل کر کے وطن واپس پہنچ گئے

چکوال (ایم ایوب سلطانی) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر راجہ رضوان ڈنڈوت عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ ان کی وطن واپسی پر چوہدری عامر مبشر، ایاز حسین قریشی، اور راجہ سرفراز خان تحصیل صدر چوآسیدنشاہ نے پرتپاک استقبال کیا۔راجہ رضوان ڈنڈوت کے دوست احباب اور عزیز و اقارب کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ جاری ہے۔اس موقع پر ان کے قریبی دوستوں نے ان کے عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کی عبادات کو قبول فرمائے

موبائل مارکیٹ ریل بازار کا تاجر لوگوں کے کروڑوں روپے لے کر مبینہ طور پر غائب

متاثرین پریشان شادی کی تقریب کے دوران دلہن کے بھائی کی جیب سے ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی چوری

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) موبائل مارکیٹ ریل بازار کا تاجر لوگوں کے کروڑوں روپے لے کر مبینہ طور پر غائب متاثرین پریشان شادی کی تقریب کے دوران دلہن کے بھائی کی جیب سے ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی غائب قریبی عزیزہ کا تین تولے کا ہار چوری تفصیل کے مطابق بٹر مارکیٹ میں واقع موبائل شاپ کے مالک قیصر نے مختلف افراد سے نفع پر کروڑوں روپے اکٹھے کیے 1 لاکھ روپے پر 10 ہزار روپے منافع دیتا تھا لالچ میں آ کر لوگوں نے 10 لاکھ 20 لاکھ 50 لاکھ روپے تک دے دیے جو گزشتہ روز اچانک غائب ہو گیا موبائل نمبر زبند دکان کو تالے لگ گئے اللہ جانے کو بھی کوئی علم نہیں کہ کدھر گیا ہے جس پر تمام متاثرین شدید پریشان دکھائی دیتے ہیں ملزم نے موبائل فونز کا بڑے پیمانے پر کاروبار کرنے کے نام پر پیسے اکٹھے کیے اور دی گئی رقم پر 10 فیصد منافع دیتا تھا اچانک غائب ہو گیا دوسرے واقعہ میں نجی شادی ہال میں شادی کی تقریب کے دوران کسی نے دلہن کے بھائی کی جیب سے مبینہ طور پر ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی اور قریبی عزیزہ کے گلے سے 6 لاکھ روپے مالیت کا سونے کا سیٹ اتار لیا

ضلعی پولیس کے تفتیشی افسران کی استعداد کار کو مزید بہتر بنانے کے لیے اینٹی ریپ ایکٹ 2021 کے حوالے سے ہفت روزہ ورکشاپ کا انعقاد

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کی ہدایت پر ضلعی پولیس کے تفتیشی افسران کی استعداد کار کو مزید بہتر بنانے کے لیے اینٹی ریپ ایکٹ 2021 کے حوالے سے ہفت روزہ ورکشاپ کا انعقاد۔تفصیلات کے مطابق ورکشاپ کے دوران ڈی ایس پی لیگل محمد نعیم اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر ارشد ڈوگر نے لیکچرز دیئے اور اینٹی ریپ انویسٹی گیشن اینڈ ٹرائل ایکٹ 2021ء اور اینٹی ریپ انویسٹی گیشن رولز 2022 کی دفعہ 9 کے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔تمام تفتیشی افسران کو ہدایات بابت تفتیش جرائم شیڈول 1 اور شیڈول 2 کے متعلق تفصیل سے بتایا گیا اور ان پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ریپ کیسز میں ملوث ملزمان کو معیاری تفتیش سے قرار واقعی سزائیں دلوانے کے حوالے سے قانونی نکات سے آگاہ کیا گیا۔ اینٹی ریپ انویسٹی گیشن اینڈ ٹرائل ایکٹ کی دفعہ 09 کے تحت شیڈول جرائم کی تفتیش ایس ایس آئی او یونٹ (SSIOU) کرے گا۔ تربیت یافتہ تفتیشی افسران اینٹی ریپ انویسٹی گیشن اینڈ ٹرائل ایکٹ کی دفعہ 09، سٹینڈنگ آرڈر 1 / 24 کے تحت تمام عدالتی معاملات کو با آسانی ڈیل کر سکیں گے اور متاثرہ خواتین کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے گی۔ڈی پی او ننکانہ کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق خواتین کو محفوظ بنانے اور ریپ کیسز میں متاثرہ خواتین کو انصاف کی فراہمی یقینی بنانے اور جرائم میں ملوث ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ کیا اور مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ کیا اور مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے انتظامی امور بارے ہسپتال انتظامیہ سے بریفنگ لی اور مختلف وارڈز کے معائنہ کے دوران زیر علاج مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور علاج معالجہ کیلئے ادویات کے سٹاک کو چیک کیا۔اس موقع پر انہوں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت ضلع بھر میں صحت عامہ کے لیے سروس ڈیلیوری کے معیار کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔عوام کو بہتر سے بہتر علاج معالجہ فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، عوام کو معیاری طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹرز سمیت دیگر طبی عملہ کی حاضری کو سو فیصد یقینی بنانے اور صفائی ستھرائی کو مزید بہتر بنانے سمیت وارڈز اور رومز میں بیڈ شیٹس تبدیل کرنے اور واش رومز کی صفائی کا بھی خاص خیال رکھنے کی بھی ہدایات جاری کیں۔

شاف علی کھانڈ کی یونیورسٹی آف سینٹرل پنجاب میں بطور ایولوشن ریسورس پرسن شرکت

سیالکوٹ (بیورو چیف سے) شاف علی کھانڈ کی یونیورسٹی آف سینٹرل پنجاب میں بطور ایولوشن ریسورس پرسن شرکت۔جناح کا پاکستان سینٹرل گورنر نے آئی ٹی پر مفصل لیکچر دیا۔جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر پنجاب شاف علی کھانڈ نے ایولوشن آف سی ایس ڈپارٹمنٹ یونیورسٹی آف سینٹرل پنجاب کے فائنل ائیر پراجیکٹ میں بطور ریسرچ ریسورس پرسن شرکت کی۔ جدید پروگرامنگ کی حامل کمپیوٹرائزڈ آئی ٹی لیب میں طلباء کو اہم معلوماتی لیکچر دیتے ہوئے معروف سکالر نے کہا کہ طلباء پاکستان کا تابناک مستقبل ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ بطور پاکستانی ہم اپنے مستقبل کے معماروں کی علمی تشنگی دور کرنے کیلئے بھرپور آگاہی فراہم کی جائے۔ طلباء کے ساتھ تبادلہ خیال کے دوران ایک اہم بات سامنے آئی کہ پاکستان میں پوٹینشل کی کمی نہیں ہماری ابادی کا بڑا حصہ ینگسٹرز پر مشتمل ہے جن میں جدید دنیاوی علوم سے آگاہی وکیوں اور کیسے کا تجسس پایا جاتا ہے۔یہی وہ کوالٹیز ہیں جو مستقبل کے سائنسدان، محقق، ڈاکٹرز، موٹیویشنل سپیکرز و دیگر تعمیری شعبہ جات کیلئے بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں۔

انجمن مغلیہ (رجسٹرڈ) قلعہ احمد آباد سیکٹر اندرون شہر (محلہ ٹینکی / جموں گیٹ/ نیا کٹرا) کا اہم اجلاس

مغلیہ دور حکومت میں نظام تعلیم مثالی تھا۔اس دور میں شرح خواندگی 90 فیصد سے زیادہ تھی

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) انجمن مغلیہ (رجسٹرڈ) قلعہ احمد آباد سیکٹر اندرون شہر (محلہ ٹینکی/ جموں گیٹ/ نیا کٹرا) کا اہم اجلاس بسلسلہ رابطہ مہم و مردم شماری، زیر صدارت مرزا محمد مالک مغل صدر انجمن مغلیہ قلعہ احمد آباد بانی انجمن مغلیہ حضرت میاں محمد یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پاک پر منعقد ہوا۔تلاوت قران پاک کی سعادت حافظ سرمختار احمد صاحب جبکہ نعت شریف کی سعادت صاحبزادہ سلطانی صاحب نے حاصل کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سرنیاز حسین مغل نے کہا کہ مغلیہ دور حکومت میں نظام تعلیم مثالی تھا۔اس دور میں شرح خواندگی 90 فیصد سے زیادہ تھی۔قران، فقہ، حدیث، منطق فلسفہ، فزکس، کیمسٹری اور ریاضی کی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی علوم کی تعلیم پر بھی خاص توجہ دی جاتی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ مغلیہ دور میں دنیا کی کل پیداوار کا 25 فیصد حصہ برصغیر میں پیدا ہوتا تھا۔انہوں نے مزید کہا کہ اسی دور میں مضبوط معشیت کی وجہ سے ہندوستان کو سونے کی چڑیا قرار دیا گیا۔سر محمد رضوان مغل جوائنٹ سیکرٹری انجمن مغلیہ احمد آباد نے کہا کہ ہمیں اتحاد و اتفاق اور اخوت کے جذبات کو پروان چڑھانا چاہیے، ہر کامیابی مشاورت سے ممکن ہے۔سر محمد بلال یاسین مغل سیکرٹری انفارمیشن نے کہا کہ مغل گھرانوں کی مردم شماری ایک احسن قدم ہے جس کے دوررس نتائج برامد ہوں گے، ہمارا مقصد خیر کار کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہے۔

اوکاڑہ نو منتخب صدر بار کا ڈی پی او آفس کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ نو منتخب صدر بار کا ڈی پی او آفس کا دورہ۔نو منتخب صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اصغر خان کا وفد کے ہمراہ ڈی پی او آفس کا دورہ۔دوران ملاقات عدالتوں، چیمبرز کی سکیورٹی، وکلا برادری کے مسائل کے حل سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈی پی او نے صدر بار اور انکی ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔شہریوں کو انصاف کی فراہمی یقینی بنانے میں پولیس اور بار کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچانے اور امن و امان کے قیام میں وکلا برادری کا کلیدی کردار ہے۔

میونسپل کمیٹی ہال میں سرکاری اراضی/ جائیدادوں کا نیلام عام

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) میونسپل کمیٹی ہال میں سرکاری اراضی/ جائیدادوں کا نیلام عام منعقد ہوا، اس موقع پر چیئرمین نیلامی کمیٹی ممبر بورڈ آف ریونیو ظہور حسین، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے نیلامی کے عمل کا جائزہ لیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رانا محمد عمر، ایڈیشنل کمشنر ریونیو عمران عصمت چنوں، اسسٹنٹ کمشنرز لالیاں و بھوانہ میڈم شازیہ رحمان، میڈم سعدیہ جمال، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر، ڈائیریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و دیگر کمیٹی ممبران بھی اس موقع پر موجود تھے،

صاف ستھرا پنجاب ڈور ٹو ڈور مہم اسسٹنٹ کمشنر توصیف حسن کی زیر نگرانی جاری

ڈور ٹو ڈور صفائی مہم میں گھروں اور تجارتی مراکز میں آگاہی پمفلٹ تقسیم کیے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر مریدکے میاں توصیف حسن کی سینٹری ورکرز کے ہمراہ صاف ستھرا پنجاب ڈور ٹو ڈور مہم اسسٹنٹ کمشنر توصیف حسن سینٹری انسپکٹر رانا سجاد انور اور سینٹری ورکرز نے نارنگ منڈی میں ڈور ٹو ڈور صفائی مہم میں گھروں اور تجارتی مراکز میں آگاہی پمفلٹ تقسیم کیے شہریوں کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے صاف ستھرا پنجاب مشن کے بارے میں بتایا گیا اور اپیل کی گئی کہ کوڑا کرکٹ کہیں بھی پھینکنے کی بجائے سینٹری ورکرز سے رابطہ کریں یاسین برادرز کمپنی کے اشتراک کے صفائی ستھرائی کی صورتحال کو بہتر بنایا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے حکم پر شہر اور گردونواح میں صفائی ستھرائی کی صورتحال بہتر ہو رہی ہے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے میں شہریوں کا تعاون ناگزیر ہے ان شاء اللہ مل کر صاف ستھرا پنجاب مشن کو تقویت دیں گے۔

بجلی گیس 'پٹرول' روزمرہ کی اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام سے دو وقت کی روٹی چھین لی:چوہدری شوکت

گوجرانوالہ (بیورو چیف) سابق صوبائی ممبر ایم کیو ایم چوہدری شوکت منیر نے ادویات کی قیمتوں میں 300 فیصد تک ہونیوالے اضافے پر ردعمل دیتے ہوئے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بجلی گیس 'پٹرول' روزمرہ کی اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام سے دو وقت کی روٹی چھین لی تھی اب ایک اور مہنگائی کا بم عوام پر گرا دیا گیا ہے۔300 فیصد ادویات کی قیمتوں میں اضافے سے حکمرانوں نے عوام سے علاج معالجہ کی سہولیات تک چھین لی ہیں۔سرکاری ہسپتالوں میں دوائیاں ملتی نہیں ہیں۔دوسری جانب قیمتوں میں اضافہ تشویشناک ہے۔ادویات کے نرخ آسمان پر پہنچ گئے ہیں مہنگائی کی شرح کئی سالوں کی کم ترین سطح پر لے آنے کے دعوے کرنیوالے حکمران عوام کو گمراہ کر رہے ہیں۔مہنگائی میں اضافہ ہو رہا ہے

وفاقی ٹیکس محتسب سیالکوٹ کو سال 2023 میں 264 شکایات موصول

تمام شکایات کا ازالہ سال 2024 میں ہی کر دیا گیا: رانا حسن اختر

سیالکوٹ (بیورو چیف سے) وفاقی ٹیکس محتسب سیالکوٹ رانا حسن اختر نے کہا سال 2023 صرف 264 شکایات موصول ہوئیں جبکہ سال 2024 میں ایف بی ار کے خلاف 1547 شکایات موصول ہوئیں اور تمام شکایات کا ازالہ سال 2024 میں ہی کر دیا گیا یہ بات انہوں نے سیالکوٹ میں ایک پریس بریفنگ میں بتائی۔رانا حسن اختر نے بتایا کہ وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر اصف محمود جاہ کی سربراہی اور گائیڈنس میں سال 2024 میں ٹوٹل 13506 شکایات وصول ہوئیں جو کہ پچھلے سالوں کی نسبت ایک حیران کن اضافہ ہے انہوں نے بتایا کہ ٹیکس دہندہ کے حقوق کے لیے وفاقی ٹیکس محتسب کا ادارہ 2000 میں قائم ہوا اور عوام کی سہولت کے لیے ضلعی دفتر بھی قائم کیے گئے جبکہ سیالکوٹ کا ریجنل افس 2022 میں قائم کیا گیا اس طرح سیالکوٹ کے ٹیکس گزاروں کے لیے ایف بی آر حکام کی کوئی بھی غیر قانونی کاروائی جس میں غیر قانونی نوٹسز کا اجرا جائز رقوم کی واپسی میں تاخیر بے ٹیکس استثنات اور ڈیوٹی ڈرا بیکس کے تعین میں کوتاہی کے برخلاف شکایت درج کروائی جاتی ہیں رانا حسن اختر نے بتایا کہ انہوں نے جولائی 2024 کو سیالکوٹ کے ریجنل افس کا چارج سنبھالا اس سے قبل 2023 میں ٹوٹل شکایات 264 موصول ہوئی جبکہ 2024 میں 1547 شکایات موصول ہوئیں اور تمام شکایات کا ازالہ بھی 2024 میں ہی کر دیا گیا اس موقع پر رانا حسن اختر ایڈوائزر انچارج وفاقی ٹیکس محتسب ریجن افس سیالکوٹ نے پریس بریفنگ کے دوران بتایا کہ کوئی بھی شخص ایف بی ار کی کسی بھی بدانتظامی کے خلاف فون کے ذریعے بذریعہ ڈاک ای میل یا واٹس ایپ میسیج سے اپنی شکایت درج کروا سکتا ہے۔جس کے لیے نہ ہی انہیں کسی وکیل کی ضرورت ہے اور نہ ہی کسی قسم کی کوئی فیس لی جاتی ہے اور شکایات کا ازالہ 60 دن کے اندر کر دیا جاتا ہے انہوں نے مزید بتایا کہ اس سال سیالکوٹ کے کسٹمز کے متعلقہ 620 شکایات پر سات کروڑ سے زیادہ کی رقوم فوری طور پر ٹیکس گزاروں کے اکاؤنٹ میں منتقل کروائی گئی اس کے علاوہ انکم ٹیکس اور سیل ٹیکس ریفنڈ کی مد میں 30 کروڑ سے زائد کی رقوم ٹیکس گزاروں کے اکاؤنٹ میں منتقل کرائی گئی

گیس پریشر میں کمی کی شکایات کا مکمل ازالہ کر دیا گیا ہے: جنرل مینجر میاں سہیل اکرم

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ سوئی ناردرن گیس کے جنرل مینجر میاں سہیل اکرم اور چیف انجینئر مبشر حبیب نے کہا ہے کہ ڈومیسٹک و کمرشل صارفین کو گیس معمول کے مطابق مہیا کی جا رہی ہے گیس پریشر میں کمی کی شکایات کا مکمل ازالہ کر دیا گیا ہے ضلع میں کسی صارف کو اب اس حوالے سے مشکل کا سامنا نہیں گیس چوری کی روک تھام کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کے باعث اس لاقانونیت میں بھی واضح کمی آئی ہے اور باقی ماندہ گیس چور بھی کاروائی سے بچ نہیں پائیں محکمہ کی فیلڈ ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ جاری رکھے ہوئے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، جنرل مینجر میاں سہیل اکرم اور چیف انجینئر مبشر حبیب نے کہا کہ گیس پائپ لائنوں پر کمپریسر کے استعمال کی حوصلہ شکنی کیلئے شہری اپنا ذمہ دارانہ کردار ادا کریں اور ایسے صارفین کی نشاندہی کریں۔

ٹی ایچ کیو ہسپتال میں عملہ کی مبینہ غفلت سے زچہ بچہ جاں بحق

خاتون کے مرنے کے بعد ہسپتال عملہ کاغذ پر ڈیڈ باڈی کے انگوٹھے لگاتا رہا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ٹی ایچ کیو ہسپتال میں عملہ کی مبینہ غفلت سے زچہ بچہ جاں بحق، جاں بحق ہونے والی خاتون کے ورثاء نے الزام عائد کیا کہ خاتون کے مرنے کے بعد ہسپتال عملہ کاغذ پر ڈیڈ باڈی کے انگوٹھے لگاتا رہا، ورثاء نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ذمہ داران کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے اوکلیپن ارشد ندیم ٹی ایچ کیو ہسپتال کے گائنی وارڈ میں ڈیلیوری کے لئے آنے والی خاتون میمونہ رفیق عملہ کی مبینہ غفلت سے جان کی بازی ہار گئی، جاں بحق ہونے والی خاتون کے ورثاء کے مطابق ہم خاتون کو ڈیلیوری کے لئے گائنی وارڈ لے کر آئے تو عملہ کی عدم دلچسپی اور ڈاکٹر کے آپریشن نہ کرنے کی وجہ سے خاتون کی حالت بگڑ گئی جس پر عملہ کی جانب سے ہمیں کہا گیا کہ ابھی لے جائیں کل کو آنا لیکن تھوڑی دیر میں زچہ و بچہ جاں بحق ہو گئے، ورثاء نے الزام عائد کیا کہ وفات کے بعد گائنی وارڈ کا عملہ خالی کاغذ پر ڈیڈ باڈی کے انگوٹھے لگواتا رہا

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں پر نظر ثانی صائب فیصلہ

وفاقی کابینہ نے پاور ڈویژن کی سفارش پر14، انڈی پینڈنٹ پاور پروڈیوسرز) آئی پی پیز (کے ساتھ معاہدوں پر نظر ثانی کی تجویز کی منظوری دے دی۔ ان نظر ثانی شدہ معاہدوں کی رو سے 14 آئی پی پیز کے ساتھ بات چیت کے بعد مذکورہ آئی پی پیز کے منافع اور لاگت میں 802، ارب روپے کی کمی کی تجویز منظور کی گئی ہے۔ اس کی بنیاد پر متذکرہ آئی پی پیز سے گزشتہ سالوں کے اضافی منافع کی مد میں 35، ارب روپے کی کٹوتی کی جائے گی۔ ان آئی پی پیز میں سے دس وہ ہیں جو2002 کی پالیسی کے تحت بجلی بنا رہے تھے جبکہ چار آئی پی پیز 1994 کی پاور پالیسی کے تحت قائم کیے گئے۔ معاہدوں پر نظر ثانی سے حکومت کو سالانہ ایک عشاریہ چار کھرب روپے کی بچت ہوگی جس کا فائدہ صارفین کو پہنچے گا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے آئی پی پیز کے ساتھ نظر ثانی شدہ معاہدوں کو بڑی کامیابی قرار دیا اور کہا کہ اس سے نہ صرف قومی خزانے کی بچت ہوگی اور گردشی قرضہ ختم ہوگا بلکہ اس سے بجلی کی قیمت بھی کم ہوگی جس کا براہِ راست صارفین کو فائدہ پہنچے گا۔ ایک اندازے کے مطابق آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں پر نظر ثانی سے بجلی کی قیمت فی یونٹ گیارہ سے بارہ روپے کم ہونے کی توقع ہے۔ بدقسمتی سے گزشتہ ادوار حکومت میں جب تین دہائیاں قبل توانائی کے بحران کا آغاز ہوا تو سستی ہائیڈل بجلی کی پیداوار بڑھانے پر توجہ دینے کے بجائے مہنگی تھرمل بجلی پر تکیہ کر لیا گیا جس کا مقصد اس وقت کے حکمرانوں کی جانب سے تھرمل پاور پلانٹس کے ذریعے اپنوں کو نوازنے کا تھا چنانچہ ان آئی پی پیز کے ساتھ ایسے ناروا معاہدے کئے گئے کہ ان کی بنیاد پر قومی خزانے سے اربوں روپے ان نجی پاور کمپنیوں پر بھی لٹائے جانے لگے جو ایک یونٹ بجلی بھی نیشنل گرڈ میں شامل کرنے کی روادار نہیں تھیں۔ یہ سارا بوجھ بجلی کے نرخ بڑھا کر اور انواع واقسام کے ٹیکس لگا کر عوام کی جانب منتقل کیا جانے لگا جو عوام کے لئے ناقابلِ برداشت ہوا تو ان کا اضطراب انہیں سڑکوں پر لے آیا چنانچہ حکومت آئی پی پیز کے ساتھ کئے گئے معاہدوں پر نظر ثانی پر مجبور ہوئی۔ ابھی چھ آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے منسوخ ہوئے ہیں اور دس مزید آئی پی پیز کے معاہدوں پر نظر ثانی کی جا رہی ہے تو عوام کو حکومت دس سے بارہ روپے فی یونٹ بجلی کے نرخ کم ہونے کا مژدہ سنا رہی ہے۔ اس سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اگر تمام نجی پاور پلانٹس سے مکمل خلاصی حاصل کر لی جائے اور تھرمل بجلی کے بجائے ہائیڈل بجلی کی پیداوار بڑھانے کا راستہ اختیار کیا جائے تو عوام کو بجلی کے ناقابلِ برداشت بھاری بلوں سے خلاصی مل سکتی ہے جبکہ کالا باغ اور دوسرے ڈیمز تعمیر کر کے ہم نہ صرف اپنی ضرورت کی بجلی پیدا کر سکتے ہیں بلکہ برآمد کر کے زرِ مبادلہ بھی کما سکتے ہیں جو قومی معیشت کے استحکام کی جانب بڑا اقدام ہوگا۔ اس سے ہمیں توانائی کے بحران سے بھی نجات مل جائے گی۔ توقع کی جانی چاہیے کہ حکومت اب ہائیڈل بجلی اور سستی بجلی کے دوسرے ذرائع بروئے کار لانے پر اپنی توجہ فوکس کرے گی کیونکہ بجلی سستی اور وافر ہوگی تو اس سے عوام بھی مطمئن ہوں گے اور صنعتوں کا پہیہ بھی سبک خرامی سے چلتا رہے گا۔

دہشت گردی بمقابلہ پاک فوج

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

2021 میں طالبان کی اقتدار میں واپسی کے بعد سے صورتحال مزید پیچیدہ ہو گئی ہے۔ ان الزامات کے ساتھ کہ طالبان ٹی ٹی پی جیسے گروہوں کو پناہ دے رہے ہیں اور ان کی حمایت کر رہے ہیں حالات مزید کشیدہ ہو چکے ہیں۔ پاکستان نے سفارتی کوششیں جاری رکھی ہیں اور طالبان پر زور دیا ہے کہ وہ افغان سرزمین سے کام کرنے والے دہشت گرد گروہوں کے خلاف کارروائی کریں۔ مزید برآں ، پاکستان نے افغانستان سے دہشت گردی کے خطرات سے نمٹنے کے لیے امریکہ، چین اور اقوام متحدہ جیسے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کیا ہے۔ پاکستان نے انسداد دہشت گردی کی کوششوں کے لیے بین الاقوامی حمایت طلب کی ہے اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ نئی افغان حکومت پر دباؤ ڈالے کہ وہ ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد تنظیموں سے تعلقات منقطع کرے۔ پاکستان نے سرحد پار دہشت گردی سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے لیے اپنی سرحدی سلامتی اور انٹیلی جنس صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے بھی مدد کی درخواست کی ہے۔ ان کوششوں کے ساتھ ساتھ پاکستان نے2022 میں آپریشن عزم استحکام کا آغاز کیا۔ یہ جامع فوجی آپریشن پاکستانی فوج نے ملک کے متعدد علاقوں میں دہشت گردی کی سرگرمیوں میں اضافے کے جواب میں شروع کیا تھا۔ اس میں خاص طور پر ان علاقوں پر توجہ مرکوز کی گئی جہاں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور دیگر دہشت گرد دھڑوں جیسے گروہ دوبارہ متحد ہو گئے تھے اور انہوں نے پاکستانی سیکیورٹی فورسز اور شہریوں پر حملے دوبارہ شروع کر دیے تھے۔ اس آپریشن کو پاکستان کے شمال مغربی قبائلی علاقوں میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا، خاص طور پر افغانستان-پاکستان سرحد کے ساتھ، جو عسکریت پسندوں کی سرگرمیوں کے لیے ایک پرانا ہاٹ اسپاٹ ہے۔ آپریشن عزم استحکام کا بنیادی مقصد دہشت گرد گروہوں اور ان کی کمین گاہوں کو ختم کرنا تھا جو پاکستان کے امن و استحکام کے لیے خطرہ تھے۔ اس نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، خاص طور پر افغانستان-پاکستان سرحد کے ساتھ، جہاں دہشت گرد گروہوں نے پاکستان میں شہری اور فوجی اہداف پر حملے کرنے کے لیے محفوظ پناہ گاہیں قائم کی تھیں۔ ایک اور اہم مقصد پاکستان کے اندر سرگرم دہشت گرد گروہوں کے اعلی درجے کے رہنماؤں کو پکڑنا یا ختم کرنا تھا۔ یہ رہنما حملوں کی منصوبہ بندی اور نئے اراکین کی بھرتی کے ذمہ دار تھے۔ اس کارروائی کا مقصد قبائلی علاقوں ، خاص طور پر شمالی اور جنوبی وزیرستان، خیبر پختونخوا اور شورش سے بہت زیادہ متاثر دیگر علاقوں میں امن و امان کی بحالی کرنا تھا۔ عسکریت پسندوں پر توجہ مرکوز کر کے اس کارروائی میں مقامی برادریوں کو تحفظ فراہم کرنے کی کوشش کی گئی جنہوں نے طویل عرصے سے تشدد اور لاقانونیت کو برداشت کیا تھا۔ افغانستان-پاکستان سرحد کی غیر محفوظ نوعیت کو دیکھتے ہوئے آپریشن عزم استحکام نے دونوں ممالک کے درمیان دہشتگردوں کی نقل وحرکت کو روکنے کے لیے سرحدی سلامتی کو بہتر بنانے پر نمایاں زور دیا۔ اس کا مقصد دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں میں حکومت اور شہری آبادی کے درمیان اعتماد کی تعمیر نو کرنا بھی تھا۔ دہشت گرد گروہوں کی اپیل اور ان کے انتہا پسند نظریات کو کمزور کرنے کے لیے شہریوں کا تحفظ اہم تھا۔ اس آپریشن میں ایک کثیر جہتی فوجی حکمت عملی استعمال کی گئی ، جس میں انٹیلی جنس پر مبنی آپریشنز (آئی بی اوز) فضائی نگرانی، زمینی حملے اور پاکستانی فوج اور نیم فوجی دستوں پر مشتمل مشترکہ کارروائیاں شامل ہیں۔ اس میں خیبر پختونخوا، بلوچستان اور سابق قبائلی علاقوں کو خصوصی توجہ دی گئی جو طویل عرصے سے مختلف عسکریت پسند گروہوں کے گڑھ سمجھے جاتے تھے۔ آپریشن کا ایک اہم پہلو دہشت گرد نیٹ ورکس کا سراغ لگانے اور انہیں بے اثر کرنے کے لیے انٹیلی جنس کا استعمال تھا۔ پاکستان کی فوج اور انٹیلی جنس ایجنسیوں نے دہشت گرد کمانڈروں اور ان کے ٹھکانوں کا پتہ لگانے اور ان کا خاتمہ کرنے کے لیے قابل عمل انٹیلی جنس جمع کرنے میں تعاون کیا۔ آپریشن عزم استحکام نے مختلف فوجی شاخوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان ہم آہنگی کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ فوج ،فرنٹیئر کور اور پولیس دستوں نے مل کر دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر چھاپوں اور حملوں کو انجام دینے کے لیے کام کیا۔ ان علاقوں میں جہاں دہشت گردوں کے ٹھکانوں تک رسائی مشکل تھی ان کو نشانہ بنانے کے لیے فضائی حملے اور توپ خانے تعینات کیے گئے تھے۔ ان فضائی حملوں نے دہشتگرد گروہوں کی صلاحیتوں کو ختم کرنے اور ان کی کارروائیوں میں خلل ڈالنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس کارروائی کا مقصد نہ صرف عسکریت پسندوں کا براہ راست مقابلہ کرنا تھا بلکہ دہشت گردی کی حمایت کرنے والے بنیادی ڈھانچے ، جیسے ہتھیاروں کے ذخائر، تربیتی کیمپوں اور مواصلاتی نیٹ ورکس کو بھی ختم کرنا تھا۔ اس حکمت عملی کا مقصد خطے میں دہشت گرد گروہوں کی آپریشنل صلاحیتوں کو کم کرنا تھا۔ دہشت گردوں کو سرحد عبور کرنے سے روکنے کے لیے پاکستان نے ڈیورنڈ لائن پر اضافی فوجی دستے تعینات کر کے اپنی سرحدی سلامتی کو مضبوط کیا۔ اس کارروائی میں مزید حفاظتی چوکیاں بنانا اور دہشت گردوں کے زیر استعمال اہم راستوں پر نگرانی بڑھانا بھی شامل تھا۔ اپنے آغاز کے بعد سے آپریشن عزم استحکام نے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی جنگ میں کئی اہم سنگ میل حاصل کیے ہیں۔ ایک قابل ذکر کامیابی کئی اعلی درجے کے دہشت گردوں کا خاتمہ یا گرفتاری رہی ہے، جن میں ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد دھڑوں کے کمانڈرز شامل ہیں۔ یہ رہنما پاکستان میں بڑے حملوں کی منصوبہ بندی کے ذمہ دار تھے اوران کے خاتمے نے ان گروہوں کی آپریشنل طاقت کو متاثر کیا ہے۔ انٹیلی جنس پر مبنی کارروائیوں کے ذریعے پاکستانی فوج نے ملک کے قبائلی علاقوں میں متعدد دہشت گرد سیلز کو ختم کیا ہے۔ ان کوششوں کے نتیجے میں دہشت گردی میں استعمال ہونے والے بڑی مقدار میں ہتھیار، دھماکہ خیز مواد اور دیگر مواد بھی برآمد ہوئے ہیں۔ اگرچہ دہشت گردی کا مکمل طور پر خاتمہ نہیں ہوا ہے لیکن اس کارروائی کی وجہ سے بڑے پیمانے پر حملوں کے تعداد میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔ اس نے دہشت گرد گروہوں کی بڑے حملے کرنے کی صلاحیت کو متاثر کیا ہے ، جس سے شہری آبادی کو کچھ راحت ملی ہے۔ دہشت گردی سے بہت زیادہ متاثر ہونے والے علاقوں میں امن وامان کی بحالی میں آپریشن عزم استحکام نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ کبھی دہشتگرد گروہوں کے زیر تسلط رہنے والے علاقے اب پاکستانی ریاست کے قبضے میں ہیں اور شہری آہستہ آہستہ ان علاقوں میں اپنے گھروں کو واپس لوٹ رہے ہیں جو ایک وقت میں تنازعات سے تباہ ہو چکے تھے۔ پاکستان اور افغانستان کی سرحد پر بہتر حفاظتی اقدامات سے سرحد پار دہشت گردوں کی دراندازی میں بھی کمی آئی ہے۔ اگرچہ چیلنجز موجود ہیں لیکن آپریشن کے دوران متعارف کرائی گئی حفاظتی حکمت عملی نے دونوں ممالک کے درمیان دہشتگردوں کی نقل وحرکت کو نمایاں طور پر محدود کر دیا ہے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان اوراس کی فوج نے انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق 2024 میں انٹیلی جنس پر مبنی 59775 کامیاب آپریشنز کیے گئے جن کے نتیجے میں 925 دہشت گرد مارے گئے اور سینکڑوں گرفتار ہوئے۔ سیکیورٹی ذرائع مزید بتاتے ہیں کہ پاکستانی افواج، انٹیلی جنس ایجنسیاں، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے روزانہ169 سے زیادہ آپریشنز سرانجام دے رہے ہیں۔ 2024 میں ان کارروائیوں کے دوران ملک کے 73 انتہائی مطلوب دہشت گرد مارے گئے تھے۔ مزید برآں ، 14 مطلوب دہشت گردوں کو قومی دھارے میں دوبارہ شامل کیا گیا اور دوخودکش بمباروں کو گرفتار کیا گیا جس سے ایک بڑی تباہی ٹل گئی۔ دہشت گردوں، خوارجیوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف آرمی چیف کے غیر متزلزل موقف کو بڑے پیمانے پر سراہا گیا ہے اور غیر ملکی میڈیا نے بھی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ان کی طاقتور آواز کی تعریف کی ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاکستانی حکومت اور فوج کی کوششیں قابل ستائش ہیں اورانہیں پاکستان کے عوام کی مکمل حمایت حاصل ہے۔ پاکستان کے لوگ ان اقدامات اور ملک میں امن واستحکام لانے کے عزم کو سراہتے ہیں۔

انسانی اسمگلنگ ایک ناسور

احساس کے انداز
جاوید ایاز خان

روزنامہ سرزمین لاہور کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ اور اس اخبار کے چیف ایڈیٹر ہمیشہ اپنے اداریے اور کالموں میں ہر خبر اور ہر موضوع کے مثبت پہلو کو نا صرف اجاگر کرتے ہیں بلکہ بنی نہایت مختصر اور حقیقت پسندانہ رائے کا اظہار کر کے عام آدمی کے ذہنوں تک بڑی آسانی سے رسائی حاصل کر لیتے ہیں۔ میں ذاتی طور پر اس قومی اخبار کے اداریے اور خصوصی طور پر رانا محمد صفدر علی خان صاحب کے کالموں کو ضرور پڑھتا ہوں ۔گذشتہ دنوں انہوں نے اپنے اداریے میں انسانی اسمگلرز اور ان کے سہولتکاروں اور ان کے ساتھ ملوث سرکاری اہل کاروں کے کے خلاف فوری اور سخت تادیبی کاروائی کی وزیر اعظم کی ہدایت کو سراہا اور اس بارے میں تفصیل سے اس مافیہ کی نشاندہی کی ہے اور اس مکروہ دھندے میں ملوث افراد کے خلاف سخت ترین حالیہ اقدامات کی بڑی تعریف کی ہے اور اسے وزیر اعظم اور حکومت کا ایک تاریخ ساز اقدام قرار دیا ہے جس میں وزیر اعظم نے ان اسگلرز کی جائیداد ضبط کرنے کا اعلان بھی کیا ہے ۔اس بھیانک مافیہ اور دھندے کو بےنقاب کرنے کے بارے میں شاید اس اداریہ سے بہتر نہیں لکھا جا سکتا۔ میرا کالم "سانحے کرتے ہیں محور کو تلاش "شائع ہوا تو میرے ایک قاری نے مجھے لکھا کہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے اسی فیصد لوگ تو یہ جانتے ہی نہیں کہ انسانی اسمگلنگ کسے کہتے ہیں؟ اور دوسری بات یہ ہے کہ جب تک کسی چیز یا اسکی حقیقت کے بارے میں معلوم نہیں نہ ہو تو عوامی سطح پر اس کی روک تھام کر نا کیسے ممکن ہو سکتا ہے؟ حکومت کے اس بارے میں سخت ترین اقدامات ہی صرف کافی نہیں ہوتے جب تک کہ ہر سطح پر اس مافیہ کی لوٹ مار کے خلاف آواز نہ اٹھائی جائے ۔شاید تب ہی ان کا کوئی حل ممکن ہو سکتا ہے جب عوام ادارے اور معاشرے کا ہر فرد بھی ان کے بھیانک چہرے دیکھ سکے اور حکومت کے شانہ بشانہ ان کی سرکوبی کا حصہ بنے ۔اپنے ان قاری کی خواہش پر انسانی اسمگلنگ کے بارے میں مختصرا " لکھ رہا ہوں اور ساتھ ساتھ حکومت اور عوام کی مشترکہ کوششوں کے بارے میں بھی بتانا ضروری سمجھتا ہوں ۔ ہمارے ہاں انسانی اسمگلنگ اور تارکین وطن کی اسمگلنگ کو ایک ہی سمجھا جاتا ہے جبکہ دونوں میں بہت فرق ہوتا ہے۔ دراصل انسانی اسمگلنگ ایک بہت پرانہ عالمی مسئلہ بلکہ المیہ ہےجس میں افراد کو غیر قانونی طور پر ملکوں کے اندر یا بین الاقوامی سطح پر منتقل کیا جاتا ہے۔ تاکہ ان سے زبردستی مزدوری ،جسم فروشی ،یا دیگر غیر انسانی سرگرمیوں کے لیے کام لیا جا سکے یا پھر سنہرے خواب دکھا کر اپنے چنگل میں پھانس لیا جائے ۔اسے جدید غلامی کی ایک شکل بھی کہا جا سکتا ہے ۔ یہ نا صرف ایک قانونی جرم ہوتا ہے بلکہ انسانی بنیادی حقوق کی خلاف ورزی بھی ہوتی ہے ۔انسانی اسمگلرز متاثرین پر قابو پانے کے لیے ان کی نازک صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہیں ۔انسانی اسمگلنگ کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں مثلا" جنسی استحصال ،مزدوری کا استحصال یا جبری مشقت ، جبری جرم ، بھیک مانگنے کا استحصال ،اعضا کا غیر قانونی نکالنا۔ اس کا شکار عام طور پر کمزور، غریب اور ناخواندہ افراد بنتے ہیں ۔انسانی اسمگلنگ کی بنیادی وجوہات پر غور کریں تو یہ نظر آتا ہے کہ غربت سے متاثرہ افراد بہتر مواقع یا روزگار کی تلاش یا لالچ میں ان اسگلرز کا نشانہ ہو جاتے ہیں جو انہیں مستقبل کے سنہرے خواب دکھا کر نہ صرف مالی نقصان پہنچاتے ہیں بلکہ اکثر ان کی زندگی سے بھی کھیلتے ہیں ۔ ہمارے ملک میں ناخواندگی یا تعلیم کی کمی اور معلومات کا نہ ہونا ایک ایسا المیہ ہے جس کی وجہ سے معصوم لوگوں کو یہ اسمگلرز دھوکہ دینے میں بآسانی کامیاب ہو جاتے ہیں ۔ملک میں سیاسی عدم استحکام ، جنگ زدہ ہونے کے ساتھ ساتھ بیروزگاری کی باعث لوگ اپنے ملک سے ان کے ہمراہ فرار ہونے کی کوشش کرتے ہیں اور اسمگلنگ کا شکار ہو جاتے ہیں ۔تارکین وطن کی اسمگلنگ اس وقت عمل میں آتی ہے جب کوئی شخص غیر قانونی طریقے سے کسی غیر ملک میں داخل ہونے اور بین الاقوامی سرحد کو پار کرنے کے لیے کسی اسمگلر کے ساتھ اپنی مرضی سے معاہدہ کرتا ہے۔ اس کی تعریف سرحدوں کے آر پار منظم جرائم کے خلاف اقوام متحدہ کے معاہدے کے تسلسل میں، وجود میں آنے والے خشکی ،سمندر اور فضا کے راستے تارکین وطن کی اسمگلنگ کے خلاف عالمی معاہدے) تارکین وطن کی اسمگلنگ کے پروٹوکول (میں بیان کی گئی ہے۔ تارکین وطن کی سمگلنگ کا تعلق عام طور پر جعل سازی سے دستاویزات حاصل کر کے کسی ملک کی سرحد کے پار لے جانے سے ہوتا ہے۔ تاہم بعض ممالک میں ٹرانسپورٹیشن اور دوسرے ملک میں اپنی منزل پر پہنچ جانے کے بعد ان افراد کو محفوظ ٹھکانے مہیا کرنے کو بھی شامل کرتے ہیں۔ دوسرے ملک کو بھیجے جانے پر تارکین وطن کی رضامندی اور ان کے اور اسمگلروں کے درمیان معاہدہ پورا ہو جاتا ہے جب تارکین وطن اپنی منزل پر پہنچ جاتے ہیں اور اسمگلروں کو پوری ادائیگی کر دی جاتی ہے۔ باہمی معاہدہ کے باوجود جن لوگوں کو اسمگل کیا جاتا ہے انہیں انسانوں کی خرید وفروخت، ناروا سلوک اور جرائم کے شدید خطرے کا سامنا رہتا ہے۔ اس لیے کہ وہ غیر قانونی طور پر کسی غیر ملک میں رہ رہے ہوتے ہیں اور ان کے ذمے اسمگلروں کے بھاری واجب االدا قرض ہوتے ہیں۔ اسمگل ہونے والے تارکین وطن بعض اوقات اپنے ملک میں خون ریزی اور جرائم کی سزا سے بچنے کیلیے بھی اکثر لیے فرار ہوتے ہیں، کچھ لوگ محض بہتر زندگی، اقتصادی مواقع، یا بیرون ملک پہلے سے موجود اپنے خاندان میں شامل ہونے کے لیے ایسا کرتے ہیں۔ اسمگل کیے جانے والے بعض تارکین وطن کو عبوری مرحلے کے دوران یا دوسرے ملک میں پہنچ جانے کے بعد، جسم فروشی یا محنت کشوں کی خرید وفرخت اور تشدد کا نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ اس طرح یہ افراد انسانی سمگلنگ کا شکار بن جاتے ہیں۔ تاہم اسمگلنگ کے تمام واقعات میں انسانوں کی خرید وفروخت نہیں ہوتی، اور نہ ہی انسانوں کی خرید وفروخت کے تمام واقعات، تارکین وطن کی سمگلنگ سے شروع ہوتے ہیں۔ انسانی سمگلنگ اور تارکین وطن کی سمگلنگ کی حقیقت، اکثر گڈمڈ ہو جاتی ہے، اسی وجہ سے خاص طور پر پالیسی سازوں، قانون کا نفاذ کرنے والوں، امیگریشن افسروں، اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے لیے ضروری ہے کہ انہیں دونوں کے درمیان فرق کا بخوبی ادراک ہو۔ جب انسانی اسمگلنگ کے متاثرین کو غلط فہمی سیا سمگل کیے جانے والے تارکین وطن سمجھا جاتا ہے تو یہ امکان پیدا ہو جاتا ہے کہ انسانی اسمگلنگ سے متاثرہ کا دوبارہ استحصال کا نشانہ بننے کا خطرہ پیدا ہو۔ وہ تحفظ سہولیات یا قانونی امداد حاصل نہیں کر پائیں گے جن کے وہ مستحق ہیں اور انہی وجوہات کی بنا پر امیگریشن اور انسانی سمگلنگ کے خلاف ملکی قوانین میں، تارکین وطن کی سمگلنگ اور انسانی سمگلنگ کی تعریف اور دونوں کے لیے الگ الگ سزاں کو واضح کیا جانا چاہیے۔ تارکین وطن کی سمگلنگ سے متعلق کارروائیوں کے دوران، نفاذ قانون کے ذمے دار حکام جب کبھی تارکین وطن کو شناخت کریں تو انسانی سمگلنگ کے آثار کا پتہ چلانے کے لیے تارکین وطن کی جانچ پڑتال ضرور کرنا چاہیے۔ بہر حال انسانی اسمگلرز ہوں یا تارکین وطن کے اسمگلرز دونوں ہی قابل گرفت ،نا قابل معافی اور سخت کاروائی کے مستحق ہوتے ہیں۔ انسانی اسمگلنگ کے خلاف دنیا بھر کی طرح پاکستانی حکومت بھی مختلف سطحوں پر انسانی اسمگلنگ کے خاتمے کے لیے اقدامات کر رہی ہیں، جن میں اس عمل اور اس مافیہ کے خلاف سخت قانون سازی شامل ہیں۔ پاکستان میں پریوینشن آف ٹریفکنگ ان پرسنز ایکٹ 2018 نافذ کیا گیا ہے، جو انسانی اسمگلنگ کو روکنے کے لیے اہم قوانین فراہم کرتا ہے۔ جس پر موجودہ وزیر اعظم سختی سے عملدرآمد کا عزم رکھتے ہیں ۔ پاکستان اور یہاں کا نوجوان بڑے عرصے سے انسانی اسگلرز کے اس طاقتور اور باثر مافیہ کے ہتھے چڑھ رہا ہے ۔اس خطرناک سفر میں بیشمار نوجوان سمندر میں ڈوب کر یا پھر کنٹینرز میں دم گھٹنے کی باعث اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں ۔ پاکستان کے علاوہ بھی دیگر ممالک اس بارے می سخت ترین قوانین نافذ کر چکے ہیں۔ جس میں قومی اور بین الاقوامی تعاون شامل ہے جہاں انسانی اسمگلنگ کے خلاف حکومتیں بین الاقوامی تنظیموں، جیسے انٹرپول اور اقوام متحدہ کے ساتھ تعاون کرتی ہیں۔ ممالک کے درمیان علاقائی معاہدے اور آپریشنز کیئے جاتے ہیں ۔ قانون نا فذ کرنے والے ادارے پولیس، ایف آئی اے، اور دیگر ایجنسیاں انسانی اسمگلنگ کے نیٹ ورکس کو توڑنے کے لیے کام کرتی ہیں۔ بارڈر کنٹرول کو مضبوط کیا جاتا ہے۔ حکومت کے لیے اس سے متاثر افراد کی بحالی بھی ایک چیلنج سے کم نہیں ہوتا ۔حکومت اور غیر سرکاری تنظیمیں متاثرین کو قانونی مدد، طبی علاج اور نفسیاتی رہنمائی فراہم کرتی ہیں ۔ حکومتیں بیروزگاری کے سدباب میں اہم کردار ادا کرتی ہیں ۔تاہم ناخواندگی کا خاتمہ اور بیروزگاری میں کمی لانا حکومتی ذمہ داری ہوتی ہے ۔ اس بات کو شدت سے محسوس کیا جاتا ہے کہ صرف حکومتی سخت قوانین اور تادیبی کاروائی ہی کافی نہیں ہوتی اسکے روک تھام میں عوامی آگاہی کی ازحد ضرورت ہے ۔انسانی اسمگلنگ کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کرنے کے لیے میڈیا، ورکشاپس اور تعلیمی مہمات چلائی جانی بڑی ضروری ہوتی ہیں ۔ یقیناً " حکومت اقدامات کے ساتھ ساتھ ہمیں بھی انفرادی اور اجتماعی طور اس ناسور کے خاتمہ کے لیے جہاد کرنا ہوگا اور عوامی شعور بیدار کرنے لیے ہمارے مسجد ومنبر ،میڈیا اور سوشل میڈیا کو آگے بڑھنا ہوگا اوران کالی بھیڑوں کی نشاندہی کر کے سامنے لانا ہوگا۔ تاکہ یہ قانون کی گرفت سے بچ نہ پائیں۔

ہم ہی اِن کے وارث اور محافظ ہیں

طلسم خیال
طاہر قریشی

نومئی بیس تیئس کو ایک ایسا واقعہ پیش آیا تھا جس کی ڈھول میں اِس سے پہلے موقوع پذیر ہونے والے تمام واقعات دب کر رہ گئے تھے۔ اِن میں سب سے زیادہ قابل ذکر سانحہ رہا تھا دہشت گردوں کے ہاتھوں جی ایچ کیو کی اینٹ سے اینٹ بجانا۔ اس حملے کے ملزمان کو اگر پھانسی چڑھا دی جاتی تو نومئی جیسا کوئی واقعہ کبھی رونما نہ ہوتا بلکہ اس کے بعد ملک میں دہشت گردی کی جو بدترین لہر آئی تھی جس کے اثرات اب تک نظر آ رہے ہیں یہ نہ نظر آ رہے ہوتے۔ اگر کالعدم ٹی ٹی پی کے ترجمان اور بنے ہوئے دہشت گرد احسان اللہ احسان کو جہاں چڑیا بھی پر نہیں مار سکتی تھی وہاں سے فرار نہ ہونے دیا جاتا تو آج اس دہشت گرد گروہ الخوارج کی پوری ''قیادت'' اپنے انجام کو پہنچ چکی ہوتی اور ملک بشمول پڑوسی ملک میں دہشت گرد اور خودکش بمبار تیار کرنے کے جو تربیتی مراکز اسلام کے تصورِ جہاد کو مسخ کرنے کی لیے بنے ہوئے ہیں وہ برقرار نہ رہ پاتے لیکن اس کا کیا کیجئے کہ ملک کے وسیع تر مفاد کا ڈھانچہ بنانے والے ایسی حکمت عملیاں بناتے ہیں جن کا ''سر ہوتا ہے نہ ہی پیر، چونچ ہوتی ہے نہ ہی دُم'' ایسے ہی حکمت عملی بنانے والوں کے ہاتھوں قوم برس ہا برس سے بے وقوف بنی ہوئی ہے جس کے نتیجے میں ملک کی ترقی اور خوش حالی، بدحالی کا نشان بن کر رہ گئی ہے، ملک آگے بڑھنا شروع ہوتا ہے تو کوئی نہ کوئی ایسا واقعہ پیش آ جاتا ہے یا کوئی بھی منصوبہ، نقشہ یا خاکہ ترتیب دے دیا جاتا ہے جو اِن ثمرات کی فصل کو اجاڑ کر رکھ دیتے ہیں۔

اگر چہ نومئی کے واقعات کی ویسی تحقیقات نہیں کی گئی جیسی ہونی چاہیے تھیں، نہ ہی اُن ویڈیو فوٹیجز کو سامنے لایا گیا جس میں ملوث بڑی تعداد میں مجرموں کا سراغ مل سکتا جو اس سب میں ملوث پائے گئے اور انہیں پہلے چند دنوں تک ویڈیوز کی شکل میں دکھایا جاتا رہا تھا جن کے اصل یا نقل ہونے کی بات بعد کی تھی کہ ان ویڈیوز کا بھی فرانزک کرایا گیا کہ نہیں کہ ان کی اصلیت سامنے لائی جا سکے کیونکہ عوام میں ان ویڈیوز نے جو گہرے اثرات چھوڑا تھے اسے پی ٹی آئی نے اپنے مطالبات کا حصہ بنا لیا تھا۔ بہر حال یہ امر خوش کن قرار دیا جا سکتا ہے کہ نومئی واقعات کے حوالے سے جہاں ملزمان کو مجرم سمجھتے ہوئے دس سال تک کی سزاؤں سے ہم کنار کیا گیا وہیں اب اِس واقعہ کے انیس مجرمان کی سزاؤں کی معافی کا اعلان کر دیا گیا ہے اور کچھ لوگوں کی رہائی عمل میں بھی آ چکی ہے اور اِس سانحہ کے مجرموں کی سزاؤں پر عمل درآمد کے دوران، کئی مجرمان نے قانونی حق استعمال کرتے ہوئے رحم اور معافی کی درخواست دائر کیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مجموعی طور پر سڑسٹھ مجرمان نے رحم کی درخواست دائر کیں۔ اڑتالیس درخواستوں کو قانونی کارروائی کے لیے ''کورٹس آف اپیل'' میں نظر ثانی کے لیے ارسال کر دیا گیا۔ انیس مجرمان کی درخواستوں کو خالصتاً انسانی بنیادوں پر قانون کے مطابق منظور کیا گیا۔ جبکہ اب دیگر مجرموں کی جانب سے دائر کی جانے والی رحم کی درخواستوں پر عمل درآمد مقررہ مدت میں قانون کے مطابق کیا جائے گا۔ مجرمان کو ضابطے کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد رہا کیا جا رہا ہے اور دیگر تمام مجرمان کے پاس بھی اپیل کرنے کا حق جبکہ قانون اور آئین کے مطابق دیگر قانونی حقوق برقرار ہیں۔ فوج کے ترجمان کے بقول ''سزاؤں کی معافی ہمارے منصفانہ قانونی عمل اور انصاف کی مضبوطی کا ثبوت ہے۔ یہ نظام ہمدردی اور رحم کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔'' اس سے قبل اپریل بیس چوبیس میں قانون کے مطابق انسانی ہمدردی کی بنیاد پر بیس مجرمان کی رہائی کا حکم صادر کیا گیا تھا۔ بات دراصل یہ ہے کہ کل تک جو لوگ فوجی عدالتوں کو جائز قرار دیتے رہے ہیں آج وہی بڑھ چڑھ کر اس کی مخالفت کر رہے ہیں جس پر کئی اطراف سے تنقید کی جا رہی ہے، یہاں معاملات کو الجھایا جا رہا ہے، کل تک سیاسی کارکنوں کو سزائیں نہیں دی گئی تھیں اب لاکھ کہا جائے سزا پانے اور رہا ہونے والے بہرحال سیاسی کارکن ہیں جنہوں نے جوش جذبات میں آ کر توڑ پھوڑ کی اور قانون کو ہاتھ میں لیا تھا اب وہ تائب ہو چکے ہیں اور انہیں سمجھ آ گیا ہے کہ کچھ بھی ہو ادارے اور عمارتیں بھی ہماری اپنی ہی ہیں کوئی دشمن ملک کی نہیں اور یہ ہمارے ہی ادا کیے گئے ٹیکس سے بنائی گئی ہیں، ہم ہی اِن کے وارث اور محافظ ہیں۔ جہاں تک شائستہ انداز میں احتجاج کی بات ہے تو بلا شک وشبہ ایسا ہی پُر امن احتجاج ہونا چاہیے جیسا کہ دنیا بھر میں ہوتا ہے۔ وزیرِ اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے اس کی ایک جھلک دکھائی کہ انہوں نے بیرون ملک دورے میں کچھ آوازیں سنیں ''اووووں، اووووں'' پتہ چلا کہ مزدوروں کو تنخواہ نہیں ملی اس لیے وہ کام کے دوران احتجاج کر رہے ہیں۔ اس امر کی وزیرِ اعظم نے ستائش کی۔ ماضی قریب کی بات ہے جب ایک جماعت نے سپریم کورٹ پر حملہ کیا تھا اور اُس کی اینٹ سے اینٹ بجادی تھی اور اسی سے جلا پاتے ہوئے سرکاری ٹی وی پر بھی بعد میں حملہ کیا گیا پھر نومئی کا واقعہ وقوع پذیر ہوا۔ سب واقعات میں ایک قدر مشترک ہے کہ اس سے پہلے اس ''اووووں، اووووں'' طرز احتجاج کا کسی کو علم نہ تھا ورنہ یہ سانحات نہ ظہور پذیر ہوتے۔ اب لازم ہے جو بھی احتجاج کرنا چاہے وہ یہی طریقہ اپنائے، جب اُن سے کوئی پوچھنے آئے خواہ وہ صدر مملکت ہوں، وزیرِ اعظم ہوں یا وزرائے احتجاج کرنے والے ایک ساتھ ''اووووں، اووووں'' کر کے بتا دیں کہ مسئلہ کیا ہے۔

یہ انتقام ہے یا احتجاج ہے، کیا ہے
یہ لوگ دھوپ میں کیوں ہیں شجر کے ہوتے ہوئے

لیکن اِس سے بھی بڑھ کر بھوکی، ننگی اور مسائل زدہ عوام کی محبوب حکومت کو اپنی ''کاہ بینا'' کے تائی ٹینک کو مزید وزنی کرنے کے لیے کچھ نئے بھاری بھر کم ''بوجھ'' کی اُفتاد آن پڑی ہے اور شُنید ہے کہ اَب وفاقی کابینہ میں اضافہ کر کے مزید ''اصحابِ شہباز'' کو مشرف بہ ''خدمتِ خلق'' کیا جانے والا ہے اور نئے خدمت گاروں کا اضافی بوجھ عوام سے موصول شدہ ٹیکسوں کی مد میں ہونے والی آمدن میں بھی شامل ہونے والا ہے۔ کابینہ میں توسیع کے حوالے سے قرعہَ فال اس بار اَب تک رہ جانے والے خدمت گار حنیف عباسی، طارق فضل چوہدری، پیر عمران شاہ، ڈاکٹر توقیر شاہ، طلال چوہدری اور دیگر کے نام نکلا ہے۔

وفاقی کابینہ میں توسیع اور رَدو بدل کے سلسلے میں وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے ضروری صلاح مشورے مکمل کر لیے ہیں۔ وفاقی کابینہ کے نئے وزرا سے جلد

کائنات کے راز

شاہینیات
محمد جمیل شاہین راجپوت
mjamilshaheen69@gmail.com

قسط نمبر3

حضرت ذوالقرنین علیہ السلام کا سفر اور جدید سائنس حضرت ذوالقرنین علیہ السلام کا ذکر قرآن مجید کی سورہ کہف) آیات (98-83 میں کیا گیا ہے، جہاں ان کے تین اہم اور حیرت انگیز سفروں کا بیان موجود ہے۔ قرآن میں ان کے ان سفروں کا ذکر نہایت اختصار سے کیا گیا ہے، لیکن جدید سائنسی دریافتوں اور قرآنی الفاظ کے گہرے تجزیے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ یہ سفر نہ صرف زمین تک محدود تھے بلکہ کائنات کی وسعتوں اور رازوں تک بھی محیط تھے۔ یہ سفر کائنات کے ایسے رازوں کو بیان کرتے ہیں جنہیں آج کی سائنس بلیک ہولز، نیبولا، اور کائناتی پردے کے نام سے جانتی ہے۔ ان سفروں کا تعلق ستاروں کے جنم لینے، مرنے، اور کائناتی نظام کے عظیم منصوبے سے ہو سکتا ہے۔ حضرت ذوالقرنین کی شخصیت اور مشنحضرت ذوالقرنین اللہ کے ایک برگزیدہ بندے تھے، جنہیں علم، حکمت، اور حکمرانی کی بے مثال طاقت عطا کی گئی تھی۔ قرآن کہتا ہے:" <ہم نے اسے زمین میں اقتدار عطا کیا اور ہر چیز کا سامان مہیا کیا۔) "سورہ کہف: (84 یہ آیت اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ اللہ تعالی نے انہیں صرف زمین پر ہی نہیں بلکہ کائنات میں بھی قدرتی وسائل اور خفیہ راستوں تک رسائی عطا کی۔ ان کا مشن اللہ کے احکامات کے مطابق عدل و انصاف قائم کرنا اور کائنات کے اسرار کو سمجھنا تھا۔ پہلا سفر: مغرب کی سمت)بلیک ہول اور مرتے ہوئے ستارے (حضرت ذوالقرنین کا پہلا سفر مغرب کی طرف تھا، جہاں وہ ایک ایسی جگہ پہنچے جسے قرآن میں "دلدلی پانی کے چشمے " کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔" <یہاں تک کہ جب وہ سورج کے غروب ہونے کی جگہ پہنچے، تو انہوں نے اسے ایک کالے پانی کے چشمے میں ڈوبتے پایا۔) "سورہ کہف: (86 سائنسی تشریح: یہ "دلدلی پانی " کسی زمینی جگہ کا ذکر نہیں بلکہ ایک ایسا مقام ہو سکتا ہے جہاں ستارے اپنی زندگی مکمل کر کے ختم ہو رہے ہوں۔ دلدلی پانی سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کائنات میں کوئی مائع چیز موجود ہے۔ . 1مرتے ستارے اور بلیک ہولز: ستارے جب اپنی زندگی کے اختتام پر پہنچتے ہیں تو وہ سپرنووا کے ذریعے ختم ہو جاتے ہیں، اور ان کے بعد بلیک ہول یا نیوٹران ستارہ بن سکتا ہے۔ بلیک ہولز کے ارد گرد جمع ہونے والی گیس اور مائع مادہ قرآن کے بیان کردہ "دلدلی پانی "کے تصور سے مشابہت رکھتا ہے۔ سورج کا "غروب ہونا "علامتی طور پر ستارے کے ختم ہونے یا اس کے بلیک ہول میں تبدیل ہونے کی نشاندہی کر سکتا ہے۔ ذوالقرنین کی ملاقات: اس مقام پر حضرت ذوالقرنین نے ایک قوم کو پایا۔ اللہ تعالی نے انہیں اختیار دیا کہ وہ ان کے ساتھ سختی کریں یا نرمی کا برتا کریں۔ ذوالقرنین نے عدل سے کام لیا اور اعلان کیا کہ جو لوگ نافرمانی کریں گے، انہیں سزا دی جائے گی۔ جو لوگ ایمان لائیں گے اور نیک عمل کریں گے، انہیں انعام دیا جائے گا۔ یہ واقعہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ اللہ کا عدل کائنات کے کسی بھی کونے میں قائم کیا جا سکتا ہے، چاہے وہ ستاروں کے مرتے ہوئے خطے ہی کیوں نہ ہوں۔ دوسرا سفر: مشرق کی سمت) نیبولا اور نئے ستاروں کی پیدائش(دوسرا سفر مشرق کی سمت تھا، جہاں حضرت ذوالقرنین ایک ایسی جگہ پہنچے جہاں سورج کے سامنے کوئی پردہ نہیں تھا۔" <یہاں تک کہ جب وہ سورج کے طلوع ہونے کی جگہ پہنچے، تو انہوں نے ایک ایسی قوم کو پایا جس کے لیے ہم نے سورج کے سامنے کوئی پردہ نہیں بنایا تھا۔) "سورہ کہف:(90 سائنسی تشریح: یہ مقام زمین کا کوئی حصہ نہیں ہو سکتا بلکہ کائنات کے وہ علاقے ہو سکتے ہیں جنہیں جدید سائنس میں نیبولا (Nebula) کہا جاتا ہے۔ .1 نیبولا کیا ہے؟ نیبولا گیس اور دھول کے عظیم بادل ہیں جہاں نئے ستارے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ علاقے روشنی اور حرارت کے شدید اخراج کے لیے مشہور ہیں۔ قرآن میں "پردہ نہ ہونے " کا ذکر شاید نیبولا کے ماحول کی طرف اشارہ کرتا ہے، جہاں گیس کے بادلوں کے درمیان روشنی کسی رکاوٹ کے بغیر خارج ہوتی ہے۔ یہاں نئے ستاروں کے بننے کا عمل جاری رہتا ہے، جو کائناتی زندگی کے تسلسل کی عکاسی کرتا ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ یہاں جو قوم آباد تھی وہ دن کو پانی میں رہتی تھی اور رات کو باہر نکلتی تھی کیونکہ سورج کی تابکار شعاعیں نقصان نہ پہنچا سکیں۔ ذوالقرنین کا مشن: اس مقام پر حضرت ذوالقرنین نے ایک اور قوم کو پایا جو ان حالات کے مطابق زندگی گزار رہی تھی۔ اللہ تعالی نے اس قوم کے حوالے سے ذوالقرنین کو کوئی خاص حکم نہیں دیا، اور وہ ان لوگوں کو ان کی حالت پر چھوڑ کر آگے بڑھ گئے۔ یہ واقعہ ظاہر کرتا ہے کہ ہر قوم کے ساتھ ایک جیسا سلوک نہیں کیا جاتا بلکہ ان کے حالات کے مطابق فیصلے کیے جاتے ہیں۔ تیسرا سفر: سدین) دو پردوں کے درمیان، کائناتی دروازے(تیسرا سفر ایک منفرد مقام کی طرف تھا جسے قرآن "سدین "یعنی "دو پردوں کے درمیان " کہتا ہے۔" <پھر وہ دو پہاڑوں کے درمیان پہنچا، اور وہاں ایک قوم کو پایا جو یاجوج و ماجوج کے حملوں سے پریشان تھی۔) "سورہ کہف: (94-93 سائنسی تشریح: یہ "دو پہاڑوں کے درمیان راستہ "زمین کا کوئی عام راستہ نہیں بلکہ کائنات کے دو عظیم پردوں یا خفیہ دروازوں کے درمیان ہو سکتا ہے۔ .1 کائناتی پردے: کائنات میں بلیک ہولز یا کائناتی رکاوٹوں کے درمیان کچھ ایسے علاقے ہو سکتے ہیں جو محفوظ راہداری کے طور پر کام کرتے ہیں۔ یہ راستے کسی خطرناک مخلوق یا توانائی کو محدود کرنے کے لیے بنائے گئے ہو سکتے ہیں۔ یہاں یاجوج و ماجوج جیسی مخلوقات کی موجودگی قرآن کے بیان کردہ خفیہ قوتوں یا کائناتی طاقتوں کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ یاجوج و ماجوج کا مسئلہ: یہاں ذوالقرنین کو ایک قوم نے مدد کے لیے پکارا جو یاجوج و ماجوج کے مسلسل حملوں سے پریشان تھی۔ یاجوج و ماجوج کو کائنات کی کسی مخلوق یا توانائی کے طور پر بھی سمجھا جا سکتا ہے جو حد سے تجاوز کرتی ہے۔ ذوالقرنین نے لوہے اور تانبے کی ایک مضبوط دیوار بنائی تاکہ انہیں محدود رکھا جا سکے۔ دیوار کی خصوصیات: یہ دیوار اتنی مضبوط تھی کہ یاجوج و ماجوج اسے نہ پھاڑ سکتے تھے اور نہ اس میں سوراخ کر سکتے تھے۔ ذوالقرنین نے کہا کہ یہ دیوار قیامت تک قائم رہے گی، لیکن جب اللہ کا حکم ہوگا تو یہ گر جائے گی۔ یہ دیوار کائنات کے کسی خفیہ راستے کی بندش یا کسی مخلوق کو قابو میں رکھنے کے لیے بنائی گئی ایک کائناتی رکاوٹ ہو سکتی ہے۔ حضرت ذوالقرنین کے سفروں کا سبقحضرت ذوالقرنین کے یہ تین سفر کئی اہم اسباق دیتے ہیں: .1 ستاروں کی زندگی اور موت کا مظاہرہ: پہلے سفر میں ستاروں کے ختم ہونے اور بلیک ہولز کے مقام کی عکاسی کی گئی، جو کائناتی فنا کے نظام کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ .2 نئے ستاروں کی پیدائش: دوسرے سفر میں نیبولا جیسے علاقے کا ذکر ہے جہاں نئے ستارے پیدا ہوتے ہیں، جو اللہ کی تخلیق کے تسلسل کا مظہر ہیں۔ .3 کائناتی عدل و انصاف: ذوالقرنین کے سفروں سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ کائنات کے کسی بھی حصے میں اللہ کا عدل و انصاف قائم کیا جا سکتا ہے۔ .4 کائنات کی وسعت: ان سفر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ نے کائنات کو نہایت وسیع اور متنوع بنایا ہے، اور انسان کو چاہیے کہ وہ اس تخلیق کو سمجھنے اور اس سے سبق حاصل کرنے کی کوشش کرے۔ حضرت ذوالقرنین کے یہ تین عظیم سفر قرآن کے الفاظ اور جدید سائنسی تحقیق کے درمیان ہم آہنگی کی بہترین مثال ہیں۔ یہ سفر نہ صرف اللہ کی قدرت اور تخلیق کی وسعت کو بیان کرتے ہیں بلکہ انسان کو عدل وانصاف، علم کے حصول، اور اللہ کی بندگی کی طرف بھی دعوت دیتے ہیں۔ ان سفروں میں ستاروں کی موت، نئے ستاروں کی پیدائش، اور کائناتی نظام کے رازوں کا جوڑ کر ملتا ہے، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ قرآن مجید ہر زمانے کے لیے ایک رہنما کتاب ہے۔

دلوں کے حکمران خواجہ معین الدینؒ

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

مغل اعظم شہنشاہ اکبر جتنا عرصہ زندہ رہا اجمیر شریف خواجہ خواجگان معین الدین چشتی کے مزار پرانوار پر عقیدت سے حاضری دیتا رہا، اجمیر شریف کا راستہ بتانے والے درویش وقت حضرت شیخ سلیم الدین چشتی کے در پر بھی سوالی بن کر جاتا رہا، اکبر اعظم کے بعد اس کا بیٹا سلیم الدین عرف عام میں جہانگیر تخت نشین ہوا، بلاشبہ شہزادہ سلیم عاشق مزاج تھا لیکن اپنے مرشد کریم حضرت سلیم الدین چشتی سے دیوانہ وار عقیدت رکھتا تھا، بادشاہ کی حضرت سے عقیدت و محبت سے بہت سارے لوگ جلتے تھے ایک بار کسی مقرب درباری نے حضرت شیخ کی شان میں گستاخانہ الفاظ کہہ دیے، یہ درباری بادشاہ کی محبوب اور لاڈلی بیوی ملکہ نور جہاں کا چہیتا تھا اس کی گستاخی اور شیخ کی شان کے بارے میں نازیبا کلمات کا جب جہانگیر کو پتہ چلا تو وہ یہ گستاخی برداشت نہ کر سکا غصے سے پاگل ہو گیا اور یہ حکم جاری کیا اس نافرمان گستاخ کی زبان گدی سے کھینچ نکالو اور میرے سامنے پیش کرو، محبوب ملکہ نور جہاں کو پتہ چلا تو اس نے اس شخص کی بھرپور سفارش کی ہاتھ جوڑے روئی پیٹی بہت زیادہ منت سماجت کی مگر جہانگیر پر ملکہ کی سحر انگیز اداؤں اور معافیوں کا بلکل بھی اثر نہ ہوا اور غصے سے بولا اگر میرے مرشد شیخ کی شان میں ایسی گستاخی تم کرو گی تو تمہارا حشر بھی ایسا ہی ہوگا۔ پھر ہزاروں لوگوں نے یہ خوفناک منظر دیکھا جب اس شخص کی گردن میں سوراخ کر کے اس کی گستاخ زبان نکال لی گئی اور پھر جب یہ بے ادب زبان بادشاہ کے سامنے لائی گئی تو بادشاہ دھاڑتے ہوئے با آواز بولا ہر وہ زبان جو میرے مرشد کی گستاخی کرے گی اس کا حشر یہی ہوگا، لوگ حیرت سے دیکھتے کہ جہانگیر جس کی ماں ایک ہندو عورت تھی جس نے بچپن سے اپنی ماں کو بتوں اور مورتیوں کے سامنے ماتھا رگڑتے دیکھا وہ کبھی بھی ہندو مذہب اور بتوں کی پرستش کی طرف مائل نہ ہوا، یہ بادشاہ سلیم کی اپنے مرشد اور خواجہ معین الدین سرکار سے والہانہ محبت تھی کہ ایسا بچہ جو ہندو عورت کے بطن سے پیدا ہوا کبھی بھی اسلام سے دور نہ ہوا، شہنشاہ اجمیر کا فیض تھا کہ اکبر اعظم دین الٰہی کے باوجود خواجہ پاک کے نورانی فیض اور سحر سے نہ بچ سکا اور جہانگیر بھی آخری دم تک شاہ اجمیر اور خواجہ سلیم چشتی کے سحر اور عقیدت میں مبتلا رہا۔ وقت کروٹ لیتا ہے جہانگیر پیوند خاک ہوتا ہے تو اس کا بیٹا شاہ جہاں تخت نشین ہوتا ہے شاہ جہاں کے چاروں بیٹوں میں تخت کی جنگ شروع ہوتی ہے، داراشکوہ، شجاع، مراد اور اورنگ زیب چاروں کی لڑائی میں، دارا، شجاع اور مراد کو شکست ہوتی ہے اورنگ زیب مغلیہ سلطنت کا وارث بن کر جلوہ گر ہوتا ہے، اورنگزیب مذہبی رجحان رکھتا تھا وہ اپنی روزی کے لیے ٹوپیاں سیتا اور قرآن پاک کی کتابت کرتا اسی دوران جب جوگیوں اور ملنگوں نے اسلامی تعلیمات کا چہرہ مسخ کرنے کی کوشش کی تو اورنگزیب کی تلوار بے نیام ہوئی جس نے شراب افیمیوں اور دوسرے نشے استعمال کرنے کے بعد فقیری ولائت کا دعوی کیا وہ قہر عالمگیری سے نہ بچ سکا، جھوٹے صوفیوں کی زندگی کا دائرہ تنگ ہونے لگا تو اورنگزیب کو درویشوں صوفیوں کا دشمن سمجھا جانے لگا جبکہ حقیقت یہ تھی کہ وہ تو خود حضرت شیخ مجدد الف ثانی کے بیٹے خواجہ معصوم کا مرید اور عقیدت مند تھا، اصل بات یہ تھی کہ نام نہاد ملنگوں، جوگیوں نے جب تصوف کی حقیقی تعلیمات کی بجائے قبر پرستی اور ناچ گانے کو رواج دیا تو بادشاہ کی تلوار ان کے خلاف بے نیام ہوگئی اورنگزیب کے غصے کی وجہ یہ تھی کہ مزارات مقدسہ پر ہر وقت میلہ لگا رہتا تھا یہ بھکاری بھیک مانگنے کے ساتھ ساتھ منشیات کی لعنت میں بھی مبتلا ہو چکے تھے معذور گداگروں کے علاوہ بہت زیادہ تعداد میں صحت مند لوگوں نے بھی جعلی معذوروں کا بھیس بدل لیا تھا، اورنگزیب نے جس طرح معاشرے کے دوسرے بے ایمان لوگوں کو سیدھا کیا اِس لیے یہاں بھی اورنگزیب ایسے نام نہاد جھوٹے بھکاریوں اور صوفیوں کے خلاف تھا، اورنگزیب نے تو مزارات مقدسہ پر فضول رسموں اور بدعت کے سیلاب کو روکنے کی کوشش کی ہندوستان کے مختلف مزارات سے ہوتا ہوا آخر اورنگزیب سلطان الہند خواجہ معین الدین چشتی کے مزار اقدس پر حاضری کے لیے اجمیر شریف کی طرف روانہ ہوا۔ اجمیر شریف سے باہر ہی اورنگزیب سواری سے اتر کر پیدل چلنا شروع ہو گیا خدمت گاروں نے بار بار سواری پیش کی لیکن اورنگزیب کے جاہ جلال سے ہر طرف خاموشی اور سکوت کا عالم تھا اچانک بادشاہ کی نظر قطار میں کھڑے اندھوں پر پڑی جو نظر سے محروم تھے لیکن بھیک کے لیے ہاتھ پھیلائے کھڑے تھے، اورنگزیب نے ایک اندھے سے پوچھا تم یہاں کس لیے آئے ہو تو بولا آنکھوں کی روشنی لینے آیا ہوں بادشاہ نے پوچھا کب سے یہاں ہو تو وہ بولا پانچ سال سے ابھی تک تمہارے آنکھیں ٹھیک کیوں نہیں ہوئیں خدا کی مرضی اندھے نے جواب دیا اِسی طرح اورنگزیب نے دوسرے اندھوں سے بھی یہی پوچھا کسی نے بتایا دس سال کسی نے کہا زیادہ عرصہ سے یہاں موجود ہوں لیکن آنکھوں کی روشنی سے محروم ہوں اورنگزیب جلال میں آ کر بولا میں مانگنے جا رہا ہوں اگر میری واپسی تک تم لوگوں کی بینائی واپس نہ آئی تو سب کو قتل کر دوں گا، پھر بادشاہ شہنشاہ اجمیر کے مزار کی طرف اِس طرح بڑھا جس طرح غلام اپنے آقا کی طرف جاتا ہے۔ لوگوں کا سیلاب امڈا آتا تھا ہندوستان کے شہنشاہ کو دیکھنے لیکن اورنگزیب دنیا مافیا سے بے خبر غلاموں کی طرح شاہ اجمیر کے قدموں میں ہاتھ باندھ کر کھڑا تھا بادشاہ کے ہونٹوں کو جنبش ہو رہی تھی پھر بادشاہ نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے تو آنکھوں سے آنسوں کی آبشار جاری ہو چکی تھی بادشاہ کو روتے دیکھ کر لوگوں پر بھی رقت طاری ہو گئی، اورنگزیب جو مغلیہ سلطنت کا وارث تھا اصل شہنشاہ ہند کے قدموں میں بھکاریوں کی طرح عقیدت واحترام سے کھڑا تھا، بادشاہ کافی دیر تک نذرانہ عقیدت پیش کرتا رہا پھر باہر آ گیا امیر وزیر اور سپاہی بادشاہ کے جلال سے بخوبی واقف تھے کہ اب بادشاہ ان اندھوں کو قتل کرا دے گا کیونکہ اورنگزیب کے زبان سے نکلے الفاظ کبھی واپس نہیں آتے تھے، جب بادشاہ اندھوں کے پاس پہنچا تو وہاں کا منظر ہی بدل چکا تھا اندھوں کی روشنی واپس آ چکی تھی وہ خوشی سے دیوانہ وار ناچ رہے تھے وہ بار بار کہہ رہے تھے کہ بادشاہ سلامت کی برکت سے ہمیں آنکھوں کی روشنی واپس ملی تو اورنگزیب بولا یہ میری وجہ سے نہیں بلکہ تم جو اتنے سالوں سے شاہ اجمیر کے کوچے پڑے ہو تم نے کبھی دل سے دعا مانگی ہی نہیں۔ آج موت کے خوف سے جب دعا مانگی تو دعا دل و روح کی گہرائیوں سے نکلی اور بارگاہ الٰہی میں قبول ہوئی، پھر بادشاہ واپس چلا گیا، لیکن اندھوں کی روشنی کی کرامت دیکھ کر اورنگزیب بھی دل سے شاہ اجمیر کا عقیدت مند ہو گیا پھر جب بھی مشکل جنگ کا مسئلہ ہوتا تو وہ ننگے پاں اجمیر شریف حاضری دیتا اور ہر بار فیض اور کامیابی لے کر جاتا، دور غلامی میں انگریز وائسرائے لارڈ کرزن اکثر کہا کرتا تھا کہ میں نے اپنی زندگی میں ایک ایسے بزرگ کو دیکھا ہے جو اپنی وفات کے بعد بھی ہندوستانیوں کے دلوں پر حکمرانی کرتا ہے وہ خواجہ معین الدین چشتی ہیں۔

فخر نسواں۔۔۔۔جمیلہ قاضی

تحریر: ڈاکٹر زرقا نسیم غالب

پچھتر برس کی عمر میں بی اے کرنے والی باہمت خاتون

علم حاصل کرنے کی کوئی عمر نہیں ہوتی اور یہ بھی ضروری نہیں کہ جو تعلیم یافتہ ہے وہ عمر رسیدہ ہے شادی کے بعد بھی تعلیم حاصل کی جاتی ہے آج جس فخر نسواں کے لیے تحریر رقم کرنے جا رہی ہوں وہ یقیناً" بہادر باہمت خاتون ہیں آپ نے جس جوانمردی سے تعلیم حاصل کی وہ تمام ان خواتین کے لیے مثال ہے جو یہ کہتی ہیں کہ اب شادی ہوگئی بال بچے ہیں اب تعلیم کیا کرنی ہے اور یہ کہ سب سے اہم بات کہ اب تو ہماری عمر ہی نہیں رہی محترمہ جمیلہ قاضی جیتی جاگتی مثال ہیں آپ نے نا صرف شادی کے بعد اپنی تعلیم حاصل کی بلکہ شوہر کی تعلیم میں بھی بھرپور ساتھ دیا محترمہ جمیلہ قاضی کی جب شای ہوئی آپ اس وقت میٹرک بھی نہ تھی یہ اس دور کی بات ہے جب شادیاں بروقت کر دی جاتی تھی بچوں کے بہت بڑے ہونے کا انتظار نہیں کیا جاتا تھا کہ پڑھ لکھ جائیں کچھ کما لیں پھر دیکھیں گے اللہ پر توکل اور نیتیں نیک منزلیں آسان ہوتی ہیں اسی وجہ سے معاشرے میں تباہ کاریاں کم تھی اسلام کے مطابق بھی جب بچی جوان ہو جائے اس کی شادی کر دینی چاہیے یہاں لوگ کہتے ہیں بچے ابھی نادان ہیں جبکہ آج کل کی اولاد پہلے زمانے کے بچوں سے کہیں فاسٹ ہیں راقمہ محترمہ جمیلہ قاضی کے بارے میں جب پڑھ رہی تھی اور ہمارے کالمنگار و تجزیہ نگار محترم منشا قاضی بڑی محبت اور فخر سے بتا رہے تھے یہ میری خالہ اور آرٹسٹ ہارون رشید کی والدہ ہیں تو احباب آپ یقین جانیے بندی خدا نے دل میں سوچا یہ بات عوام تک پہنچے تا کہ ہماری نسلیں مستفید ہوں کیسے کیسے ہیرے اللہ نے ہمیں عطا کیے ہیں اور پھر یہ ہمارے خاندان سے ملتا خوبصورت عمل بھی ہے بندی خدا کے خاندان کی تو یہ ریت ہے ہمارے ہاں شادی جلد ہو جاتی ہیں چاہے گزرا زمانہ تھا یا جو گزر رہا ہے ہمارے ہاں آج بھی شادی جلد ہوتی ہیں اور تعلیم چلتی رہتی ہے سب اپنی اپنی تعلیم مکمل کرتے ہیں جیسے بندی خدا آپ کے سامنے موجود ہے اسی طرح سے ہمارے والدین خاندان والے اور ہمارے بچے سب اسی طرح نکاح کے بعد تعلیم پر ویسے ہی توجہ دیتے ہیں جیسے صبح دوپہر شام کا کھانا باقاعدگی کے ساتھ کھایا جاتا ہے اسے ہی پڑھا بھی جاتا ہے جس شخصیت کے بارے میں ذکر کر رہی ہوں انہوں نے تو پچھتر برس کی عمر میں بی اے کیا محترمہ جمیلہ قاضی کو بچپن سے تعلیم حاصل کرنے کا شوق تھا آپ نے شادی کے بعد اپنے شوہر کی تعلیم پر بھی توجہ دی ان کی تعلیم کے بعد اپنی تعلیم مکمل کی اپنے بچوں کو بہترین تعلیم سے آراستہ کیا یہ وہ خاتون ہیں جنہوں نے سب کو بتا دیا تعلیم حاصل کرنے کی کوئی عمر نہیں ہوتی صرف یہ کہہ دینا کہ "تعلیم کے لیے عمر کی کوئی قید نہیں" اور عمل نہ کرنا آپ نے عمل کر کے جیتی جاگتی مثال قائم کر دی لوگ ہمت ہار جاتے ہیں اور کہتے ہیں اب تو واپسی ہے ایسی منفی سوچ انسان کو کچھ کرنے نہیں دیتی موت تو کبھی بھی آ سکتی ہے اپنے کام کرتے رہنے چاہیے محترمہ نے بھی یہی کیا آپ روشن مثال بن کر ابھری ہیں آج آپ 77 برس کی ہو چکی ہیں 75 برس کی عمر میں گریجویٹ ہو کر آپ نے تاریخ رقم کر دی ایسی خواتین ہمارے ملک کے لیے خواتین کے باعث فخر ہیں آپ کی زندگی عمدہ مثال ہے شوہر کی تعلیم مکمل کروانا بچوں کو اعلی تعلیم دینا پھر نواسی کے ساتھ علامہ اقبال یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کر کے آج نا صرف فخر نسواں فخر پاکستان بن گ ءہیں میری اپنے اللہ سے دعا ہے ہمارے ملک کو ایسے ہیروں سے سرفراز کرتا رہے اور حکومت وطن عزیز کے ایسے نگینوں کی حوصلہ افزائی کر کے انہیں مزید تراشے کہ اس عمل سے پاکستان کا بچہ جوان بوڑھا ایسی ڈگر پہ چل نکلے گا جس کی مثال دنیا بھر میں دی جائے گی یہی ہم سب کی کامیابی ہے۔ ہمارے کالمنگار و تجزیہ نگار محترم منشا قاضی بڑی محبت اور فخر سے بتا رہے تھے یہ میری خالہ اور آرٹسٹ ہارون رشید کی والدہ ہیں تو احباب آپ یقین جانیے بندی خدا نے دل میں سوچا یہ بات عوام تک پہنچے تا کہ ہماری نسلیں مستفید ہوں کیسے کیسے ہیرے اللہ نے ہمیں عطا کیے ہیں اور پھر یہ ہمارے خاندان سے ملتا خوبصورت عمل بھی ہے بندی خدا کے خاندان کی تو یہ ریت ہے ہمارے ہاں شادی جلد ہو جاتی ہیں چاہے گزرا زمانہ تھا یا جو گزر رہا ہے ہمارے ہاں آج بھی شادی جلد ہوتی ہیں اور تعلیم چلتی رہتی ہے سب اپنی اپنی تعلیم مکمل کرتے ہیں جیسے بندی خدا آپ کے سامنے موجود ہے اسی طرح سے ہمارے والدین خاندان والے اور ہمارے بچے سب اسی طرح نکاح کے بعد تعلیم پر ویسے ہی توجہ دیتے ہیں جیسے صبح دوپہر شام کا کھانا باقاعدگی کے ساتھ کھایا جاتا ہے اسے ہی پڑھا بھی جاتا ہے جس شخصیت کے بارے میں ذکر کر رہی ہوں انہوں نے تو پچھتر برس کی عمر میں بی اے کیا محترمہ جمیلہ قاضی کو بچپن سے تعلیم حاصل کرنے کا شوق تھا آپ نے شادی کے بعد اپنے شوہر کی تعلیم پر بھی توجہ دی ان کی تعلیم کے بعد اپنی تعلیم مکمل کی اپنے بچوں کو بہترین تعلیم سے آراستہ کیا یہ وہ خاتون ہیں جنہوں نے سب کو بتا دیا تعلیم حاصل کرنے کی کوئی عمر نہیں ہوتی صرف یہ کہہ دینا کہ "تعلیم کے لیے عمر کی کوئی قید نہیں" اور عمل نہ کرنا آپ نے عمل کر کے جیتی جاگتی مثال قائم کر دی لوگ ہمت ہار جاتے ہیں اور کہتے ہیں اب تو واپسی ہے ایسی منفی سوچ انسان کو کچھ کرنے نہیں دیتی موت تو کبھی بھی آ سکتی ہے اپنے کام کرتے رہنے چاہیے محترمہ نے بھی یہی کیا آپ روشن مثال بن کر ابھری ہیں آج آپ 77 برس کی ہو چکی ہیں 75 برس کی عمر میں گریجویٹ ہو کر آپ نے تاریخ رقم کر دی ایسی خواتین ہمارے ملک کے لیے خواتین کے باعث فخر ہیں آپ کی زندگی عمدہ مثال ہے شوہر کی تعلیم مکمل کروانا بچوں کو اعلی تعلیم دینا پھر نواسی کے ساتھ علامہ اقبال یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کر کے آج نا صرف فخر نسواں فخر پاکستان بن گئی ہیں۔

چھوڑ چلے، عثمان قادر کرکٹ کے بہتر مستقبل کیلئے آسٹریلیا چلے گئے

لاہور (میاں شہروز سے) اسپن بولر عثمان قادر کرکٹ کے بہتر مستقبل کے لیے آسٹریلیا چلے گئے۔ انٹرنیشنل کرکٹر عثمان قادر نے نیو ساؤتھ ویلز میں رہائش اختیار کر لی ہے جہاں وہ سڈنی میں ہاکسبری کلب کی جانب سے کھیل رہے ہیں۔ عثمان قادر نے گزشتہ برس اکتوبر میں مایوس ہوکر پاکستان کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی، وہ اپنے مرحوم والد عبدالقادر کی خواہش پر آسٹریلیا چھوڑ کر پاکستان آئے تھے۔ پاکستان کے سابق کرکٹر مرحوم عبدالقادر اپنے بیٹے عثمان قادر کو پاکستان کی جانب سے کھیلتا دیکھنا چاہتے تھے۔ عثمان قادر نے ایک ون ڈے اور 25 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ عثمان قادر نے ساؤتھ آسٹریلیا کی نمائندگی کی، اس کے علاوہ وہ پرتھ اور ایڈیلیڈ کی جانب سے بگ بیش لیگ بھی کھیل چکے ہیں، انہیں آسٹریلیا کی پرائم منسٹر الیون کی جانب سے بھی کھیلنے کا اعزاز ملا۔ اب یہ بات سامنے آئی ہے کہ آسٹریلیا میں ہی کرکٹ کھیلنے کے پلان کے ساتھ عثمان قادر دوبارہ آسٹریلیا چلے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق عثمان قادر کی فیملی بھی جلد آسٹریلیا چلی جائے گی۔ عثمان قادر نے کہا ہے کہ کرکٹ ہی میرا روزگار ہے، مستقبل کے پلان کے ساتھ آسٹریلیا آیا ہوں، پُرامید اور پُرعزم ہوں کہ کرکٹ میں ہی مجھے اچھے مواقع ملیں گے۔

ویسٹ انڈیز کے خلاف ہوم سیریز 0-2 سے جیتنا چاہتے ہیں، شان مسعود

جنوبی افریقہ میں سینچورین کا پہلا ٹیسٹ جیت کے قریب پہنچ کر ہارنے کا بیحد افسوس ہے، انٹرویو



ملتان (یو این پی) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ ویسٹ انڈیز کے خلاف آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ دو ٹیسٹ میچز پر مشتمل سیریز 0-2 سے جیتنے کے خواہش مند ہیں۔ ایک انٹرویو میں 10 ٹیسٹ میچوں میں ٹیم پاکستان کی قیادت کرنے والے بائیں ہاتھ کے بیٹر کا کہنا تھا کہ جنوبی افریقہ میں سینچورین کا پہلا ٹیسٹ جیت کے قریب پہنچ کر ہارنے کا بیحد افسوس ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لیکن اس طرح ہمارے ساتھ پہلی بار نہیں ہوا۔ آسٹریلیا اور بنگلا دیش کے خلاف ٹیسٹ میچز میں ہماری ٹیم بہترین پوزیشن سے میچ ہار چکی ہے۔ کیپ ٹاؤن ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں بابر اعظم کیساتھ پہلی وکٹ پر 205 رنز کی شراکت کے سوال پر کپتان کا کہنا تھا کہ مڈل آرڈر اگر مزاحمت کرتا، تو ہم جنوبی افریقہ کو فتح کیلئے بڑا ہدف دے سکتے تھے۔ شان مسعود بولے کہ ہمیشہ آگے کی طرف دیکھنا چاہیے، اب ہم ہوم گراؤنڈ پر ویسٹ انڈیز کے مقابلے پر اسپنرز کیساتھ حکمت عملی کیساتھ میدان میں اتریں گے۔ انگلینڈ کے خلاف جیت پر گفتگو کرتے ہوئے کپتان نے کہا کہ ملتان میں ایک بار پھر ہم اسپنرز پر انحصار کریں گے۔ امید کرتے ہیں کہ انگلینڈ کے خلاف جیت کے تسلسل کو آگے لے کر چلیں۔ 35 سالہ شان مسعود جنہوں نے پاکستان کیلیے 40 ٹیسٹ کی 76 اننگز میں 30.66 کی اوسط سے 2300 رنز 6 سنچریوں کی مدد سے اسکور کیے، اس توقع کا ظہار کیا کہ ملتان میں پاکستان ٹیم ویسٹ انڈیز کو دو ٹیسٹ کی سیریز میں 0-2 سے ہرانے میں کامیاب رہے گی۔

خوشدل شاہ نے چار گیندوں پر چار چھکے جڑ دیئے ویڈیو جاری

ڈھاکہ (یو این پی) بنگلادیش پریمیئر لیگ میں رنگپور رائیڈرز کی نمائندگی کرنے والے خوشدل شاہ نے اسپنر ناسوم احمد کی چار گیندوں پر پر چار چھکے لگائے۔ خوشدل نے دو چھکے مڈ آن اور دو مڈ وکٹ کی جانب لگائے۔ آل راؤنڈر نے 35 گیندوں پر 73 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، ان کی اننگز میں چار چوکے اور چھ چھکے شامل تھے۔ رنگپور رائیڈرز نے خوشدل شاہ کی برق رفتار اننگز کی بدولت 5 وکٹوں پر 186 رنز بنائے ہدف کے تعاقب میں کھلنا ٹائیگر کی ٹیم 9 وکٹ پر 178 رنز بنا سکی۔ رنگپور رائیڈرز نے میچ سنسنی خیز مقابلے کے بعد 8 رنز سے جیت لیا۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل 10 میں خوشدل شاہ کو کراچی کنگز نے پک کیا ہے اور وہ لیگ میں ایکشن بلیو جرسی میں ایکشن میں دکھائی دیں گے۔

اظہر محمود کی واپسی، ٹیسٹ اوپنر صائم ایوب لندن میں اکیلے رہیں گے

لندن (یو این پی) ٹیسٹ اوپنر صائم ایوب لندن میں اکیلے رہینگے، اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود لندن سے ملتان پہنچ رہے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود کو صائم ایوب کیساتھ لندن بھیجا تھا تاہم وہ اب ویسٹ انڈیز کے خلاف ملتان میں جمعے سے شروع ہونیوالے ٹیسٹ سے قبل پاکستان پہنچ جائیں گے۔ دوسری جانب ٹیسٹ اوپنر صائم ایوب کی لندن میں معائنہ رپورٹس رواں ہفتہ متوقع ہیں، رپورٹس کی روشنی میں آئندہ کا لائحہ عمل طے ہوگا۔ رپورٹس کے مطابق صائم ایوب کے ری ہیب کے لیے لندن میں قیام کا فیصلہ ہوگا۔

چیمپیئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب 16 یا 17 فروری کو ہونے کا امکان

لاہور (میاں شہروز سے) آئی سی سی چیمپیئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب 16 یا 17 فروری کو پاکستان میں کرائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق افتتاحی تقریب میں تمام ٹیمیں اور ان کے کپتان شرکت کریں گے، تقریب میں تمام آٹھ ٹیموں کے کپتان پریس کانفرنس بھی کریں گے۔ افتتاحی تقریب کا وینیو تا حال فائنل نہیں ہوا ہے، پاکستان کرکٹ بورڈ نے ابتدائی پلان سے متعلق آئی سی سی کو آگاہ کردیا ہے، آئی سی سی پلان پر نظرثانی کے بعد حتمی فیصلہ کرے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ تمام ٹیموں اور ان کے کپتانوں کے ویزے جاری کروائے گا۔

ویسٹ انڈیز کیخلاف ٹیسٹ سیریز 'بابراعظم' عمران خان کا ریکارڈ اپنے نام کرسکیں گے؟

ملتان (یو این پی) قومی ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر بابراعظم ویسٹ انڈیز کیخلاف ٹیسٹ سیریز میں سابق کپتان عمران خان کا ریکارڈ اپنے نام کرسکتے ہیں۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ہوم سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ جمعہ سے شروع ہوگا، اس میچ میں قومی ٹیم کے سابق کپتان بابراعظم کے پاس لیجنڈری عمران خان کا ریکارڈ توڑنے کا موقع ہے۔ عمران خان بین الاقوامی کرکٹ میں ویسٹ انڈیز کے خلاف پاکستان کے پانچویں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی ہیں، انکے کالی آندھی کیخلاف 1 ہزار 977 رنز ہیں جبکہ بابراعظم نے ویسٹ انڈیز کیخلاف 1 ہزار 676 رنز بنا کر رکھے ہیں، انہیں لیجنڈ کرکٹر کو پیچھے چھوڑنے کیلئے محض 301 رنز درکار ہیں۔ اگر بابراعظم 302 رنز بنانے میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو وہ عمران خان کے ویسٹ انڈیز کیخلاف پانچویں سب سے زیادہ رنز بنانے والوں کی فہرست میں ٹاپ 5 میں آجائیں گے۔ واضح رہے کہ ویسٹ انڈیز کیخلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ 2023-25 سائیکل میں پاکستان کی آخری سیریز ہے۔

روہت شرما کی آمد کا معاملہ

پی سی بی نے آئی سی سی کو آگاہ کردیا

نئی دہلی (یو این پی) بھارتی ٹیم کے کپتان روہت شرما کے افتتاحی تقریب اور کپتانوں کے میڈیا سیشن میں شرکت کے معاملے پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے انٹرنیشنل کرکٹ بورڈ (آئی سی سی) کو آگاہ کردیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب پاکستان میں ہی ہوگی، افتتاحی تقریب میں تمام ٹیمیں اور کپتان شرکت کریں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ یہ تقریب بھی تمام آئی سی سی ایونٹس سے مطابقت رکھتی ہے، یہ کسی مخصوص ملک اور کپتان کیلئے نہیں ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ ویزوں کے اجراء کی ذمہ داری میزبان ملک کی ہوتی ہے جس میں کھلاڑیوں، آفیشلز، کمرشل پارٹنرز، میڈیا اور تماشائیوں کے ویزوں کا اجراء کروانا شامل ہے۔ پی سی بی اپنی ذمہ داری پوری کرے گا۔ ذرائع نے کہا کہ پاکستان کا دورہ کرنے والے آئی سی سی کے وفد کیلئے بھی ویزوں کے اجراء کی ذمہ داری پوری کی گئی۔ وفد نے کراچی، راولپنڈی اور لاہور کا دورہ کیا۔ وفد میں تین بھارتی باشندے بھی شامل تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ افتتاحی تقریب ممکنہ طور پر 16 یا 17 فروری کو ہوسکتی ہے، افتتاحی تقریب کا انحصار وارم اپ میچز کے شیڈول پر ہے۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے آئی سی سی کو مجوزہ پلان سے آگاہ کردیا ہے، آئی سی سی جائزہ لینے کے بعد رائے دے گا۔

عبدالرحمان پاکستان کرکٹ ٹیم کے نئے اسپن بولنگ کوچ بن گئے

ملتان (یو این پی) شان مسعود کی قیادت میں ان دنوں پاکستان کرکٹ ٹیم ملتان میں موجود ہے، جہاں ٹیم پاکستان آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کے 2 ٹیسٹ میچوں کا پہلا ٹیسٹ 17 جنوری سے شروع کرنے جا رہی ہے۔ قومی سلیکشن کمیٹی نے ویسٹ انڈیز کے خلاف 15 رکنی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے، جس میں 3 اسپنرز نعمان علی، ابرار احمد اور ساجد خان کو شامل کیا گیا ہے۔ اب پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی ٹیم کیلئے ٹیسٹ اسپنر عبدالرحمان کی خدمات بطور اسپن بولنگ کوچ حاصل کرلی ہیں۔

M.R Usmania Classic 2025
Jr. Usmania Classic 2025

باڈی بلڈنگ کے مقابلے میں مظہر اور اذان تن سازی کا مظاہرہ کر رہے ہیں



عامر خان نے میرے شو سے متاثر ہوکر اپنا شو بنایا، حنا خواجہ بیات

ہم نے جس زمانے میں اس شو کا آغاز کیا اس وقت کوئی بھی شخص نفسیاتی مسائل پر بات نہیں کرتا تھا

ممبئی (یو این پی) پاکستانی اداکارہ حنا خواجہ بیات نے دعویٰ کیا ہیکہ بالی ووڈ اسٹار عامر خان نے ان کے شو سے متاثر ہوکر اپنا شو بنایا۔ حنا بیات حال ہی میں نجی شو میں شریک ہوئیں جس دوران انہوں نے دلچسپ موضوعات سمیت اپنے کیریئر پر بھی بات کی۔ اداکارہ نے اگرچہ اپنے کیرئیر کا آغاز بطور میزبان کیا لیکن انہوں نے بطور پہلی شخصیت معاشرے کے حقیقی مسائل کو اسکرین پر پیش کیا تھا۔ حنا بیات نے اپنے شو الجھن سلجھن اور جیو حنا کے ساتھ سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے جس زمانے میں اس شو کا آغاز کیا اس وقت کوئی بھی شخص نفسیاتی مسائل پر بات نہیں کرتا تھا، اس شو کیلئے ہمارا مقصد بغیر لوگوں کی تشہیر کیے بغیر مسائل کو سامنے لانا تھا، پہلے پہل جس شو کو شروع کیا گیا وہ زیادہ نفسیات کے مسائل کو لیے ہوئے تھا۔

معروف گلوکارہ مہناز بیگم کی بارہویں برسی 19 جنوری کو منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (یو این پی) ملک کی معروف گلوکارہ مہناز بیگم کی بارہویں برسی 19 جنوری کو منائی جائے گی۔ اپنی آواز سے لاکھوں دلوں پر حکمرانی کرنے والی مہناز بیگم 1958ء میں پیدا ہوئیں انہوں نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز 1970ء کی دہائی میں ریڈیو پاکستان سے کیا انہوں نے ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر مختلف قسم کے گیت گائے گئے مہناز بیگم کو غزل، ٹھمری، دادر، نوحہ اور مرثیہ پڑھنے میں ایک خاص مہارت حاصل تھی ان کی شہرت ریڈیو اور ٹی وی سے نکل کر فلم انڈسٹری تک پھیل گئی مہناز نے مختلف فلموں کیلئے سینکڑوں گیت گائے۔ مہناز کا شمار ناہید اختر، ترنم ناز اور رونا لیلیٰ جیسی صف اوّل کی گلوکاراؤں میں ہوتا تھا۔

غدر 2 پر ایشا پٹیل کے تازہ انکشاف نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچادیا

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ ایشا پٹیل نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں ''غدر 2'' کے اسکرپٹ میں ہونے والی تبدیلیوں کے حوالے سے حیران کن انکشافات کیے ہیں۔ ایشا پٹیل نے فلم میں اپنے کردار سکینہ کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اسکرپٹ میں ایک اہم موڑ کی یقین دہانی کروائی گئی تھی۔ اداکارہ نے انکشاف کیا کہ انہوں نے فلم اس لیے کی تھی کیونکہ انہیں بتایا گیا تھا کہ وہ ولن کو ماریں گی، یہ منظر ایک بیٹی کے والد کے انتقام کی عکاسی کرتا اور ان کے کردار کی اہمیت بڑھاتا۔ ایشا پٹیل نے یہ بھی بتایا کہ فلم کے اسکرپٹ میں تبدیلی کے بارے میں انہیں ایک سال تک اطلاع نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا مجھے کسی نے نہیں بتایا کہ اسکرپٹ بدل چکا ہے۔ میں نے یونٹ کے اراکین سے سنا کہ کلائمیکس کا شوٹ مکمل ہو چکا ہے۔ ایشا پٹیل نے فلم کے ڈائریکٹر انیل شرما کے رویے پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا، انیل شرما میرے بہت قریبی تھے۔ وہ فیملی کی طرح تھے، لیکن انہوں نے مجھے نہیں بتایا۔ ایشا کے ان انکشافات نے مداحوں اور فلمی حلقوں میں نئی بحث چھیڑ دی ہے، جبکہ فلم کے حوالے سے مزید حقائق سامنے آنے کا انتظار کیا جارہا ہے۔

بنگلادیش نے کنگنا رناوت کی فلم پر پابندی لگادی

کنگنا کی ڈائریکشن میں بننے والی یہ فلم جمعہ 17 جنوری کو ریلیز ہوگی

ڈھاکہ (یو این پی) بھارت اور بنگلہ دیش کے خراب تعلقات کی وجہ سے بالی ووڈ اداکارہ کنگنا رناوت کی فلم ایمرجنسی پر بنگلہ دیش میں پابندی لگادی گئی۔ واضح رہے کہ کنگنا کی ڈائریکشن میں بننے والی یہ فلم جمعہ 17 جنوری کو ریلیز ہوگی، فلم کی کہانی بھی انہوں نے ہی لکھی ہے۔ یہ فلم 1975 میں سیاسی صورتحال کے باعث اس وقت کی وزیراعظم اندرا گاندھی کی جانب سے ملک میں لگائی جانے والی ایمرجنسی کے تناظر میں بنائی گئی ہے اور کنگنا نے اندرا گاندھی کا کردار ادا کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پابندی کی وجہ فلم کا مواد نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان جاری سیاسی کشیدگی ہے۔ تاہم اس فلم میں بھارتی فوج اور اندرا گاندھی کے کردار کو اجاگر کرنے کے ساتھ شیخ مجیب الرحمان کی مدد کی بھی تصویر کشی کی گئی ہے۔ یادر ہے کہ اس سے قبل پشپا 2 اور بھول بھلیاں 3 بھی بنگلہ دیش میں پابندی کی وجہ سے دکھائی نہیں جاسکی ہیں۔

کترینہ نے فلمی سین کیلئے اداکار عمران خان کو 20 تھپڑ مارے

فلم ''میرے برادر کی دلہن'' 2011 میں ریلیز کی گئی تھی جس کی کاسٹ میں عمران خان، کترینہ کیف، علی ظفر اور تارا ڈی سوزا شامل تھیں

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کی خوبرو اداکارہ کترینہ کیف نے انڈسٹری کے ورسٹائل اداکاروں میں شامل عمران خان کو 20 تھپڑ مارنے کا انکشاف کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو کے دوران کترینہ کیف نے فلم میرے برادر کی دلہن کے سیٹ کا ایک یادگار واقعہ بتایا۔ کترینہ نے کہا کہ اس فلم کی شوٹنگ کے دوران مجھے عمران کو ایک خاص مقام پر تھپڑ مارنا تھا، آغاز میں وہ مایوس ہوگئیں کیوں کہ وہ سین کو اچھی طریقے سے نہیں نبھا پارہی تھیں جس پر عمران نے مشورہ دیا کہ وہ سین کو حقیقی بنانے کیلئے انہیں حقیقت میں اصلی تھپڑ ماریں۔ اداکارہ نے کہا کہ اس سین کیلئے کئی ری ٹیک کیے گئے اور یوں میں نے عمران کو تقریباً 15 یا 16 تھپڑ ہی مارے تھے کہ عمران التجا کرنے لگے کہ میں مزید تھپڑ نہیں کھا سکتا لیکن اس وقت تک فلم کیلئے ایک بہترین سین شوٹ کیا جاچکا تھا۔ یاد رہے کہ رومانٹک کامیڈی فلم ''میرے برادر کی دلہن'' 2011 میں ریلیز کی گئی تھی جس کی کاسٹ میں عمران خان، کترینہ کیف، علی ظفر اور تارا ڈی سوزا شامل تھیں۔

عثمان قادر کرکٹ کے بہتر مستقبل کیلئے آسٹریلیا چلے گئے

عثمان قادر نے نیو ساؤتھ ویلز میں رہائش اختیار کرلی، ہاکسبری کلب کی جانب سے کھیلیں گے

کراچی (سپورٹس رپورٹر) اسپن بولر عثمان قادر کرکٹ کے بہتر مستقبل کے لیے آسٹریلیا چلے گئے۔ انٹرنیشنل کرکٹر عثمان قادر نے نیو ساؤتھ ویلز میں رہائش اختیار کرلی ہے جہاں وہ سڈنی میں ہاکسبری کلب کی جانب سے کھیل رہے ہیں۔ عثمان قادر نے گزشتہ برس اکتوبر میں مایوس ہوکر پاکستان کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی، وہ اپنے مرحوم والد عبدالقادر کی خواہش پر آسٹریلیا چھوڑ کر پاکستان آئے تھے۔ پاکستان کے سابق کرکٹر مرحوم عبدالقادر اپنے بیٹے عثمان قادر کو پاکستان کی جانب سے کھیلتا دیکھنا چاہتے تھے۔ عثمان قادر نے ایک ون ڈے اور 25 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ عثمان قادر نے ساؤتھ آسٹریلیا کی نمائندگی کی، اس کے علاوہ وہ پرتھ اور ایڈیلیڈ کی جانب سے بگ بیش لیگ بھی کھیل چکے ہیں

جسپریت بمرا آئی سی سی مینز پلیئر آف دا منتھ قرار

آسٹریلیا کی آل راؤنڈر اینا بیل سدرلینڈ ویمن پلیئر آف دی منتھ قرار پائیں

لندن (نیٹ نیوز) آسٹریلیا کے خلاف اس کی سرزمین پر ٹیسٹ سیریز کے دوران عمدہ کارکردگی دکھانے والے جسپریت بمرا آئی سی سی پلیئر آف دا منتھ قرار دے دیے گئے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی جانب سے نامزد کھلاڑیوں میں بمرا کو مینز پلیئر آف دی منتھ قرار دیا گیا۔ جسپریت بمرا کو دسمبر کی کارکردگی کی بنیاد پر پلیئر آف دا منتھ قرار دیا گیا۔ پلیئر آف دا منتھ کی فہرست میں آسٹریلیا کے پیٹ کمنز اور جنوبی افریقہ کے ڈین پیٹرسن کی بھی نامزدگی ہوئی تھی۔ دوسری جانب آسٹریلیا کی آل راؤنڈر اینا بیل سدرلینڈ ویمن پلیئر آف دی منتھ قرار پائیں۔

جیسیکا سمپسن، ایرک جونسن میں 10 سال بعد علیحدگی

ایرک اور میں اپنی شادی میں آئی ایک تکلیف دہ صورت حال میں الگ الگ رہ رہے ہیں

نیویارک: (نیٹ نیوز) امریکی اداکارہ وگلوکارہ جیسیکا سمپسن اور ان کے شوہر ایرک جونسن کے درمیان طلاق ہوگئی۔ امریکی میڈیا کے مطابق 44 سالہ جیسیکا سمپسن نے علیحدہ رہنے کی تصدیق کردی ہے تاہم انہوں نے رشتہ ختم ہونے کے حوالے سے حتمی وقت نہیں بتایا۔ اداکارہ نے میڈیا کو دیے گئے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایرک اور میں اپنی شادی میں آئی ایک تکلیف دہ صورت حال میں الگ الگ رہ رہے ہیں، ہمارے بچے ہمارے لیے سب سے اہم ہیں اور ہم اس بات پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں کہ ان کے لیے کیا بہتر ہے۔ جیسیکا سمپسن نے اس حوالے سے پرائیوسی کا خیال رکھنے پر لوگوں کا شکریہ بھی ادا کیا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق اداکارہ کو نومبر میں شادی کی انگوٹھی کے بغیر بھی دیکھا گیا تھا

غدر 2 پر ایشا پٹیل کے تازہ انکشاف، سوشل میڈیا پر تہلکہ

اداکارہ کے ان انکشافات نے مداحوں اور فلمی حلقوں میں نئی بحث چھیڑ دی

ممبئی (نیٹ نیوز) بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ ایشا پٹیل نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں ''غدر 2'' کے اسکرپٹ میں ہونے والی تبدیلیوں کے حوالے سے حیران کن انکشافات کیے ہیں۔ ایشا پٹیل نے فلم میں اپنے کردار سکینہ کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اسکرپٹ میں ایک اہم موڑ کی یقین دہانی کروائی گئی تھی۔ اداکارہ نے انکشاف کیا کہ انہوں نے فلم اس لیے کی تھی کیونکہ انہیں بتایا گیا تھا کہ وہ ولن کو ماریں گی، یہ منظر ایک بیٹی کے والد کے انتقام کی عکاسی کرتا اور ان کے کردار کی اہمیت بڑھاتا۔ ایشا پٹیل نے یہ بھی بتایا کہ فلم کے اسکرپٹ میں تبدیلی کے بارے میں انہیں ایک سال تک اطلاع نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا مجھے کسی نے نہیں بتایا کہ اسکرپٹ بدل چکا ہے۔ میں نے یونٹ کے اراکین سے سنا کہ کلائمیکس کا شوٹ مکمل ہو چکا ہے۔

ویسٹ انڈیز کیخلاف ہوم سیریز 0-2 سے جیتنا چاہتے ہیں، شان مسعود



ملتان (نیٹ نیوز) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ ویسٹ انڈیز کے خلاف آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ دو ٹیسٹ میچز پر مشتمل سیریز 0-2 سے جیتنے کے خواہش مند ہیں۔ ایک انٹرویو میں 10 ٹیسٹ میچوں میں ٹیم پاکستان کی قیادت کرنے والے بائیں ہاتھ کے بیٹر کا کہنا تھا کہ جنوبی افریقہ میں سینچورین کا پہلا ٹیسٹ جیت کے قریب پہنچ کر ہارنے کا بیحد افسوس ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لیکن اس طرح ہمارے ساتھ پہلی بار نہیں ہوا۔

''گمبھیر کی تو آسٹریلیا میں اوسط ہی 23 ہے وہ بھارت کو کیا میچز جتواتے!''

مونٹی پنیسر نے بھارتی ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کا سخت تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے سوال اٹھادیا

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے خلاف عبرتناک شکست کے بعد سے بھارتی ٹیم اور کوچ گوتم گمبھیر تنقید کی زد میں ہیں، ایسے میں سابق انگلش کرکٹر بھی میدان میں آ گئے۔ ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کو 10 سال بعد بارڈر-گواسکر ٹرافی ہارنے کے بعد کافی تنقید کا سامنا ہے، انگلینڈ کے سابق بھارتی نژاد اسپنر مونٹی پنیسر نے بھارتی ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کا سخت تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے سوال کیا ہے کہ کیا بھارتی کھلاڑی سابق اوپنر کو ٹیم میں 'سنجیدگی' سے لیتے ہیں۔ نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کے خلاف بیک ٹو بیک سیریز ہارنے کی وجہ سے بھارتی ٹیم پہلی بار ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ فائنل کے لیے کوالیفائی کرنے میں ناکام رہی ہے۔

ویسٹ انڈیز کیخلاف ٹیسٹ سیریز، بابراعظم 'عمران خان کا ریکارڈ اپنے نام کرسکیں گے؟



ملتان (این این آئی) قومی ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر بابراعظم ویسٹ انڈیز کیخلاف ٹیسٹ سیریز میں سابق کپتان عمران خان کا ریکارڈ اپنے نام کرسکتے ہیں۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ہوم سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ جمعہ سے شروع ہوگا، اس میچ میں قومی ٹیم کے سابق کپتان بابراعظم کے پاس لیجنڈری عمران خان کا ریکارڈ توڑنے کا موقع ہے۔ عمران خان بین الاقوامی کرکٹ میں ویسٹ انڈیز کے خلاف پاکستان کے پانچویں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی ہیں

ماضی میں لباس پر ٹرولنگ کے بعد سوشل میڈیا چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا تھا: یشما گل



لاہور: (ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ یشما گل نے انکشاف کیا ہے کہ ماضی میں لباس پر ٹرولنگ اور تنقید کے بعد انہوں نے سوشل میڈیا چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ اداکارہ یشما گل نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ کیریئر کے آغاز میں انہیں لباس کی وجہ سے خوب ٹرولنگ کا نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ان پر اس قدر تنقید کی گئی کہ انہوں نے انسٹاگرام اکاؤنٹ ڈیلیٹ کر کے سوشل میڈیا چھوڑنے کا ہی فیصلہ کرلیا تھا۔

راکھی ساونت کی بہت عزت کرتا ہوں، رام کپور

انڈسٹری نے راکھی کو ایک رقاصہ اور انکے بارے میں ایک غلط تصور کو پیش کرنیکی کوشش کی، اداکار

ممبئی (نیٹ نیوز) بھارتی فلموں اور ٹیلی ویژن کے اداکار رام کپور نے کہا ہے کہ وہ راکھی ساونت کی بہت عزت کرتے ہیں، انکا مزید کہنا تھا کہ انڈسٹری نے انھیں غلط طور پر استعمال کرنے کی کوشش کی۔ رام کپور کے مطابق انکے بہت سارے گندے تجربات ہیں۔ وہ راکھی کی بہت ساری چیزوں سے ہوسکتا ہے اتفاق نہ کریں لیکن اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں انکے فنکارانہ سفر کا احترام کرنا بند کردوں۔ نئی دہلی سے تعلق رکھنے والے 51 سالہ رام کپور نے سدھارتھ کنن کے ساتھ ایک انٹرویو میں کہنا تھا کہ فلم انڈسٹری نے راکھی کو ایک رقاصہ اور انکے بارے میں ایک غلط تصور کو پیش کرنے کی کوشش کی۔ یادر ہے کہ رام کپور ریلیٹی شو راکھی کا سوئمبر کی میزبانی کرچکے ہیں،

امیتابھ بچن کے ہم شکل نے مداحوں کو بے وقوف بنا کر ٹریفک جام کردیا



ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی اداکار امیتابھ بچن نے کون بنے گا کروڑپتی 16 کے ایک حالیہ پرومو میں اپنے ہم شکل کے بارے میں ایک کہانی سنی جس پر وہ حیرت زدہ رہ گئے۔ یہ کہانی ایک کنٹیسٹنٹ نے سنائی، جس کے مطابق ان کے شوروم میں ایک ایسا شخص آیا جو بالکل امیتابھ بچن جیسا دکھائی دیتا تھا۔ کنٹیسٹنٹ، جو کہ کار سیلز مین ہیں، نے بتا۔ وہاں باہر ٹریفک جام ہوگیا کیونکہ لوگ سمجھ رہے تھے کہ امیتابھ بچن آئے ہیں۔ شو روم کا پورا عملہ ان کے ساتھ سیلفیاں لینے لگا

اظہر محمود کی واپسی، صائم ایوب لندن میں اکیلے رہیں گے

صائم ایوب کی لندن میں معائنہ رپورٹس رواں ہفتہ متوقع ہیں، آئندہ کا لائحہ عمل طے ہوگا

لندن (نیٹ نیوز) ٹیسٹ اوپنر صائم ایوب لندن میں اکیلے رہینگے، اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود لندن سے ملتان پہنچ رہے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود کو صائم ایوب کیساتھ لندن بھیجا تھا تاہم وہ اب ویسٹ انڈیز کے خلاف ملتان میں جمعے سے شروع ہونیوالے ٹیسٹ سے قبل پاکستان پہنچ جائیں گے۔ دوسری جانب ٹیسٹ اوپنر صائم ایوب کی لندن میں معائنہ رپورٹس رواں ہفتہ متوقع ہیں، رپورٹس کی روشنی میں آئندہ کا لائحہ عمل طے ہوگا۔ رپورٹس کے مطابق صائم ایوب کے ری ہیب کے لیے لندن میں قیام کا فیصلہ ہوگا یا پھر صائم کے لاہور واپس آکر ری ہیب مکمل کرنے کا فیصلہ کیا جائے گا۔

خوشدل شاہ نے چار گیندوں پر چار چھکے جڑ دیئے، ویڈیو جاری

دو چھکے مڈ آن اور دو مڈ وکٹ کی جانب لگائے، 35 گیندوں پر 73 رنز بنائے



ڈھاکہ (سپورٹس ڈیسک) بنگلادیش پریمیئر لیگ میں رنگپور رائیڈرز کی نمائندگی کرنے والے خوشدل شاہ نے اسپنر ناسوم احمد کی چار گیندوں پر پر چار چھکے لگائے۔ خوشدل نے دو چھکے مڈ آن اور دو مڈ وکٹ کی جانب لگائے۔ آل راؤنڈر نے 35 گیندوں پر 73 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، ان کی اننگز میں چار چوکے اور چھ چھکے شامل تھے۔ رنگپور رائیڈرز نے خوشدل شاہ کی برق رفتار اننگز کی بدولت 5 وکٹوں پر 186 رنز بنائے ہدف کے تعاقب میں کھلنا ٹائیگر کی ٹیم 9 وکٹ پر 178 رنز بنا سکی۔ رنگپور رائیڈرز نے میچ سنسنی خیز مقابلے کے بعد 8 رنز سے جیت لیا۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل 10 میں خوشدل شاہ کو کراچی کنگز نے پک کیا ہے اور وہ لیگ میں ایکشن بلیو جرسی میں ایکشن میں دکھائی دیں گے۔

عامر خان نے میرے شو سے متاثر ہوکر اپنا شو بنایا، حنا خواجہ بیات

ہم نے جس زمانے میں اس شو کا آغاز کیا اس وقت کوئی بھی شخص نفسیاتی مسائل پر بات نہیں کرتا تھا

ممبئی (نیٹ نیوز) پاکستانی اداکارہ حنا خواجہ بیات نے دعویٰ کیا ہیکہ بالی ووڈ اسٹار عامر خان نے ان کے شو سے متاثر ہوکر اپنا شو بنایا۔ حنا بیات حال ہی میں نجی شو میں شریک ہوئیں جس دوران انہوں نے دلچسپ موضوعات سمیت اپنے کیریئر پر بھی بات کی۔ اداکارہ نے اگرچہ اپنے کیرئیر کا آغاز بطور میزبان کیا لیکن انہوں نے بطور پہلی شخصیت معاشرے کے حقیقی مسائل کو اسکرین پر پیش کیا تھا۔ حنا بیات نے اپنے شو الجھن سلجھن اور جیو حنا کے ساتھ سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے جس زمانے میں اس شو کا آغاز کیا اس وقت کوئی بھی شخص نفسیاتی مسائل پر بات نہیں کرتا تھا، اس شو کیلئے ہمارا مقصد بغیر لوگوں کی تشہیر کیے بغیر مسائل کو سامنے لانا تھا، پہلے پہل جس شو کو شروع کیا گیا وہ زیادہ نفسیات کے مسائل کو لیے ہوئے تھا

بنگلادیش نے کنگنا رناوت کی فلم پر پابندی لگادی

کنگنا کی ڈائریکشن میں بننے والی یہ فلم جمعہ 17 جنوری کو ریلیز ہوگی



ڈھاکہ (نیٹ نیوز) بھارت اور بنگلہ دیش کے خراب تعلقات کی وجہ سے بالی ووڈ اداکارہ کنگنا رناوت کی فلم ایمرجنسی پر بنگلہ دیش میں پابندی لگادی گئی۔ واضح رہے کہ کنگنا کی ڈائریکشن میں بننے والی یہ فلم جمعہ 17 جنوری کو ریلیز ہوگی، فلم کی کہانی بھی انہوں نے ہی لکھی ہے۔ یہ فلم 1975 میں سیاسی صورتحال کے باعث اس وقت کی وزیراعظم اندرا گاندھی کی جانب سے ملک میں لگائی جانے والی ایمرجنسی کے تناظر میں بنائی گئی ہے اور کنگنا نے اندرا گاندھی کا کردار ادا کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پابندی کی وجہ فلم کا مواد نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان جاری سیاسی کشیدگی ہے۔ تاہم اس فلم میں بھارتی فوج اور اندرا گاندھی کے کردار کو اجاگر کرنے کے ساتھ شیخ مجیب الرحمان کی مدد کی بھی تصویر کشی کی گئی ہے۔

عبدالرحمان پاکستان کرکٹ ٹیم کے نئے اسپن بولنگ کوچ بن گئے

ملتان (نیٹ نیوز) شان مسعود کی قیادت میں ان دنوں پاکستان کرکٹ ٹیم ملتان میں موجود ہے، جہاں ٹیم پاکستان آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کے 2 ٹیسٹ میچوں کا پہلا ٹیسٹ 17 جنوری سے شروع کرنے جا رہی ہے۔ قومی سلیکشن کمیٹی نے ویسٹ انڈیز کے خلاف 15 رکنی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے

روہت شرما کی آمد کا معاملہ، پی سی بی نے آئی سی سی کو آگاہ کردیا

پی سی بی نے آئی سی سی کو مجوزہ پلان سے آگاہ کردیا ہے، آئی سی سی جائزہ لینے کے بعد رائے دیگا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ٹیم کے کپتان روہت شرما کے افتتاحی تقریب اور کپتانوں کے میڈیا سیشن میں شرکت کے معاملے پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے انٹرنیشنل کرکٹ بورڈ (آئی سی سی) کو آگاہ کردیا ہے۔ وفد نے کراچی، راولپنڈی اور لاہور کا دورہ کیا۔ وفد میں تین بھارتی باشندے بھی شامل تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ افتتاحی تقریب ممکنہ طور پر 16 یا 17 فروری کو ہوسکتی ہے، افتتاحی تقریب کا انحصار وارم اپ میچز کے شیڈول پر ہے۔

چیمپیئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب 16 یا 17 فروری کو ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) آئی سی سی چیمپیئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب 16 یا 17 فروری کو پاکستان میں کرائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق افتتاحی تقریب میں تمام ٹیمیں اور ان کے کپتان شرکت کریں گے، تقریب میں تمام آٹھ ٹیموں کے کپتان پریس کانفرنس بھی کریں گے۔ افتتاحی تقریب کا وینیو تا حال فائنل نہیں ہوا ہے، پاکستان کرکٹ بورڈ نے ابتدائی پلان سے متعلق آئی سی سی کو آگاہ کردیا ہے، آئی سی سی پلان پر نظرثانی کے بعد حتمی فیصلہ کرے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ تمام ٹیموں اور ان کے کپتانوں کے ویزے جاری کروائے گا۔

معروف اداکار اور کامیڈین ماجد جہانگیر کی دوسری برسی منائی گئی

لاہور: (شوبز رپورٹر) معروف اداکار اور کامیڈین ماجد جہانگیر کی دوسری برسی منائی گئی۔ معروف اداکار اور کامیڈین ماجد جہانگیر نے پی ٹی وی پر 80 کی دہائی میں نشر ہونے والی ڈرامہ سیریز 'ففٹی ففٹی' سے شہرت پائی، ماجد جہانگیر کو پرائیڈ آف پرفارمنس سے بھی نوازا۔ معروف اداکار ماجد جہانگیر 1949ء میں کراچی میں پیدا ہوئے

کترینہ نے فلمی سین کیلئے عمران خان کو 20 تھپڑ مارے

''میرے برادر کی دلہن'' میں عمران خان، کترینہ کیف، علی ظفر اور تارا ڈی سوزا شامل تھیں

ممبئی (نیٹ نیوز) بالی ووڈ کی خوبرو اداکارہ کترینہ کیف نے انڈسٹری کے ورسٹائل اداکاروں میں شامل عمران خان کو 20 تھپڑ مارنے کا انکشاف کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو کے دوران کترینہ کیف نے فلم میرے برادر کی دلہن کے سیٹ کا ایک یادگار واقعہ بتایا۔ کترینہ نے کہا کہ اس فلم کی شوٹنگ کے دوران مجھے عمران کو ایک خاص مقام پر تھپڑ مارنا تھا، آغاز میں وہ مایوس ہوگئیں کیوں کہ وہ سین کو اچھی طریقے سے نہیں نبھا پارہی تھیں

مایا علی کے جامنی جوڑے میں حسن کے جلوے، مداح فریفتہ



لاہور: (ویب ڈیسک) خوبرو پاکستانی اداکارہ مایا علی نے جامنی مشرقی جوڑے میں حسن کے جلوے بکھیر کر مداحوں کو گرویدہ بنا لیا۔ مایا علی کا شمار پاکستان کی ٹاپ اداکاراؤں میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنی خوبصورتی، شاندار اداکاری اور دلکش شخصیت سے انڈسٹری میں ایک منفرد مقام حاصل کیا ہے

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

پی بی آئی ٹی اور چینی مشن کا سی پیک میں ایس ایم ایز کی شمولیت پر زور چیئرمین سرمایہ کاری بورڈ مُنتہیٰ اشرف کی چینی سفارتکار سے ملاقات

سی پیک کے دوسرے مرحلے میں درپیش چیلنجز پر بھی بات چیت چینی سرمایہ کاروں کو پنجاب میں ہر طرح کی سہولت اور سیکورٹی فراہم کرنے کیلئے سنجیدہ ہیں تاکہ منصوبے کامیابی سے پایہ تکمیل کو پہنچیں

چیئرمین پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری وتجارت محمد مُنتہیٰ اشرف چینی سفارتکار یانگ گوانگ یوان کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان اور چین کے درمیان معاشی تعاون کو مزید گہرا کرنے کی ضرورت ہے اور اس ضمن میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتیں ہراول دستے کا کردار ادا کرسکتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت محمد مُنتہیٰ اشرف اور پاکستان میں چینی سفارتخانے کے منسٹر۔ کونسلر یانگ گوانگ یوان کے درمیان ہونے والی ایک اہم ملاقات کے دوران کیا گیا۔ پاکستان اور چین کے درمیان معاشی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی غرض سے ہونے والی اس ملاقات میں گفتگو کا محور سی پیک کے دوسرے مرحلے کے تحت مارکیٹ پر مبنی منصوبوں کو آگے بڑھانے اور خاص طور پر پنجاب میں چینی کمپنیوں کو درپیش چیلنجز کا حل نکالنا تھا۔ چیئرمین پی بی آئی ٹی مُنتہیٰ اشرف نے چینی سرمایہ کاروں کو ہر طرح کی سہولت اور سیکورٹی فراہم کرنے کے لیے پنجاب کے پختہ عزم کا اعادہ کیا اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں سہولت کاری، سازگار ماحول کی فراہمی سمیت اہم موضوعات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ "ہم چینی سرمایہ کاروں کو ہر طرح کی سہولت اور سیکورٹی فراہم کرنے کیلئے سنجیدہ ہیں تاکہ ان کے منصوبے پاکستان کی متحرک معیشت میں خوش اسلوبی کے ساتھ پایہ تکمیل کو پہنچیں"۔ ملاقات میں دوطرفہ وفود کے تواتر کے ساتھ تبادلے کی اہمیت، خاص طور پر چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) کی شمولیت پر زور دیا گیا۔ اس اسٹریٹجک اقدام کا مقصد نچلی سطح پر معاشی تعاون کو فروغ دینا، تجارت کے نئے مواقع پیدا کرنا اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ کرنا ہے

قصور اور اس کے نواح میں اغواء کی مختلف وارداتوں ایک خاتون سمیت تین افراد اغواء، پولیس نے مقدمات درج کر لیے

قصور (بیورو چیف) قصور اور اس کے نواح میں اغواء کی مختلف وارداتوں ایک خاتون سمیت تین افراد اغواء، پولیس نے مقدمات درج کرلیے۔ تھانہ منڈی عثمانوالہ میں جماعت پورہ کے رہائشی محمد وسیم نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ قلعہ داؤ کے میری غیر موجودگی میں میرے گھر میں دو کس نامعلوم آئے اور میری بیوی (س) بی بی کو ورغلاء پھسلاء کر زبردستی اغواء کر کے لے گئے ہیں۔ تھانہ الہ آباد میں شامکوٹ کے رہائیش نے درخواست دی ہے کہ دو کس بیوپاری میری آلو کی تیار فصل کے پلاٹ پر آئے اور پھر وہاں سے نامعلوم ملزمان انہیں زبردستی اغواء کر کے اپنے ساتھ لے گئے ہیں۔ مقامی پولیس الگ الگ دونوں مقدمات درج کر کے مصروف کاروائی ہے۔

قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول کی ہونہار طالبہ قربابتول سائنس مقابلے میں پہلی پوزیشن

طالبہ ICATS سائنس مقابلے میں سوفیصد نمبر حاصل کرکے گولڈ میڈل اپنے نام کرلیا

وزیرآباد (نامہ نگار) قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول کی ہونہار طالبہ نے سائنسی مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول کی طالبہ قربابتول نے ICATS سائنس مقابلے میں سوفیصد نمبر حاصل کرکے پہلی پوزیشن لیکر گولڈ میڈل اپنا نام کرلیا۔ اسٹنٹ کمشنر وزیرآباد محمد رب نواز چدھڑ نے طالبہ قربابتول کو شاندار کامیابی پر گولڈ میڈل، سمارٹ واچ اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا، اس موقع پر پرنسپل میم سحرش سلیم اور محمد صفدر بھی موجود تھے۔ اسٹنٹ کمشنر محمد رب نواز چدھڑ نے کہا کہ سائنسی مقابلوں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے ضروری ہے کہ سائنسی مقابلہ میں حصہ لینے والے طلباء وطالبات بورڈ امتحانات میں اچھے نتائج حاصل کرینگے نسل نو اور پرائیویٹ تعلیم کے لئے قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول کی خدمات قابل تعریف ہیں طلباء کو اعلیٰ اور جدید تعلیم سے آراستہ کرنے اور انہیں اچھے شہری بنانے کے لئے اسی طرح کوششیں جاری رکھیں گے۔ انہوں نے پرنسپل میم سحرش سلیم کی تعلیم کے لئے کی گئی خدمات کو سراہا اور ہدایت کی کہ وہ طلباء کی ہمہ گیر تعلیمی ترقی کے لیے کام کرتی رہیں گی۔

میاں نواز شریف عوام دوست عظیم لیڈر ہیں: محمد عمران کمبوہ

وزیرآباد (نامہ نگار) ضلعی آرگنائزر لیبر ونگ مسلم لیگ (ن) محمد عمران سنی کمبوہ میاں نواز شریف عوام دوست عظیم لیڈر ہیں جن کی پاکستان میں موجودہ اور وفاقی و صوبائی حکومت کا ان کی قیادت میں اقدامات اٹھانا ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، مسلم لیگ (ن) اقتدار سنبھالنے کے بعد معیشت کا پہیہ تیزی سے چلا اور پاکستان معاشی طور پر مضبوط ہوا، مسلم لیگ (ن) کے ہر دور اقتدار میں معیشت مضبوط و مستحکم ہوئی، پارٹی قیادت عوام سے کئے گئے وعدوں کو تیزی سے عملی جامعہ پہنا رہی ہے اس بات کا ثبوت وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بے گھر افراد کو مفت گھر فراہم کرنے کے وعدہ کو یقینی بنایا جو عوام دوستی کا کھلا ثبوت ہے، اپنا گھر اپنی چھت ویژن کے تحت ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے، ملک سے دہشت گردی کی عفریت کے خاتمہ کے لئے بھرپور کردار ادا کیا جارہا ہے

دیپالپور میں مزید دو نئی تحصیلیں بصیر پور اور حویلی لکھا بنائے جانے کی قرار کو متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب اسمبلی کے چند روز قبل ہونے والے اجلاس میں اوکاڑہ کی تحصیل دیپالپور سے منتخب دو اراکین پنجاب اسمبلی میاں نورالامین ناصر وٹو ایم پی اے اور چوہدری افتخار چھچھر ایم پی اے کی تحصیل دیپالپور میں مزید دو نئی تحصیلیں بصیر پور اور حویلی لکھا بنائے جانے کی قرار کو متفقہ طور پر منظور کرلیا گیا اس حوالے سے دونوں منتخب اراکین اسمبلی میاں نورالامین ناصر وٹو واپس اوکاڑہ پہنچے تو ان کے آباء علاقوں میں شہریوں نے ان کو خراج تحسین پیش کیا میاں نور الامین ناصر وٹو نے سابق چیئرمین یونین کونسل میاں فخر حیات وٹو کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ دیپالپور تحصیل کی آبادی 25 لاکھ کے قریب ہے صوبہ پنجاب اور دیگر صوبوں میں اتنی آبادی سے کم اضلاع بنے ہوئے ہیں پانچ لاکھ سے زائد آبادی والے علاقے بھی تحصیلیں بن چکے ہیں اس لیے اوکاڑہ کی تحصیل دیپالپور میں مزید دو تحصیلیں بصیر پور اور حویلی لکھا بن جانی ضروری ہیں تاکہ ان علاقوں کے رہنے والے لوگوں کو انتظامی امور میں کوئی دشواری نہ ہو میاں نورالامین کا یہ بھی کہنا تھا کہ گزشتہ ادوار میں تحصیل دیپالپور کو ضلع بنانے کے حوالے سے بھی جدو جہد جاری رکھی گئی تھی کیونکہ پاکپتن۔ حافظ آباد سمیت متعدد اضلاع ایسے بنے ہیں جس کی آبادی تحصیل دیپالپور سے بھی کم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت اسمبلی سے متفقہ قرار داد کی منظوری کے بعد بصیر پور اور حویلی لکھا تحصیل بنائے جانے کے حوالے سے کام تیز کیا جائے

اہلحدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن پاکستان نے حسن نعیم ربانی کو سیکرٹری اطلاعات سٹی شیخوپورہ مقرر کر دیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اہلحدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن پاکستان نے حسن نعیم ربانی کو سیکرٹری اطلاعات سٹی شیخوپورہ مقرر کردیا ہے اس تقرری کا نوٹیفکیشن سٹی صدر اے ایس ایف محمد حمزہ محمدی نے جنرل سیکرٹری محمد زبیر سلفی و دیگر عہدیداروں کے ہمراہ حسن نعیم ربانی کو دیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ دین اسلام کی ترویج و اشاعت اور قرآن و سنت کی بالادستی و نظام محمدی ﷺ کے نفاذ کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے اور اے ایس ایف کے نصب العین کی پاسداری کرتے ہوئے اسے اپنا شعار بنائیں گے اس موقع پر حسن نعیم ربانی نے پارٹی عہدیداروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ وہ اے ایس ایف کے منشور و ایجنڈا کی تکمیل کی خاطر بھرپور جدوجہد کریں گے

باجوہ روڈ گلی مسجد عائشہ صدیقہ میں کھڑے سیوریج کا گندا پانی وبال جان بن گیا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) باجوہ روڈ گلی مسجد عائشہ صدیقہ میں کھڑے سیوریج کا گندا پانی وبال جان بن گیا، علاقہ مکینوں کا احتجاج، ڈپٹی کمشنر سمیت دیگر متعلقہ ارباب اختیار سے فی الفور نوٹس لیکر کاروائی کرنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق باجوہ روڈ بالمقابل ایشیاء ماربل گلی مسجد عائشہ صدیقہ میں عرصہ دراز سے کھڑے سیوریج کے گندے پانی کے باعث کچا راستہ دلدل کی شکل اختیار کرنے لگ گیا، گندگی اور سیوریج کے گندے پانی کے باعث مکھی مچھروں کی بہتات اور بدبو کے باعث علاقہ مکینوں کا جینا محال ہوگیا، اس سلسلہ میں علاقہ مکینوں عرفان احمد سندھو، شکیل سندھو، اسامہ

انجمن تاجران ریل بازار چنیوٹ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت صدر شبیر حسین منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انجمن تاجران ریل بازار چنیوٹ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت صدر شبیر حسین منعقد ہوا، اجلاس میں تمام عہدیداران وممبران نے شرکت کی اجلاس کے دوران صدر شبیر حسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگوں نے مجھے دو سال کیلئے مین ریلبازار کا صدر منتخب کیا تھا جس کا دورانیہ مدت دو سال پوری ہو چکی ہے میں آپ تمام تاجران کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے دو سال تک ہماری کابینہ پر مکمل اعتماد کیا اور بھرپور ساتھ نبھایا آپ تمام تاجران کی محبت کا ممنون ہوں اور آپ کے سامنے یہ اعلان کرتا ہوں کہ آپ لوگ نئے الیکشن کی تیاری کریں اور نئی کابینہ بنائیں اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے تاجران کے ساتھ مل کر انکو درپیش مسائل کو حل کروانے میں مدد فراہم کریں تاجران ریلبازار نے شبیر حسین صاحب کی اس عمل کو بہت زیادہ سراہا اور کہا کہ چنیوٹ میں بہت کم صدرو نے اپنی مدت صدارت پوری کرنے کے بعد نئے الیکشن کا اعلان کیا ہے اس موقع پر چیرمین حاجی عنایت سرپرست اعلی چوہدری سرور صدر شبیر حسین جنرل سیکرٹری چوہدری جمال سنیئر نائب صدر محمد رفیع نائب صدر حاجی ارشد جوائنٹ سیکرٹری حاجی امجد فنانس سیکرٹری عمران جمال انفارمیشن سیکرٹری حبیب شفقت اور تاجران کی کثیر تعداد موجود ہے۔

سعد رضوی کی فلسطینی مزاحمتی تحریک حماس کے لیڈر خالد مشعل حفظہ اللہ کو تاریخی فتح پر مبارکباد

ہم آپ کو اور پوری ملت اسلامیہ کو فلسطینی مزاحمتی تحریک حماس کی عظیم قربانیوں اور حماس کی تاریخی فتح پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) تحریک لبیک پاکستان کے سربراہ حافظ سعد حسین رضوی نے فلسطینی مزاحمتی تحریک حماس کے لیڈر خالد مشعل حفظہ اللہ کو تاریخی فتح پر مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ، ہم آپ کو اور پوری ملت اسلامیہ کو فلسطینی مزاحمتی تحریک حماس کی عظیم قربانیوں اور حماس کی تاریخی فتح پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں، انہوں نے خالد مشعل کی قیادت میں فلسطین کی آزادی کی جدوجہد نئی بلندیوں تک پہنچی ہے اور حماس لیڈر خالد مشعل کی ثابت قدمی اور قربانیوں نے پوری امت مسلمہ کے دلوں میں حوصلہ اور اتحاد کی روح بیدار کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خالد مشعل کی سربراہی میں حماس کی جدو، جہد اور قربانیوں نے دنیا کو یہ واضح پیغام دیا ہے کہ مظلوم کبھی اپنے حقوق سے دستبردار نہیں ہوتا اور ظلم کے خلاف استقامت ہمیشہ کامیابی کی ضمانت ہوتی ہے، خالد مشعل کی ثابت قدمی اور حوصلے نے نہ صرف فلسطینی عوام بلکہ پوری امت مسلمہ کیلئے روشن و منور کردار ادا کیا ہے۔ حافظ سعد حسین رضوی کا مزید کہنا تھا کہ الحمدللہ تحریک لبیک پاکستان کی کاوشوں سے جو حکومت پاکستان نے نیتن یاہو کو دہشتگرد قرار دیا

لاہور شاپنگ فیسٹیول 31 جنوری سے 2 فروری تک لاہور ایکسپو سنٹر میں ہوگا: لاہور چیمبر

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر اور دیگر اعلیٰ حکومتی شخصیات کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر کے زیر انتظام لاہور شاپنگ فیسٹیول 2025 کا انعقاد 31 جنوری سے 2 فروری تک لاہور ایکسپو سنٹر میں ہوگا۔ اس میگا ایونٹ کا اہتمام لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر انتظام کیا جا رہا ہے۔ یہ بات لاہور چیمبر صدر کے میاں ابوذر شاد اور نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی، ثقافتی اور معاشی حوالے سے لاہور شاپنگ فیسٹیول ایک اہم ایونٹ ثابت ہوگا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر اور دیگر اعلیٰ حکومتی شخصیات کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ یہ ایونٹ کاروباری اداروں، سرمایہ کاروں اور عوام کو ایک پلیٹ فارم پر یکجا کرے گا اور تجارتی جمود کو ختم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ "یہ صرف ایک شاپنگ ایونٹ نہیں، بلکہ لاہور کی شناخت اور ثقافتی ورثے کی عکاسی ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ الیکٹرانکس، فرنیچر، فوڈ، جیولری، آرٹ اینڈ کرافٹ، فیشن، کاسمیٹکس، کراکری، ہوم اپلائنسز اور رئیل اسٹیٹ سمیت مختلف شعبوں کی مصنوعات کی نمائش، روایتی دستکاری، فوڈ اسٹالز میوزک شوز، بچوں کے لیے دلچسپ سرگرمیاں اور تحائف کی قرعہ اندازی، خریداری پر بڑے ڈسکاؤنٹ اس میگا ایونٹ کا حصہ ہیں۔ میاں ابوذر شاد نے فیسٹیول کی کامیابی میں میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کا تعاون ایونٹ کی کامیابی کے لیے نہایت اہم ہے۔ نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے کہا کہ لاہور شاپنگ فیسٹیول 2025 کاروباری برادری اور عوام کو قریب لانے کا ذریعہ بنے گا اور معاشی سرگرمیوں میں تیزی لائے گا۔ لاہور چیمبر کے عہدیداران نے تمام کاروباری حضرات اور عوام سے اپیل کی کہ وہ اس فیسٹیول میں بھرپور حصہ لیں اور اسے کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے تمام شعبہ ہائے زندگی پر زور دیا کہ وہ اس ایونٹ میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں۔

غیر قانونی تجاوزات کے خلاف مشترکہ آپریشن

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ، آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل، ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ اور ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی ہدایت پر ڈی ٹی او شیخوپورہ سربالی خان اور اسٹنٹ کمشنر فیروزوالہ نے میونسپل کمیٹی کے عملہ کے ہمراہ غیر قانونی ناجائز تجاوزات کے خلاف مشترکہ آپریشن کیا جس میں مختلف مقامات پر قائم کی گئی پختہ و عارضی تجاوزات کو ہٹایا گیا جس سے روڈ ز پر ٹریفک کی روانی بحال کرنے میں بڑی مدد ملی اور شہریوں کو آمد و رفت میں لاحق مشکلات کا ازالہ ہوا روڈ ز کی وسعت واگزار کروائے جانے پر شہریوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے تجاوزات کے خلاف اس مشترکہ آپریشن کو خوب سراہا، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی ٹی او شیخوپورہ سربالی خان نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمہ کا آپریشن روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھا جائے گا

قصور کے نواحی گاؤں کنگن پور میں ڈاکوؤں کی گولی سے قتل ہونے والے شہری کے لیے شٹر ڈاؤن ہڑتال اور دھرنا

قصور (بیورو چیف) قصور کے نواحی گاؤں کنگن پور میں ڈاکوؤں کی گولی سے قتل ہونے والے شہری کے لیے شٹر ڈاؤن ہڑتال اور دھرنا، ہڑتال پولیس کے عدم تعاون پر کی گئی ہے، پولیس کے خلاف نعرے بازی، سول سوسائٹی اور انجمن تاجران، علاقے میں خوف حراس پھیل گیا، اہل علاقہ اور شہری تنظیموں کا آئی جی پنجاب اور وزیر اعلیٰ سے نوٹس لینے کا مطالبہ، ملزمان کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا، پولیس۔ قصور کے نواحی گاؤں کنگن پور میں دو روز قبل ڈاکوؤں کے ہاتھوں ناحق قتل ہونے والے شہری لطیف کے حق میں شہر بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور دھرنا، یہ ہڑتال اور دھرنا پولیس کے عدم تعاون پر کیا جارہا ہے، سول سائٹی، اور انجمن تاجران۔ شہریوں اور تاجروں کا کہنا ہے کہ پولیس ہمارے ساتھ تعاون نہیں کر رہی

شہریوں کو لاکھوں روپے نقدی، لاکھوں روپے کی موٹر سائیکلز، مال مویشی، موبائل فون و دیگر قیمتی سامان سے محروم کردیا

قصور (بیورو چیف) قصور اور اس کے گرد نواح میں ڈاکوؤں نے شہریوں کو لاکھوں روپے نقدی، لاکھوں روپے کی موٹر سائیکلز، مال مویشی، موبائل فون و دیگر قیمتی سامان سے محروم کردیا۔ تھانہ اے ڈویژن میں محمد عیش نے درخواست دی ہے کہ قصور گارڈن کے باہر کھڑی میری موٹر سائیکل نمبری LEK-9758 نامعلوم چور لے گئے ہیں۔ تھانہ بی ڈویژن میں محمد وسیم نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ جی شوز فیکٹری کے باہر کھڑی میری موٹر سائیکل نمبری LEK-2659 نامعلوم چور لے گئے ہیں۔

حضرت علیؓ کو علم وحکمت کا خزینہ اور داماد رسولؐ ہونے کا شرف حاصل ہے

دین اسلام کی سربلندی رہتی دنیا تک قائم رکھنے میں خانوادہ رسولؐ اہل بیت کے خون کی آبیاری شامل رہیں گی

وزیرآباد (نامہ نگار) حضرت علیؓ کو علم وحکمت کا خزینہ اور داماد رسولؐ ہونے کا شرف حاصل ہے، دین اسلام کی سربلندی رہتی دنیا تک قائم رکھنے میں خانوادہ رسولؐ اہل بیت کے خون کی آبیاری شامل رہیں گی حضرت علی علیہ اسلام کی غیر مسلموں پر ہیبت طاری تھی اور دشمنان اسلام پر رہتی دنیا تک طاری رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار سماجی شخصیات ندیم چوہان المعروف کاجل، میر وقاص احمد، عمر اشرف، بیٹھ حسن، مہر راشد نے حضرت علی علیہ اسلام کی یوم ولادت کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، حضرت علیؓ علم وحکمت کا خزینہ اور شہر تھے۔ حضرت علیؓ کی حکمت کے غیر مسلم بھی قائل تھے آپؓ نے یہودیوں کے کئی مبہم سوالات کے جوابات آسان پیراؤں میں بیان کر کے مسلمانوں کی راہنمائی فرمائی۔ علاوہ ازیں کیک بھی کاٹا گیا۔

بچوں کی ذہنی نشوونما اور تعلیمی استعداد بڑھانے کیلئے والدین کو اپنے بچوں کے دن بھر کا جامع شیڈول مرتب کرنا چاہیے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن کے صدر و گورنمنٹ فرقان شہید ہائی سکول کے پرنسپل بلال احمد خان نے کہا ہے کہ بچوں کی ذہنی نشوونما اور تعلیمی استعداد بڑھانے کیلئے والدین کو اپنے بچوں کے دن بھر کا جامع شیڈول مرتب کرنا چاہیے جس میں سکولز اوقات کے بعد کے تمام امور درجہ بدرجہ شامل کیے جائیں بچوں کے کھیلنے کودنے اور ہوم ورک مکمل کرنے کے وقت کا تعین کیا جائے اور انہیں جلد سونے اور وقت پر اٹھنے کا پابند بنانے سمیت ان کی خوراک بھی متوازن رکھی جائے، میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بلال احمد خان نے کہا کہ والدین اپنے بچوں کی اخلاقی تربیت کیلئے ان کے ساتھ بیٹھیں اور ان سے ذہنی ہم آہنگی پیدا کرنے سمیت بول چال کے آداب اور اٹھنے بیٹھنے کا سلیقہ سکھائیں تاکہ ان کے بچے ہر لحاظ سے معاشرے کے مفید شہری ثابت ہوسکیں، انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں سے چھٹی کے دن والدین بچوں کو بھرپور توجہ دیں اور ان کی تعلیمی کارکردگی کا جائزہ لینے سمیت ان کی عادات و بول چال پر غور کریں تاکہ انکی اصلاح ممکن ہوسکے، والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں کو ماند نہ پڑنے دیں۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

میونسپل کمیٹی اور ضلع کونسل کے اہلکار شہر کی خوبصورتی کے لیے متحرک

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر پبلک پارکس، روڈز اور چوکوں کی خوبصورتی کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میونسپل کمیٹی اور ضلع کونسل کے اہلکار شہر کی خوبصورتی کے لیے متحرک، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر پبلک پارکس، روڈز اور چوکوں کی خوبصورتی کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، شہر بھر کے مختلف مقامات کی صفائی ستھرائی بھی تواتر کے ساتھ کی جارہی ہے اور شہر کو خوبصورت بنانے کے لیے ٹیم میں متحرک انداز میں فرائض سرانجام دے رہی ہیں، اوکاڑا بائی پاس اور جی ٹی روڈ سمیت شہر کی تمام اہم شاہرات کو تجاوزات سے پاک کر دیا گیا ہے، روڈز سے منسلک گرین بیلٹس کی صفائی اور پودوں کی ٹریمنگ کے ساتھ ساتھ ان کی آبیاری بھی کی جارہی ہے اس کے علاوہ مختلف روڈز پر صفائی ستھرائی کے لیے لین مارکنگ اور پانی کا چھڑکاؤ تواتر سے کیا جارہا ہے۔

کپاس کی بحالی سے ہی کسان، ملک اور قوم کی خوشحالی ممکن ہے: محمد اسلم

اگیتی کاشت کو فروغ دیں بھرپور پیداوار اور منافع کمائیں اور ملکی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کریں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) اسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع ساہیوال ڈاکٹر محمد اسلم نے کہا ہے کہ کپاس کی بحالی سے ہی کسان، ملک اور قوم کی خوشحالی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسان کپاس کی اگیتی کاشت کو فروغ دیں بھرپور پیداوار اور منافع کمائیں اور ملکی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کریں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار محمد پور میں ساہیوال میں اگیتی کپاس اگاؤ کے حوالے سے زیادہ کپاس اگاؤ مہم کے تحت کسانوں کی تربیت کے لئے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں زراعت آفیسر احمد سعد سمیت کپاس کے کاشتکاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع ساہیوال ڈاکٹر محمد اسلم نے کاشتکاروں کو پاکستان کی معیشت کے لئے کپاس کی اہمیت بارے آگاہ کیا۔ انہوں نے کپاس کی انٹر کراپنگ بالخصوص تربوز اور پیاز کے ساتھ کپاس کی مخلوط کاشت بارے تفصیلی لیکچر دیا۔

سرکاری ملازمین کی پنشن گریجویٹی لیو این کیشمنٹ ختم کرنے اور مزدور کش پالیسیوں کے خلاف ملازمین کا احتجاجی مظاہرہ

مہنگائی کی وجہ سے ملازمین پہلے ہی خودکشیاں کر رہے ہیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) اشرافیہ کو نوازنے کے لئے پنجاب حکومت ملازمین کے بچوں کا معاشی قتل عام بند کرے۔ مہنگائی کی وجہ سے ملازمین پہلے ہی خودکشیاں کر رہے ہیں، اور اپنے زندہ بچے فروخت کر رہے ہیں۔ اوپر سے حکومت پنجاب نے ملازمین سے بڑھاپے کا سہارا پینشن اور گریجویٹی پینشن اصلاحات کے نام پر چھین لیا ہے۔ جسکی وجہ سے ملازمین میں شدید غصہ پایا جاتا ہے۔ ملازمین کو سڑکوں پر احتجاج کیلئے مجبور کر دیا گیا۔ 10-10 لاکھ ماہانہ تنخواہیں لینے والے حکمرانوں کی طرف سے آئی ایم ایف ایجنڈے کے تحت غریب سفید پوش بلدیاتی سرکاری ملازمین کی پنشن گریجویٹی لیو این کیشمنٹ ختم کر کے بھوکا مارنے کی بندے مار مزدور کش پالیسیوں کے خلاف آج آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کی کال پر میونسپل کارپوریشن گوجرانوالہ کے ملازمین کے ساتھ ساتھ واسا ایجوکیشن پی ایچ اے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی گوجرانوالہ کے علاوہ دیگر محکموں کے ملازمین نے میونسپل کارپوریشن سے جی ٹی روڈ پر زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا۔

کوٹ رادھا کشن دھند کے باعث ٹریفک حادثہ

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر حاجی محمد رمضان سے) کوٹ رادھا کشن میں بھمبہ پھاٹک کے قریب ٹریفک حادثہ کوٹ رادھا کشن دھند کے باعث چھانگا مانگا روڈ پر بھمبہ پھاٹک کے قریب ٹریکٹر ٹرالی اور مسافر وین آپس میں ٹکرا گئی۔ ٹیوٹا ہائی ایکس تباہ جبکہ ٹریکٹر ٹرالی بھی ٹوٹ گئی ایکسیڈنٹ میں دو افراد 22 سالہ عمران اور طارق شدید زخمی ریسکیو ذرائع کوٹ رادھا کشن: ریسکیو 1122 ٹیم ابتدائی طبی امداد کے بعد مریضوں کو نزدیکی اسپتال شفٹ کر دیا۔

اوکاڑہ کے نواح میں غیرت کے نام پر بھائی نے فائرنگ کر کے اپنی بہن کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں غیرت کے نام پر بھائی نے فائرنگ کر کے اپنی بہن کو قتل کر دیا اور فرار ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ حجرہ شاہ مقیم کے رہائشی وسیم کی بہن موبائل فون پر غیر لڑکوں سے باتیں کرتی تھی جس پر طیش میں آ کر بھائی وسیم نے فائرنگ کر کے اپنی بہن کو قتل کر دیا اور فرار ہوگیا پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو 10 گھنٹے میں گرفتار کر لیا ہے۔

پولیس تھانہ صدر چیچہ وطنی کی کاروائی منشیات سمگلر رنگے ہاتھوں گرفتار، ملزم کے قبضہ سے 10 کلو سے زائد چرس برآمد

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) پولیس تھانہ صدر چیچہ وطنی کی کاروائی منشیات سمگلر رنگے ہاتھوں گرفتار، ملزم کے قبضہ سے 10 کلو سے زائد چرس برآمد۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان خان کے احکامات پر ایس ایچ او تھانہ صدر چیچہ وطنی نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 10 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان کی جانب سے معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف بلا تفریق کریک ڈاؤن کے احکامات جاری

قصور کے نواحی گاؤں گنڈا سنگھ والا روڈ پر ریسکیو اہلکار دھند کے باعث فٹ پاتھ سے ٹکرا کر زخمی، ہسپتال منتقل

قصور (بیورو چیف) قصور کے نواحی گاؤں گنڈا سنگھ والا روڈ پر ریسکیو اہلکار دھند کے باعث فٹ پاتھ سے ٹکرا کر زخمی، زخمی اہلکار کو تشویشناک حالت میں لاہور ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو اہلکار مرزا احرم گھر سے ڈیوٹی کے لیے موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ دھند کے باعث گنڈا سنگھ والا روڈ پر فٹ پاتھ سے ٹکرا کر گرا اور شدید زخمی ہوگیا، زخمی ریسکیو اہلکار کو تشویشناک حالت کی وجہ سے علاج معالجہ کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

نوسر باز ٹولہ نے جعلسازی سے ضعیف العمر شہری کی کروڑوں کی اراضی ہتھیالی

کینسر کے مرض میں مبتلا متاثرہ شہری محمد مالک انصاف کے حصول کیلئے در بدر پھرنے پر مجبور ہو گیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) نواحی علاقہ ڈھے کے رہائشی محمد مالک نے اپنی ملکیتی ٹھ کنال پندرہ مرلہ اراضی چھ سال قبل اقبال، نواز، پسران عبداللہ جوندہ کو فروخت کردی جسکا قبضہ بھی موقع پر دیدیا گیا بعدازاں گلزار، مختار وغیرہ نے مذکورہ اراضی پر قبضہ کرنے کیلئے ثاقب چوہان کی مدد سے ایک جعلی اشٹام تیار کر کے عدالت میں دعوی دائر کر دیا جو کہ دوران انکوائری بوگس ثابت ہوگیا جس پر مقامی پولیس تھانہ سمبڑیال نے ملزمان گلزار، مختار، سکنہ گڈیالہ اور دیگر افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے کاروائی کا آغاز کر دیا، متاثرہ شہری جو کہ کینسر کے مرض میں مبتلا ہے اس نے بتایا کہ ملزمان نے میرے سادہ اور ان پڑھ ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے یہ تمام منصوبہ بندی کی ہے اور میری کروڑوں کی پراپرٹی پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں، ملزمان اب مقدمہ کی پیروی پر قتل سمیت سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہے ہیں، اہل علاقہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب، آر پی او گوجرانوالہ سمیت دیگر ارباب اختیار سے اپیل کی ہے کہ نوسر باز ٹولے کے خلاف موثر کاروائی کر کے متاثرین کو فوری طور پر تحفظ اور انصاف فراہم کیا جائے۔

سیالکوٹ پولیس کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا ہے

سیالکوٹ (بیورو چیف) سیالکوٹ پولیس کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا ہے۔ طارق محمود ڈھڈی۔ قانون شکن عناصر کیخلاف کاروائیوں سے اہداف کامیابی سے حاصل ہوئے۔ SDPO سٹی۔ سیالکوٹ کے تمام تھانہ جات آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات پر عمل پیرا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی زیر قیادت قانون شکنوں کی سرکوبی اور نقص امن کا سبب بننے والے عناصر کیخلاف کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا ہیں۔ ڈکیت وگاڑی چور گینگز، منشیات فروشوں وقانون شکن عناصر کیخلاف کامیاب کاروائیاں وزارت داخلہ کے دیئے گئے اہداف پر سختی سے عمل پیرا ہو کر ممکن ہوئے۔ ان باتوں کا اظہار پنجاب پولیس کے کرائم فائٹر ڈی ایس پی چوہدری طارق محمود ڈھڈی نے سنئیر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔

گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن کے ترقیاتی منصوبوں پر 265 ارب 39 کروڑ روپے خرچ ہونگے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) مالی سال 2024-25 کے دوران گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن کیلئے حکومت پنجاب کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل نئے اور جاری 993 ترقیاتی منصوبوں پر 265 ارب 39 کروڑ روپے خرچ ہونگے، وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے مطابق رواں مالی سال کے دوران، بجٹ میں ان منصوبوں کے لئے 45 ارب 66 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں جبکہ 36 ارب روپے سے زائد فنڈز جاری ہو چکے ہیں، یہ تفصیلات کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے حوالے سے تفصیلات بتاتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت پنجاب نے گوجرانوالہ ڈویژن کے اضلاع گوجرانوالہ، سیالکوٹ اور نارووال میں تعلیم، صحت، روڈ انفراسٹرکچر، بلڈنگز، نکاسی و فراہمی آب، صفائی سمیت مختلف شعبہ جات کی 94 سکیمیں رواں مالی سال کے بجٹ میں شامل کی ہیں

مہنگائی کو قابو کرنے کیلئے عملی اقدامات نظر نہیں آرہے ہیں: آفتاب عظیم

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین سید آفتاب عظیم بخاری نے کہا ہے کہ حکومت تو مہنگائی پر کنٹرول کرنے کی دعویدار ہے لیکن تاحال مہنگائی کو قابو کرنے کیلئے عملی اقدامات نظر نہیں آرہے ہیں، آٹا، چینی، دالیں، سبزیاں، مرغی، گائے، بکرے کا گوشت، انڈے، دودھ، میڈیسن و پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے غریب عوام کا جینا اجیرن کر دیا ہے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں نے آسمان تک پہنچا دیا ہے جس سے سفید پوش و غریب طبقہ بری طرح متاثر ہے، شہری انتظامیہ، متعلقہ شعبوں کی ذمہ داری ہے

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے جھال روڈ برج پر سٹریٹ لائٹس خراب ہونے کا نوٹس لے لیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے جھال روڈ برج پر سٹریٹ لائٹس خراب ہونے کا نوٹس لے لیا۔ محکمہ ہائی وے کو لائٹس فوری ٹھیک کروانے کا حکم۔ سٹریٹ لائٹس ٹھیک ہونے کے بعد کارپوریشن ان لائٹس کی بھی ذمہ داری لے۔ کمشنر کی ہدایت۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پلسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، سٹی مینیجر پلسپ محمد اسجد خان سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

ایڈیشنل سیشن جج دیپالپور کی عدالت نے منشیات فروشی کے مقدمے میں ملزم کو 9 سال قید کی سزا اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج دیپالپور کی عدالت نے منشیات فروشی کے مقدمے میں ملزم کو 9 سال قید کی سزا اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت کے جج نے منشیات فروشی کے مقدمہ میں افضال کو جرم ثابت ہونے پر مجرم کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی تھانہ حجرہ شاہ مقیم پولیس نے جولاء 2024 میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ عدالت کی جانب سے سزا سنائی جانے کے بعد پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا۔ پولیس کی پروفیشنل تفتیش، محنت اور ٹھوس شہادتوں کی بدولت منشیات فروشی کے مقدمہ میں ملوث مجرم پر جرم ثابت ہونے پر معزز عدالت کی جانب سے 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن انصاف عوام الناس کی دہلیز پر کی روشنی میں ڈی پی او شیخوپورہ کی جانب سے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن انصاف عوام الناس کی دہلیز پر کی روشنی میں ڈی پی او شیخوپورہ کی جانب سے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے تھانہ بی ڈویژن اور پولیس چوکی جیون پورہ تھانہ بھکھی میں کھلی کچہری لگا کر عوام کی شکایات کو ترجیح بنیادوں پر سن کر حل کیا۔ ان میں سے کچھ شکایات کے فوری حل کے لیے متعلقہ پولیس افسران کو بھی احکامات جاری کیے ڈی پی او شیخوپورہ نے کہا کہ شیخوپورہ پولیس کی جانب سے عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے تمام

سرکاری ملازمین کی پنشن گریجویٹی لیو این کیشمنٹ ختم کرنے اور مزدور کش پالیسیوں کے خلاف ملازمین کا احتجاج

گوجرانوالہ (بیورو چیف) آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن رجسٹرڈ پاکستان کے زیر اہتمام اصلاحات کے نام پر سرکاری ملازمین کی پنشن گریجویٹی لیو این کیشمنٹ ختم کرنے اور مزدور کش پالیسیوں کے خلاف ملازمین کے احتجاجی مظاہرے کے شرکاء سے ملک نصیر الدین ہمایوں، پرویز مٹو، عمران خالد بٹ، ذکاء باجوہ، محمد علی، لیاقت مہر، زبیر انصاری، آصف بٹ و دیگر خطاب کر رہے ہیں۔

ٹنل فارمنگ: کم پانی سے بے موسمی سبزیوں کی کاشت، پیداوار دگنی کی جاسکتی ہے: چیف ایگریکلچر آفیسر



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو)۔ چیف ایگریکلچر آفیسر/ڈی اے (ایکسٹینشن) گوجرانوالہ ڈویژن ڈاکٹر شکیل احمد نے کہا ہے کہ ٹنل فارمنگ: کم پانی سے بے موسمی سبزیوں کی کاشت، پیداوار دگنی کی جاسکتی ہے اس کے فروغ کیلئے کاشتکاروں کو زرعی تعلیم و تربیت فراہم کرنے کی اشد ضرورت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکز تحصیل اور ضلع گوجرانوالہ کے گاؤں سوئیاں کی یو سی جلال بلگن میں پلاسٹک ٹنل کے کھیلوں میں بوئی جانے والی سبزیوں کے ابتدائی آف سیزن کا دورہ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا ڈائریکٹر زراعت گوجرانوالہ ڈویژن شکیل احمد، فارمر رانا نثار احمد، پروفیسر اللہ دتہ، عادش نثار، تنویر ہاشمی و دیگر اس موقع پر موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ٹنل فارمنگ سے کسان اپنی پیداوار دگنی کر سکتے ہیں جبکہ اس ٹیکنالوجی کے باعث کم سے کم پانی استعمال کر کے بے موسمی سبزیاں بھی اگائی جاسکتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ٹنل فارمنگ کے فروغ کیلئے کاشتکاروں، کسانوں اور زمینداروں کو زرعی تعلیم و تربیت کی فراہمی کی اشد ضرورت ہے

ڈاکٹر ارشاد الحق کا سنٹرل اسٹیشن پر فارمینس آڈٹ کے حوالے سے دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈویژنل ایمرجنسی آفیسر ساہیوال ڈاکٹر ارشاد الحق نے سنٹرل اسٹیشن کا پرفارمینس آڈٹ کے حوالے سے دورہ کیا۔ سنٹرل اسٹیشن آمد پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام نے ڈویژنل ایمرجنسی آفیسر کا استقبال کیا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور ریسکیو کے چاق وچوبند دستے نے سلامی دی۔ ریسکیورز سے خطاب کے دوران انکا کہنا تھا کہ پرفارمینس کے حوالے سے ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کو ڈویژن بھر میں نمایاں برتری حاصل ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی سربراہی میں اس معیار کو ہمیشہ یقینی بناتے ہوئے عوام الناس کو بروقت اور بہترین سروسز فراہم کریں گے۔

راجہ پارک طفیل شہید روڈ سلیمی چوک لاوارث ہو گیا

پی ایچ اے سمیت متعلقہ اداروں کی توجہ مبذول کروانے کے باوجود کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) راجہ پارک طفیل شہید روڈ سلیمی چوک لاوارث ہوگیا' پی ایچ اے سمیت متعلقہ اداروں کی توجہ مبذول کروانے کے باوجود کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگی' علاقہ مکین تفریح سے محروم ہو گئے' پی ایچ اے کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے پارک میں جگہ جگہ کوڑے کرکٹ کے ڈھیر لگ گئے' محلہ شریف پورہ اور اس سے ملحقہ آبادیوں کا واحد تفریحی مقام راجہ پارک کھنڈرات کا منظر پیش کرنے لگا' لاوارث پارک میں رہائشی گھروں کا کوڑا کرکٹ پھینکیں لگے' سیوریج کے گندے پانی نے پارک میں ہر طرف تعفن پھیلا رکھا ہے' مکھیوں اور مچھروں کی بہتات نے علاقہ مکینوں کا جینا محال کر رکھا ہے' تعفن کی وجہ سے علاقہ مکین مختلف بیماریوں کا شکار ہونے لگے' مناسب پانی کا انتظام نہ ہونے اور پی ایچ اے کی طرف سے مالی تعینات نہ ہونے کی وجہ سے راجہ پارک میں گھاس کا نام و نشان مٹ گیا ہے' علاقہ مکینوں نے ڈویژنل کمشنر فیصل آباد ڈپٹی کمشنر اور ڈی جی پی ایچ اے سے راجہ پارک طفیل شہید روڈ سلیمی چوک کی ناگفتہ بہ حالت زار پر ترس کھانے کی اپیل کی ہے

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

بلال حسن شامل تھے، وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث نے بھی دلائل دیئے۔وکیل وزارت دفاع خواجہ حارث نے دلائل جاری رکھتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ سیکشن 2ڈی ون اگر درست قرار پاتا ہے تو نتیجہ کیا ہوگا؟ قانون کے سیکشنز درست پائے تو یہ ٹرائل کیخلاف درخواستیں نا قابل سماعت تھیں، ملٹری ٹرائل میں پورا پروسیجر فالو کیا جاتا ہے۔جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس میں کہا کہ عدالت نے آپ سے ملٹری ٹرائل والے کیسز کا ریکارڈ مانگا تھا، عدالت دیکھنا چاہتی ہے کہ ٹرائل میں شہادتوں پر کیسے فیصلہ ہوا، عدالت کو یہ ریکارڈ دینے سے انکار کر دیا گیا، حکومتی وکیل کو یہ جواب نہیں دینا چاہیے تھا۔خواجہ حارث نے جواب دیا کہ عدالت کو ایک کیس کا ریکارڈ جائزے کیلئے دکھا دینگے جس پر جسٹس علی مظہر نے ریمارکس میں کہا کہ عدالت نے پروسیجر دیکھنا ہے کیا فیئر ٹرائل کے ملٹری کورٹ میں تقاضے پورے ہوئے اس پر خواجہ حارث بولے کہ ہائیکورٹس نہ ہی سپریم کورٹ میرٹس کا جائزہ لے سکتی ہے۔جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیئے کہ عدالت نے ٹرائل میں پیش شواہد کو ڈسکس نہیں کرنا، عدالت محض شواہد کا جائزہ لینا چاہتی ہے، نیچرل جسٹس کے تحت کسی کو سنے بغیر سزا نہیں ہو سکتی۔وکیل وزارت دفاع نے کہا کہ اگر قانون کے سیکشنز درست قرار پائے تو درخواستیں نا قابل سماعت ہوں گی، عدالت بنیادی حقوق کے نقطہ پر سزا کا جائزہ نہیں لے سکتی، آرٹیکل 8(3) اور 8(5) کی موجودگی میں ٹرائل کیخلاف درخواستیں نا قابل سماعت تھیں، پانچ رکنی بنچ نے قابل سماعت ہونے کے نکتہ کا جائزہ درست نہیں لیا۔خواجہ حارث کا کہنا تھا کہ عدالت ٹرائل کے ریکارڈ کا میرٹ پر جائزہ بھی نہیں لے سکتی، ایف بی علی کیس میں جرم ہوا تو ملزمان سروس سے ریٹائرڈ ہو چکے تھے، 1962 اور 1973 کے آئین میں درج بنیادی حقوق میں کیا فرق ہے، زندگی کا حق اور فیئر ٹرائل شروع سے ہیں۔جسٹس علی مظہر نے ریمارکس دیئے کہ فیئر ٹرائل کا آرٹیکل 10 اے نہ بھی ہو تب بھی پروسیجر تو فالو کرنا ہوگا۔جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا کہ کیا آرٹیکل 8(3) میں بنیادی حقوق واپس لے لیے گئے ہیں؟ خواجہ حارث نے جواب دیا کہ یہ آرٹیکل 1973 سے آئین میں شامل ہے، ایف بی علی کیس میں ملزمان کے فیئر ٹرائل کا جائزہ بھی لیا گیا تھا۔بعدازاں سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے فیصلے کیخلاف اپیلوں پر سماعت آج جمعہ تک ملتوی کر دی، وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث کل بھی دلائل جاری رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 2

ایس پی آر کے مطابق گھناؤنی کارروائیوں کے جواب میں سکیورٹی فورسز علاقے میں خوارج کے خلاف وسیع انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کر رہی ہیں، 14 دسمبر 2024 سے جاری مختلف آپریشنز میں فورسز نے 22 خوارج کو ہلاک اور 18 کو زخمی کیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں امن کی بحالی اور خوارج کے خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے، سکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 3

کہا کہ آزاد مبصرین بھی 190 ملین کے میگا کرپشن اسکینڈل کے حوالے سے کسی کو بری الذمہ نہیں قرار دے رہے، یہ ملکی تاریخی کا سب سے بڑا کرپشن اسکینڈل ہے۔عطا تارڑ نے کہا کہ ملکی معیشت درست سمت کی طرف گامزن ہے، مہنگائی میں بھی بڑی حد تک کمی آئی ہے، ورلڈ اکنامک فورم (ڈبلیو ای ایف) کی رپورٹ نے پاکستان کی معیشت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، ڈیفالٹ کا خطرہ مکمل طور پر ختم ہوگیا۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ برطانیہ میں نیشنل کرائم ایجنسی (این سی اے) نے وزیراعظم شہباز شریف کو بے گناہ قرار دیا تھا، اسی این سی اے نے 190 ملین پاؤنڈ ضبط کر کے پاکستان بھیجے، اگر یہ پیسہ ضبط شدہ نہیں تھا تو ایجنسی نے اسے پاکستان کیوں بھیجا۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سے سوال ہے یہ اگر عوام کا اور سرکاری خزانے کا پیسہ نہیں تھا تو برطانیہ نے اسے حکومت

کے اپنے موقف کا اعادہ کرتا ہے، 1967 سے قبل کی حدود پر مبنی القدس شریف دارالحکومت کے طور پر آزاد فلسطین ہی اس مسئلے کا پائیدار حل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

ایڈووکیٹ کو ایک مہینے کی حفاظتی ضمانت دے دی۔عدالت میں چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس وقار احمد نے قاضی محمد انور ایڈووکیٹ کی مقدمات کی تفصیلات کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی۔دوران سماعت چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم استفسار کیا کہ قاضی صاحب آپ کے خلاف بھی ایف آئی آر درج ہے، اس میں کیا لکھا ہے؟ قاضی انور ایڈووکیٹ نے بتایا کہ میرے خلاف انسداد دہشت گردی کی ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے ہنستے ہوئے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ مال مقدمہ تو آپ کے ہاتھ میں ابھی بھی ہے، یہ چھڑی جو آپ نے پکڑی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

مارکیٹ نے تاریخی ریکارڈ توڑا ہے، دنیا کے سرمایہ کار پاکستان کی طرف دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے کل اعلان کیا بجلی کی قیمت 11 روپے مزید کم ہوگی، دنیا کے ماڈلز کی سٹڈی کرتی ہوں، کسی ملک نے انڈسٹریلائزیشن کے بغیر ترقی نہیں کی، ہمیں بھی انڈسٹریلائزیشن کی طرف جانا ہے، آج شاندار پیکیج لیکر پنجاب کے عوام کے سامنے آئی ہوں، آج وزیراعلیٰ آسان کاروبار فنانس، وزیراعلیٰ آسان کاروبار کارڈ لارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے ایڈووکیٹ معیز جعفری عدالت پیش ہوئے۔دوران سماعت چیف جسٹس شفیع صدیقی نے ریمارکس میں کہا کہ ایسی ہی درخواست پہلے سے زیر سماعت ہے، کیوں نہ آپ کی درخواست کو دیگر درخواستوں کے ساتھ منسلک کر دیا جائے؟ ایڈووکیٹ معیز جعفری نے کہا کہ ہم حکم امتناع چاہتے ہیں جس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ہم قانون معطل نہیں کر سکتے، قانون کو معطل کر کے کیسے حکم امتناع جاری کیا جاسکتا ہے؟ بعدازاں عدالت نے شاہد خاقان عباسی کی درخواست 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف زیر سماعت دیگر درخواستوں کے ساتھ منسلک کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 10

طالب نور محمد اور کینیڈا میں آغا خان ڈویلپمنٹ نیٹ ورک کے مندوب محمود ابیو نے ملاقات کی۔ملاقات میں پاک کینیڈا تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان کینیڈا کے ساتھ باہمی تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پاکستان دوطرفہ تعلقات کو مختلف شعبوں میں مزید آگے بڑھانے کا خواہاں ہے۔ممبر کینیڈین پارلیمنٹ طالب نور محمد نے وزیر داخلہ محسن نقوی کو کینیڈین ہم منصب کی جانب سے پیغام پہنچایا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ آغا خان فاؤنڈیشن پاکستان میں سماجی و معاشی ترقی کے کئی نمایاں منصوبوں پر کام کر رہی ہے، باہمی تعاون سے منصوبوں کا دائرہ کار مزید آگے بڑھانے کے لئے کوشاں ہیں۔ملاقات میں افغان مہاجرین کی کینیڈا سمیت دیگر ملکوں میں منتقلی پر بھی گفتگو کی گئی۔ممبر کینیڈین پارلیمنٹ طالب نور محمد نے کہا کہ منتقلی کے عمل کو تیز بنانے کیلئے کینیڈین ہائی کمشن کے عملے اور وسائل میں اضافہ کیا گیا ہے، اضافی عملے کو ویزا فراہم کرنے پر شکر گزار ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں درخواستوں کی جانچ پڑتال میں تیزی لائی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

قومی خلائی ادارے کے ترجمان نے بتایا کہ ای او ون سیٹلائٹ کو ڈیزاسٹر ریسپانس، زراعت اور شہری منصوبہ بندی کیلئے اہم ڈیٹا فراہم کرنے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔یہ خوراک کی حفاظت اور پانی کے انتظام کو یقینی بنانے میں بھی مدد کرے گا جبکہ ملک کے قدرتی وسائل کی نگرانی کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرے گا۔ترجمان کے مطابق پاکستان کا مقامی ای او ون سیٹلائٹ خلائی اختراع میں ایک اہم قدم ہے، یہ سیٹلائٹ قدرتی وسائل کی ملک گیر نگرانی میں اضافہ کرے گا اور یہ مشن پاکستان کے خلائی پروگرام اور ٹیکنالوجیکل ایج کو مضبوط کرے گا۔اس سے قبل مئی 2024 میں پاکستان کا پہلا ملٹی مشن سیٹلائٹ پاک سیٹ ایم ایم ون چین کے ژیچنگ سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے لانچ کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 12

رسک رپورٹ 2025 جاری کر دی ہے۔رپورٹ کے مطابق معاشی چیلنجز کے باوجود پاکستان معاشی استحکام کی جانب بڑھ رہا ہے اور کڑے چیلنجز کے باوجود درست اقدامات کی بدولت معاشی کامیابیاں حاصل کیں۔خطے میں اسلحہ کی دوڑ کے باوجود پاکستان کی محتاط سوچ لائق تحسین ہے، دنیا بھر میں فوجی بجٹ میں اضافہ ہوا لیکن پاکستان اسلحہ کی دوڑ کا حصہ دار نہیں بنا۔پاکستان نے مہنگائی میں کمی، معاشی استحکام، روپے کی قدر میں بہتری اور قرض کی بہتر انتظام کاری کے شعبوں میں نمایاں بہتری دکھائی۔پاکستان ماحولیاتی طور پر سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں سے ایک

ہیں، بس عمران خان جوڈیشل کمیشن یہ چیزیں عوام کے مسائل کی بات نہیں ہو رہی۔انہوں نے کہا کہ مذاکرات بھی ہو رہے ہیں پھر یہ اسمبلی میں شور اور ہنگامہ بھی کر رہے ہیں، بائیکاٹ بھی کر رہے ہیں پھر انہوں نے 8 فروری کیلئے اناؤنس کر دیا ہے اس کو ختم ہونا چاہیے انہیں ایک فیصلہ کرنا پڑے گا۔

بقیہ بقیہ جات 17

میں تین رکنی بنچ نے کی۔سماعت کے دوران جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیئے کہ جسٹس عقیل عباسی سندھ ہائی کورٹ میں اس کیس کا فیصلہ کر چکے ہیں، آج کیس نہیں چل سکتا، پیر کو پہلے والا 3 رکنی بنچ ہی کیس کو سنے گا۔جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ کیس کو چلانے کے لیے نیا بنچ بنانا پڑے گا جسے پیر کو سماعت کے لیے مقرر کر رہے ہیں، جسٹس عرفان سعادت خان پہلے ہی بنچ میں شامل تھے۔فاضل جج نے کہا مزید کہ جائزہ لینا ہے آرٹیکل 191 اے کے تحت ریگولر بنچ سے اختیار سماعت لیا جاسکتا ہے، جس پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے استدعا کی کہ ہمیں تھوڑا وقت دیں۔دوران سماعت جسٹس عائشہ ملک نے کہا کہ کیس پیر کو فکس ہونے دیں پھر مہلت کو دیکھ لیں گے۔بعدازاں سپریم کورٹ آف پاکستان نے اٹارنی جنرل آفس کو معاونت کا نوٹس جاری کر دیا اور 26 ویں آئینی ترمیم سے متعلق کیس کی سماعت پیر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 18

ملاقات ہوئی ہے، آرمی چیف کے سامنے پی ٹی آئی کے تمام مطالبات رکھے ہیں، اسٹیبلشمنٹ سے براہ راست مذاکرات خوش آئند ہیں۔بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ آرمی چیف سے ملاقات پشاور میں ہوئی ہے، دوسری جانب سے مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔دریں اثناء وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ میری اور بیرسٹر گوہر کی سیکورٹی صورتحال پر دیگر جماعتوں کے ہمراہ آرمی چیف سے ملاقات ہوئی۔علی امین گنڈاپور نے کہا کہ میرا ایمان بہت مضبوط ہے، اگر میرے ذہن میں کوئی شبہ ہوتا تو مذاکراتی کمیٹی کا حصہ نہ بنتا، جو کچھ ہوگا مذاکراتی کمیٹی کے ذریعے سب کے سامنے ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 19

تفصیلات کے لیے دائر درخواست پر سماعت ہوئی۔سماعت چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ اشتیاق ابراہیم اور جسٹس وقار احمد نے کی۔پشاور ہائی کورٹ نے علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت میں 3 ہفتوں کی توسیع کر دی۔دوران سماعت ایڈووکیٹ جنرل نے عدالت کو بتایا کہ قومی اسمبلی کے اسپیکر ایاز صادق کی سربراہی میں مذاکراتی میٹنگ کے لیے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور اسلام آباد گئے ہیں، وہ پیش نہیں ہو سکتے، اس لیے ان کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی ہے۔عدالت نے کیس کی سماعت 11 فروری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 20

میں کہا ہے کہ غزہ میں امن کی آڑ میں کوئی بھی غیر منصفانہ سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے، فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم کا احتساب ضرور ہونا چاہیے۔شیری رحمٰن کا کہنا ہے کہ حقیقی امن کے لیے ضروری ہے کہ فلسطین کے عوام کے حقوق، ضروریات اور مفادات کا احترام کیا جائے۔یاد رہے کہ اسرائیل کی جانب سے 15 ماہ اور 1 ہفتے تک جاری رہنے والی جنگ کے دوران غزہ پر 85 ہزار ٹن بارود برسایا گیا۔اسرائیلی فوج نے 47 ہزار فلسطینیوں کی نسل کشی کی اور 1 لاکھ 15 ہزار افراد کو زخمی کیا۔رپورٹس کے مطابق تباہ شدہ شہروں کی عمارتوں اور گھروں کے ملبے سے ہزاروں لاپتہ فلسطینیوں کی لاشیں ملنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

شبلی فراز کا کہنا تھا کہ ہمارے مقدمات چل رہے ہیں، عدالتوں میں پیش ہوتے ہیں، ہم قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں، درخواست ہے ہمارے کارکنان کو رہا کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں گزشتہ 2 سال سے سیاسی عدم استحکام کا سلسلہ چل رہا ہے، توقع رکھ رہے تھے 190 ملین پاؤنڈ کا فیصلہ ایک ہفتے پہلے کیا جائے گا، بانی پی ٹی آئی پر جو بھی کیسز ہیں وہ سب بوگس ہیں، عمران خان پر سیاسی بنیادوں پر کیسز بنائے گئے ہیں، سابق وزیراعظم پر بنائے کیسز عدالتوں میں ٹھہر نہیں سکتے۔شبلی فراز کا کہنا تھا کہ ایک یونیورسٹی کا بنیادی مقصد سیرت النبیﷺ کو فروغ دینا ہے، القادر یونیورسٹی میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو ایک پیسے کا فائدہ نہیں ہے، عمران خان کو ایک دھیلا نہیں ملا، 190 ملین پاؤنڈز حکومت پاکستان کے پاس گئے ہیں، پیسے نہ بانی پی ٹی آئی کے پاس گئے ہیں نہ کسی اور کے پاس۔

بقیہ بقیہ جات 22

سے نمٹنے کے لیے عالمی سطح پر مستحکم حکمت عملی کی ضرورت ہے۔''انسانی مستقبل'' کے موضوع پر ایک اہم تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قدرتی آفات کے بڑھتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے قومی موسمیاتی رسک مینجمنٹ حکمت عملی کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے عالمی سطح پر مستحکم حکمت عملی کی ضرورت ہے تاکہ نہ صرف قدرتی آفات کا مقابلہ کیا جاسکے بلکہ ان کے اثرات کو کم سے کم کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جاسکیں۔روبینہ خورشید نے قومی، صوبائی اور ضلعی سطح پر موسمیاتی حکمت عملی کے نفاذ کی تجویز دیتے ہوئے کہا

انتظامیہ سے 74 مریضوں کی منتقلی کی درخواست کی ہے کیونکہ موجودہ حالات میں سڑک سے مریضوں کو منتقل کرنے کے آثار نہیں لگتے۔اس حوالے سے وزیر مذہبی امور کے پی نے دعویٰ کیا تھا کہ ضلع کرم کیلیے ہیلی کاپٹر سروس بدستور جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

ریجنل سنٹرز آزاد جموں وکشمیر، گوادر اور گلگت بلتستان میں بنائے جائیں گے۔انہوں نے کہا ہے کہ نادرا کی پاک آئی ڈی ویب سائٹ بند کر کے تمام خدمات اب موبائل ایپ پر فراہم کی جائیں گی، ویب سائٹ کے استعمال میں شہریوں بالخصوص بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو مشکلات پیش آتی تھیں۔جیسا کہ انگلیوں کے نشانات اور مطلوبہ دستاویزات سکین کر کے اپ لوڈ کرنے میں پریشانی ہوتی تھی۔وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ جعلساز عناصر جعلی ویب سائٹس کے ذریعے شناختی دستاویزات بنوانے میں معاونت کا کاروبار کر رہے تھے، شہریوں کی ذاتی معلومات حاصل کر کے ان کا غلط استعمال کرنے کی کوشش کی جاتی تھی۔انہوں نے کہا کہ ان سرگرمیوں کے تدارک کے لئے 17 جنوری سے ویب سائٹ بند کی جارہی ہے۔ وزارت داخلہ اور وزارت خارجہ نے جعلساز عناصر کا سختی سے نوٹس لیا ہے، نادرا دیگر اداروں کے ساتھ ملکر ساتھ ان عناصر کے خلاف کارروائی کو یقینی بنا رہا ہے۔وفاقی وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ نادرا کی موبائل ایپ کو پہلے سے بہت مزید بہتر بنا دیا گیا ہے۔شناختی کارڈ، نائکوپ، پی او سی، ب فارم، ایف آر سی سمیت تمام خدمات موبائل ایپ پر دستیاب ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہری اب گھر بیٹھے موبائل ایپ پر شناختی دستاویزات کی تمام تر کارروائی مکمل کر سکتے ہیں۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ نئے ریجنل دفاتر 31 مارچ سے کام شروع کر دیں گے، ان دفاتر کے قیام سے نادرا حکام اور شہریوں کے درمیان رابطے میں آسانی ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ ریجنل دفاتر کے قیام سے دور دراز علاقوں کے نادرا مراکز میں خدمات کی فراہمی بہتر ہوگی، شہریوں کے مسائل تیزی سے حل ہوں گے اور شکایات کا فوری ازالہ ہوگا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ 31 مارچ تک ملک کی تمام تحصیلوں میں نادرا دفاتر قائم کرنے کا ہدف پورا کر لیا جائے گا، اب تک ملک بھر میں صرف 19 تحصیلوں میں نادرا دفاتر کا قیام باقی تھا۔اس ضمن میں کام تیزی سے جاری ہے، 31 مارچ تک ان تحصیلوں میں بھی نادرا دفاتر فعال ہوجائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 27

بندی کا باعث بنے گا۔دفتر خارجہ نے کہا کہ امید کرتے ہیں معاہدے سے انسانی امداد کو بڑھانے میں مدد ملے گی، اسرائیلی افواج کی اندھا دھند طاقت کے استعمال سے لاتعداد جانوں اور املاک کا نقصان ہوا ہے، لاکھوں بے گناہ فلسطینی بے گھر ہو چکے ہیں، اسرائیل کے توسیع پسندانہ عزائم نے پورے خطے کو غیر مستحکم کر دیا ہے۔ترجمان دفتر خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان مسئلہ فلسطین کے منصفانہ، جامع اور پائیدار حل کیلئے اپنی حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔واضح رہے کہ حماس اور اسرائیل میں جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی کا معاہدہ طے پا گیا ہے، اس حوالے سے قطری وزیراعظم محمد بن عبدالرحمان بن جاسم الثانی نے اعلان کیا ہے۔غزہ میں جنگ بندی کا عمل 3 مراحل پر مشتمل ہے، پہلے مرحلے میں 33 اسرائیلی اور 50 فلسطینی قیدی رہا ہوں گے، اسرائیلی فوج غزہ کے شہری علاقوں اور رفاہ بارڈر سے پیچھے ہٹے گی، دوسرا مرحلہ جنگ بندی کے 16 روز بعد شروع ہوگا، دوسرے مرحلے میں مزید قیدیوں کی رہائی کیلئے اقدامات کئے جائیں گے، تیسرے مرحلے میں غزہ کی تعمیر نو، انتظامی امور کے معاملات طے کئے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 28

میں طلب کر لیا۔ذرائع کے مطابق اجلاس میں پارٹی کے سینئر رہنما شرکت کریں گے، اجلاس میں پنجاب کی تنظیم سازی سمیت اہم امور کا جائزہ لیا جائے گا۔بلاول بھٹو پنجاب اور لاہور کے رہنماؤں سے بھی ملاقاتیں کریں گے جس میں پارٹی امور کے حوالے سے اہم فیصلے کئے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 29

اشرف، نوید قمر، ڈاکٹر فاروق ستار، اعجاز الحق اور قادر مگسی شریک ہوئے۔پاکستان تحریک انصاف کی مذاکراتی کمیٹی میں شامل اپوزیشن لیڈر عمر ایوب، اسد قیصر، علامہ ناصر عباس، سلمان اکرم راجا اور صاحبزادہ حامد رضا بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔اجلاس کے دوران اسپیکر ایاز صادق نے کہا کہ اگر کسی کو میری چیئرمین شپ پر اعتراض ہے تو بتا دیں، اپوزیشن اور حکومتی کمیٹی کی یہ تیسری نشست ہے، مذاکرات کے حوالے سے کچھ غلط فہمیاں ہوئیں، بات چیت میں کچھ تاخیر ہوگئی، یہ بھی تاثر دیا گیا کہ میں کوئی کردار ادا نہیں کر رہا ہے، امید ہے اجلاس میں مذاکرات میں پیش رفت کا باعث بنے گا۔پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی کے اراکین نے چارٹر آف ڈیمانڈ پر دستخط کیے، جس کے بعد اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے 3 صفحات پر مشتمل چارٹر آف ڈیمانڈ اسپیکر کو پیش کیا۔دریں اثنا، پی ٹی آئی عام انتخابات میں دھاندلی کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن کے قیام کے مطالبے سے دستبردار ہوگئی۔پی ٹی آئی نے چارٹر آف ڈیمانڈ میں 2 کمیشن آف انکوائری بنانے کا مطالبہ کیا ہے، چارٹر آف ڈیمانڈ میں کہا گیا ہے کہ چیف جسٹس کی زیر سربراہی یا 3 سینئر ججز پر مشتمل کمیشن بنایا

خزانہ اور چیئرمین ایف بی آر ہماری گزارشات پر شنوائی کریں اور ان مسائل کو حل کرایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 33

درمیان معاشی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی غرض سے ہونے والی اس ملاقات میں گفتگو کا محوری پیک کے دوسرے مرحلے کے تحت مارکیٹ پر مبنی منصوبوں کو آگے بڑھانے اور خاص طور پر پنجاب میں چینی کمپنیوں کو درپیش چیلنجز کا حل نکالنا تھا۔چیئرمین پی بی آئی ٹی اشرف نے چینی سرمایہ کاروں کو ہر طرح کی سہولت اور سکیورٹی فراہم کرنے کے لیے پنجاب کے پختہ عزم کا اعادہ کیا اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں سہولت کاری، سازگار ماحول کی فراہمی سمیت اہم موضوعات کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ ہم ''چینی سرمایہ کاروں کو ہر طرح کی سہولت اور سکیورٹی فراہم کرنے کیلئے سنجیدہ ہیں تاکہ ان کے منصوبے پاکستان کی متحرک معیشت میں خوش اسلوبی کے ساتھ پایہ تکمیل کو پہنچیں''۔ملاقات میں دوطرفہ وفود کے تواتر کے ساتھ تبادلے کی اہمیت، خاص طور پر چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) کی شمولیت پر زور دیا گیا۔اس اسٹریٹجک اقدام کا مقصد نچلی سطح پر معاشی تعاون کو فروغ دینا، تجارت کے نئے مواقع پیدا کرنا اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 34

بندی معاہدے پر ووٹنگ کی تیاری کر رہی ہے جو بآسانی منظور ہوجائے گی۔یاد رہے کہ 8 اکتوبر 2023 سے غزہ پر جاری اسرائیلی بمباری میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 46 ہزار 700 سے تجاوز کر گئی جب کہ ایک لاکھ 10 ہزار سے زائد زخمی ہیں۔شہید اور زخمی ہونے والوں میں نصف تعداد خواتین اور بچوں کی ہے جب کہ 10 لاکھ سے زائد فلسطینی بے گھر ہوگئے۔واضح رہے کہ 7 اکتوبر 2023 کو حماس کے 3 ہزار سے زائد جنگجوؤں نے فضا سے اور زمینی راستے سے اسرائیل پر حملہ کیا تھا جس میں 1500 اسرائیلی ہلاک ہوگئے تھے۔حماس 250 سے زائد اسرائیلیوں کو یرغمال بنا کر اپنے ہمراہ غزہ لے آئے تھے جن میں سے اکثر اسرائیلی بمباری میں ہی مارے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 35

سال کی اسی مدت میں ملک میں 605668 یونٹس گاڑیوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔دسمبر 2024 میں ملک میں 135134 یونٹس گاڑیوں کی فروخت ہوئی جو نومبر کے مقابلے میں ایک فیصد اور دسمبر 2023 کے مقابلے میں 49 فیصد زیادہ ہے، نومبر میں ملک میں گاڑیوں کے 134340 یونٹس اور دسمبر 2023 میں 90888 یونٹس کی فروخت ہوئی تھی۔اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے چھ ماہ میں کاروں کے 46398 یونٹس کی فروخت ہوئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 30662 یونٹس کے مقابلے میں 51 فیصد زیادہ ہے۔دسمبر میں کاروں کے 7864 یونٹس کی فروخت ہوئی جو دسمبر 2023 کے مقابلے میں 60 فیصد زیادہ ہے، دسمبر 2023 میں ملک میں کاروں کے 4915 یونٹس کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔مالی سال کے پہلے چھ ماہ میں الیکٹرک گاڑیوں کے مجموعی طور پر 104 یونٹس جبکہ دسمبر میں 41 یونٹس کی فروخت ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 36

خدمات کو سراہا۔اس موقع پر برطانوی قونصل جنرل نے اپنے دور میں تعاون پر وزیراعلیٰ سندھ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے سندھ حکومت کے تعاون اور مہمان نوازی کی تعریف کی۔وزیراعلیٰ سندھ نے اس موقع پر برطانیہ کی ترقیاتی منصوبوں میں شمولیت کی تعریف کی، جبکہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تعلیم، صحت اور ترقیاتی شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 37

وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اپیل ہے کہ متعلقہ اداروں کو فی الفور جانچ پڑتال کرنے اور مافیاز کا ہاتھ روکنے کیلئے اقدامات کی ہدایات جاری کریں۔ان خیالات کا اظہار مرکزی کریانہ مرچنٹ ایسوسی ایشن لاہور کے صدر طاہر ثقلین بٹ نے اپنی زیر صدارت ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں سرپرست حاجی طارق فیروز، چیئرمین رانا منظور، چودھری لیاقت، سینئر نائب صدور حاجی رمضان، حاجی نواز، چودھری لیاقت، ابو بکر، ملک وسیم، محمد شاہد، اشرف تابانی، خالد رشید، مقصود الرحمٰن بھٹی، میاں شکیل، سیکرٹری کوارڈی نیشن محمد بوٹا ساجد اور ذیشان غفور نے شرکت کی۔طاہر ثقلین بٹ نے کہا کہ کنگ میکر اس وقت سرگرم ہیں اور انہوں نے شوگر ملوں کے ساتھ مل کر جنوری کے بعد فروری اور مارچ کے سودے اور قیمت طے کر لی ہے، ہم حکومت کو گزشتہ دو ماہ سے اس حوالے سے متنبہ کر رہے ہیں لیکن ہماری شنوائی نہیں ہو رہی۔اس وقت چینی کی قیمت بڑھنا شروع ہوگئی ہے، ہول سیل میں چینی 140 روپے فی کلو مل رہی ہے جس کی وجہ سے پرچون دکاندار شدید پریشان ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی اور پنجاب حکومت عوام کو ریلیف دینے کے لئے متعدد اقدامات اٹھا رہی ہے، ہم حکومت کی ساکھ اور عوام کے فائدے کیلئے پیشگی آگاہ کر رہے ہیں کہ اگر سٹے مافیا اور شوگر ملوں کے گٹھ جوڑ کا تدارک نہ کیا گیا تو رمضان المبارک میں چینی کی قیمت 180 سے 190 روپے تک پہنچنے کا اندیشہ ہے جو غریب کی پہنچ سے دور ہوگی۔

طرف موڑ دیں۔نہتے فلسطینیوں کی ہر ممکن مدد کرنا ہمارا اخلاقی اور دینی فریضہ ہے۔الخدمت فاؤنڈیشن پہلے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی ہے، جنگ بندی کے بعد امدادی سرگرمیوں میں مزید اضافہ کیا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ غزہ کے حالات دیکھ کر انسانیت کا سر شرم سے جھک گیا ہے، ظلم اور باطل کو بالاخر ختم ہونا ہے۔صیہونی ظالم حکومت بھی جلد اپنے انجام کو پہنچ کر نابود ہو جائے گی۔پاکستان نہتے فلسطینی بہن بھائیوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی مدد جاری رکھے گا، اسرائیلی دہشت گردی پورے خطے کو لپیٹ میں لے لیا ہے، اس کے اثرات دہائیوں تک رہیں گے۔جاوید قصوری نے اس حوالے مزید کہا کہ غزہ اس وقت بدترین بمباری کے بعد کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے، اسرائیلی دہشت گردی 7 اکتوبر 2023 سے نہیں بلکہ گزشتہ سات دہائیوں سے جاری ہے۔یہ معاہدہ فلسطینی عوام، ان کی مزاحمت، امت مسلمہ اور عالمی سطح پر آزادی پسندوں کی ایک مشترکہ کامیابی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

فرار ہوئے۔بچوں سے پولیس مزید پوچھ گچھ کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

کو پورا کیا جاسکے، ای وی گاڑیاں خریدنے سے حکومت کو فائدہ ہوگا، پی او ایل کی بچت ہوگی۔انہوں نے کہا ہم عوامی وسائل کے استعمال میں شفافیت، احتساب یقینی بنانے کے لیے پر عزم ہیں، اور میں سختی سے کہتا ہوں غیر مجاز سرکاری گاڑیاں استعمال کرنے والے واپس کر دیں۔شرجیل میمن نے کہا اب کار گاڑیوں کی نیلامی پر کام جاری ہے، نیلامی شفافیت کے ساتھ کی جائے گی، متعلقہ عہدیدار اور محکمے قانونی کارروائی سے بچنے کے لیے نئی ہدایات پر عمل کریں۔سعید غنی نے کہا کہ جن محکموں کے پاس اضافی گاڑیاں ہیں وہ حکومت کو واپس کر دیں، وزیر داخلہ ضیاالحسن لنجار نے کہا کہ بے کار گاڑیوں کی نشان دہی کے لیے تیزی سے کام کیا جا رہا ہے، مقصد عوام کا پیسہ بچانا اور ضروریات کے مطابق اخراجات کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

مولانا فضل الرحمان کو خیبر پختونخوا کے انتخابات پر اعتراض ہے تو آئیں حلقے کھول لیتے ہیں، مولانا صاحب آپ کے ساتھ دھوکا ضرور ہوا ہے جو وعدے ہوئے تھے وہ پورے نہیں ہوئے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر کوئی اس طرح کے بیانات دے گا تو بطور وزیراعلیٰ اس کا جواب دوں گا، جنہوں نے آپ کے ساتھ دھوکہ کیا ہے ان کا نام لیں ہمارے اوپر بات نہ کریں۔علی امین گنڈاپور نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کہتا ہے میری تیسرے درجہ کی لیڈرشپ عمران خان سے ملے گی، مولانا فضل الرحمان نہ تمہاری سیاسی حیثیت عمران خان کے مقابلے جتنی نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

پی ٹی آئی رہنما فلک ناز چترالی کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم نہ کرنے پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ایڈیشنل اٹارنی جنرل کو حکم دیا کہ آپ وفاق کے نمائندے ہیں آپ مقدمات کی تفصیلات فراہم کریں گے۔بعدازاں عدالت نے درخواستوں گزار کی حفاظتی ضمانتیں منظور کر لیں اور دونوں رہنماؤں کو 7 فروری تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دیتے ہوئے درخواستوں پر سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 46

ملازمین کی ریٹائرمنٹ کے بعد بڑھاپے کا واحد سہارا پنشن وگریجویٹی اور لیو انکیشمنٹ ہے، جس پر گورنمنٹ نے شب خون مار کر ملازمین کے گھروں میں صف ماتم برپا کر دی ہے بیوروکریسی کے لیے نئی گاڑیاں، بنگلے اور وزراء، مشیران کی تنخواہوں میں اضافے کے اربوں روپے کے فنڈز دستیاب ہیں لیکن اساتذہ و ملازمین کا معاشی استحصال کیا جارہا ہے حکومت کی ناقص حکمت عملی کی وجہ سے ہسپتال، تعلیمی ادارے آؤٹ سورسنگ کی بھینٹ چڑھائے جا رہے ہیں صوبہ بھر کے اساتذہ و ملازمین اپنے معاشی حقوق کے تحفظ کے لیے سراپا احتجاج ہیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صاحبہ پنشن وگریجویٹی، لیوانکیشمنٹ میں کمی کے ظالمانہ نوٹیفکیشنز فی الفور واپس نہ لئے تو 22 جنوری کو صوبہ بھر کے اساتذہ و ملازمین اپنے معاشی حقوق کے تحفظ کے لیے ناصر باغ سے پنجاب اسمبلی تک پرامن ریلی نکالیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 47

اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کا تفصیلی جائزہ لیا۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے متعلقہ محکمہ جات کی کوآرڈی نیشن کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔اس پروگرام کے حوالہ سے تمام متعلقہ سرکاری و نجی چلڈرن ہسپتالوں سے فیڈ بیک لیا گیا ہے۔خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ الحمدللہ، لانچنگ سے اب تک چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے تحت 1672 معصوم بچوں کی کامیاب سرجریز ہو چکی ہیں۔چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جارہی۔

بقیہ بقیہ جات 48

ورانہ ترقی کو بڑھانے، تدریسی طریقہ کار کو بہتر بنانے

کہا کہ پریسبٹرین پادریوں کا کردار بہت اہم رہا ہے اور اس طرح کے پروگرام آپسی اختلافات کو دور کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔انہوں نے تمام پریسبیٹیرین ماڈریٹرز کی خدمات کو سراہا اور اسرائیل اور فلسطین کے درمیان جنگ کے خاتمے، دنیا میں امن کے قیام اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے دعا کی۔

بقیہ بقیہ جات 52

تھے۔10 برسوں سے عدالتوں اور پولیس اسٹیشنز کے چکر کاٹ رہے ہیں، لیکن کوئی کارروائی نہیں کی جا رہی۔پولیس حکام نے لاپتا افراد سے متعلق رپورٹ عدالت میں پیش کر دی۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ تھانہ اتحاد ٹاؤن کی حدود سے لاپتا شہری محمد اشرف مقدمے میں گرفتار ہے۔عدالت نے شہری کی گمشدگی کی درخواست نمٹا دی۔عدالت نے دو ہفتوں میں جبری گمشدگی کی پالیسی سے متعلق رپورٹ طلب کر لی۔عدالت نے دیگر شہریوں کی بازیابی کے لئے کارروائی جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 2 ہفتوں تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 53

پرست آریاں کے مابین آج بھی لڑائی جاری ہے، وہ موجودہ تامل زبان وادی سندھ کے دراوڑوں کی بولی کی ترقی یافتہ شکل قرار دیتے ہیں، اپنی ماں بولی کا اصل ماخذ سمجھنے کیلئے بے تاب ہیں۔ماہرین لسانیات آج تک پانچ ہزار سال قدیم وادی سندھ تہذیب کا رسم الخط نہیں پڑھ سکے۔بعض ماہرین کا دعویٰ ہے کہ وادی سندھ میں کوئی رسم الخط نہیں تھا، دیگر ماہرین کی رائے اس کے برعکس ہے۔جنوبی بھارت کی دراوڑی زبانوں میں تامل کے علاوہ تلگو، ملیالم، کنڑ اور گونڈی شامل ہیں، بلوچستان کی براہوی زبان دراوڑی زبانوں کے خاندان کی واحد پاکستانی رکن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

مٹانے کا اعلان کیا تھا، 15 مہینوں سے فلسطینیوں کی بدترین نسل کشی کرتا رہا، مگر آج اسی حماس سے جنگ بندی کا معاہدہ کرنا پڑا ہے، یہ صرف اسرائیل کی نہیں بلکہ امریکہ کی بھی شکست ہے۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ آج اہل غزہ سرخرو ہوگئے، یقیناً اسماعیل ہنیہ اور یحییٰ سنوار اپنے بھائیوں کی جیت کا نظارہ کر رہے ہوں گے، شہداء اہل غزہ کے جشن کا نظارہ کر رہے ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 55

پولیس نے گروہ کو ٹریس کر کے مانگا منڈی سے گرفتار کیا، ملزمان مختلف مارکیٹس میں ریکی کر کے موٹر سائیکلیں چورا کر رفوچکر ہوجاتے تھے، سی سی ٹی وی فوٹیج میں 1 ملزم کو موٹر سائیکل چورا کر فرار ہوتے دیکھا جاسکتا ہے، ملزمان سے 3 چوری شدہ موٹر سائیکلیں اور پستول برآمد ہوئی۔ملزمان اچھرہ، فیصل ٹاؤن میں موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتیں کر چکے ہیں۔ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے انویسٹی گیشن کے حوالے کر دیا گیا۔ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ نے کہا کہ موٹر سائیکل گینگز و سٹریٹ کریمنلز کیخلاف خصوصی کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

سے بچائیں، دین کا درست اور حقیقی تصور پیش کرنا آج کے دور کا سب سے بڑا چیلنج ہے، بطور مسلمان ہمیں اپنی زندگیوں میں اسلامی اقدار اور اخلاقی اصولوں کو اپنانا ہوگا، علماء کو نوجوانوں کے ذہنوں میں پیدا ہونے والے سوالات کا جواب دینے کی پوری کوشش کرنی چاہیے، فارغ التحصیل طلبہ اور علماء اپنے اندر علمی مضبوطی اور روحانیت پیدا کریں، ہم حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہیں، پاکستانی عوام فلسطینی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور گزشتہ کئی دہائیوں سے اسرائیلی جارحیت کے خلاف جدوجہد میں اپنی جان و مال کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ نعیمیہ میں سالانہ ختم بخاری شریف کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ختم بخاری شریف کا آخری سبق شیخ الحدیث علامہ غلام رسول قاسمی نے پڑھایا۔تقریب میں شیخ الحدیث مفتی عبدالعلیم سیالوی، مفتی انور القادری، مولانا غلام نصیر الدین چشتی، مولانا محبوب احمد چشتی، ڈاکٹر سلیمان قادری سمیت دینی اساتذہ وطلبہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 57

سیکنڈری ہیلتھ کیئر سیدہ آمنہ طاہر زیدی کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت، ڈپٹی سیکرٹری محکمہ کو آپریٹو مس طاہرہ اکرام کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹس کنٹرول تعینات، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹرز) بہاولپور مس سمیرا ربانی کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تعینات، ڈپٹی سیکرٹری محکمہ پاپولیشن ویلفیئر حافظ محمد سلمان تنویر کی خدمات مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی تعینات، تقرری کے منتظر غلام مرتضیٰ کو گریڈ 18 میں ترقی دے کر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) بہاولپور تعینات، تقرری کی منتظر مس سمیل مشتاق کو ڈپٹی سیکرٹری (کوآرڈینیشن) ٹو ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب تعینات، تقرری کے منتظر کیپٹن (ر) عبدالوہاب خان کو تبدیل کر کے ڈپٹی سیکرٹری محکمہ خزانہ تعینات، سیکشن آفیسر ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ حافظ عمران نصیر کو تبدیل کر کے ڈپٹی سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ تعینات اور ڈائریکٹر (ایڈمن) پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ محمد اعجاز کو تبدیل کر کے ڈپٹی سیکرٹری کو آپریٹو ڈیپارٹمنٹ تعینات کر دیا گیا۔اس ضمن میں محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

صدر لاہور چیمبر میاں مصباح الرحمان، چیئرمین پیاف پائینر پروگریسو الائنس میاں انجم نثار اور چیئرمین پی بی جی لاہور چیمبر علی ہسام اصغر شریک ہوئے۔اس کے ساتھ نماز جنازہ میں سابق صدور لاہور چیمبر الماس حیدر، شاہد حسین شیخ، شہزادعلی ملک، شیخ محمد آصف، ریجنل چیئرمین ایف پی سی سی آئی ذکی اعجاز، سابق ریجنل چیئرمین رحمان عزیز چن، منظور ملک، عبدالرؤف مختار، سابق سینئر نائب صدر ایف پی سی سی آئی خواجہ شاہ زیب اکرم، سابق سینئر نائب صدر لاہور چیمبر امجد علی جاوا، سابق نائب صدر محمود غزنوی، چیئرمین لاہور بزنس مین فرنٹ محمد امجد چوہدری، ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر تنویر احمد شیخ اور پیپلز پارٹی کے رہنما عزیز الرحمان چن بھی شریک ہوئے۔اس موقع پر سابق صدر ایف پی سی سی آئی عرفان اقبال شیخ سمیت سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات کی بڑی تعداد نے بھی نماز جنازہ میں شرکت کی اور موحومہ کے بیٹوں سے تعزیت کی۔

بقیہ بقیہ جات 59

ٹیم نے تمام مال ضبط کر کے تفصیلی جائزے کے لیے سیمپل لیبارٹری بھجوا دیئے۔برآمد شدہ تمام تر مال کا ڈیسپلٹی ریکارڈ عدم موجود پایا گیا۔انہوں نے کہا کہ ایکسپائر اشیا کا استعمال انسانی صحت کیلئے انتہائی مضر ثابت ہوتی ہیں، ہم شہری اشیا کی خرید سے قبل جانچ پڑتال یقینی بنائیں؛ تاریخ اجرا اور تنسیخ ضرور پڑھیں۔معروف برانڈز کی پیکنگ میں صارف کو دھوکہ دینے والوں کیخلاف انڈسٹری اور محکمہ ایک ہیں۔جعلسازی کا مکروہ دھندہ کرنے والوں کے دن گنے جا چکے ہیں۔عاصم جاوید نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے مشن کے تحت پنجاب کے ہر کونے سے جعلسازوں کو نکال بھگائیں گے، اپنے ارد گرد موجود ملاوٹی عناصر کے گرد شکنجہ مضبوط کرنے کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ بقیہ جات 60

کہ انسانی سمگلرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کسی شخص کو بھی معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں۔ٹھوس شواہد کی روشنی میں ملزمان کو قرار واقعی سزائیں دلوائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 61

کے بیانات پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کینٹ میں بیٹھ کر خود ساختہ روپوشی گزاری، علی امین گنڈاپور ٹی وی

پر جھوٹی بھڑکیں مار رہے ہیں، علی امین گنڈاپور کی ڈیوٹی لگائی گئی ہے کہ وہ اپوزیشن کو تقسیم کریں۔اپنے بیان میں ترجمان جے یو آئی نے کہا کہ دھوکا مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ نہیں عمران خان کے ساتھ ہو رہا ہے، جے یو آئی نے 2018 کے ساتھ 2024 کے الیکشن نتائج کو رد کیا، علی امین گنڈاپور جیسے مہرے اپوزیشن کو تقسیم کرنے کیلئے استعمال ہو رہے ہیں، خیبر پختونخوا میں کرپشن اور لوٹ مار کا بازار گرم ہے۔اسلم غوری نے کہا کہ علی امین اسٹیبلشمنٹ سے بند کمرے میں باقاعدہ معافیاں مانگتے ہیں اور باہر آ کر بھڑکیں مارنا شروع ہو جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ڈی چوک میں کارکنوں کو تنہا چھوڑ کر بھاگنے والا کس منہ سے باتیں کر رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

تیز کرنے کا فیصلہ کر لیا۔جاری اعلامیہ کے مطابق تحریک تحفظ آئین پاکستان کے قائدین کی اپوزیشن چیمبر میں اہم اجلاس محمود خان اچکزئی کی زیر صدارت ہوا جس میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب، سابق اسپیکر اسد قیصر، بیرسٹر گوہر، ایم ڈبلیو ایم سربراہ علامہ راجہ ناصر عباس، پارلیمانی لیڈرز زرتاج گل، عادل بازئی، علی محمد خان اور اخونزادہ حسین شریک تھے۔اجلاس میں موجودہ سیاسی اور پارلیمانی امور سے متعلق صورتحال پر گفتگو کی گئی۔مذاکراتی کمیٹی اجلاس پر اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے اتحادیوں کو اجلاس کی کارروائی پر اعتماد میں لیا۔ملاقات میں آئندہ کی حکمت عملی کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطے تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا تحریک تحفظ آئین پاکستان محمود خان اچکزئی کی سربراہی میں سیاسی جماعتوں سے ملاقات کرے گی، عوام پاکستان پارٹی، جمیعت علماء اسلام شیرانی اور جی ڈے اے کی قیادت سے ملاقات کی جائے گی، اجلاس میں افغانستان سمیت پڑوسی ممالک کے ساتھ تعلقات پر بات چیت کی گئی، اتحادی جماعتوں کے رہنماؤں نے مذاکراتی کمیٹی کے چارٹر آف ڈیمانڈ کی تائید کی۔زرتاج گل نے کہا کہ بانی چیئرمین عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کے لیے پارلیمنٹ اور باہر بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔اسد قیصر نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ سفارتی تعلقات کو بہتر کر کے خطے کا ماحول پرامن بنانے کی ضرورت ہے، افغانستان کے ساتھ تعلقات کو بہتر کرنے کے لیے موثر سفارت کاری کی ضرورت ہے۔اسد قیصر نے کہا کہ ہمسائیہ ممالک خصوصاً افغانستان کے ساتھ تجارت کے فروغ کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ غزہ میں جنگ بندی کو خوش آئند سمجھتے ہیں، پوری دنیا کی حمایت کے باوجود اسرائیل فلسطین میں اپنے مقاصد میں کامیاب نہ ہوسکا۔

بقیہ بقیہ جات 63

مولانا فضل الرحمان کو خیبر پختونخوا کے انتخابات پر اعتراض ہے تو آئیں حلقے کھول لیتے ہیں، مولانا صاحب آپ کے ساتھ دھوکا ضرور ہوا ہے جو وعدے ہوئے تھے وہ پورے نہیں ہوئے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر کوئی اس طرح کے بیانات دے گا تو بطور وزیراعلیٰ اس کا جواب دوں گا، جنہوں نے آپ کے ساتھ دھوکہ کیا ہے ان کا نام لیں ہمارے اوپر بات نہ کریں۔علی امین گنڈاپور نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کہتا ہے میری تیسرے درجہ کی لیڈرشپ عمران خان سے ملے گی، مولانا فضل الرحمان نہ تمہاری سیاسی حیثیت عمران خان کے مقابلے جتنی نہیں ہے۔

بعدالت جناب مس نادیہ علی صاحبہ
فیملی جج درجہ اول بھلوال

درخواست تنسیخ نکاح

عنوان یاسمین خالد بنام محمد ریاض

بنام محمد ریاض ولد سرفراز حسین سکنہ گلی نمبر 12 نور حیات کالونی بھلوال تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا ہرگاہ مقدمہ بالاعنوان میں متعدد بار طلب کیا لیکن اپ عدالت حاضر نہ ہوئے لہذا اب بذریعہ اشتہار اخبار اپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اپ 29-01-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً صبح نو بجے عدالت ہذا حاضر ہوں بصورت دیگر یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی عدالت ہذا جاری ہوا۔

بعدالت جناب ثمر حیات صاحبہ
فیملی جج درجہ اول بھلوال

درخواست تنسیخ نکاح

عنوان صفیہ بی بی بنام محمد افتاب

بنام محمد افتاب ولد فرخ جاوید ذات چھینہ سکنہ چک نمبر 110 شمالی تحصیل وضلع سرگودھا- ہرگاہ مقدمہ بالاعنوان میں متعدد بار طلب کیا لیکن آپ عدالت حاضر نہ ہوئے لہذا اب بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 22-01-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً صبح نو بجے عدالت ہذا حاضر ہوں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت مجاز ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مسز مہوش حیات فلک
صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو افیسر حلقہ
تحصیل افس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 11 شمالی

متوفی امام دین ولد لڈن وارثان والدین صدیقن بی بی زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ محمد اصغر پسر متوفی بعد میں فوت شدہ

زندہ محمد لطیف محمد رمضان محمد ارشد پسران- کنیز بی بی ساجدہ پروین دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا-

---

بعدالت جناب نور محمد خاں صاحب
نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر سرکل
کالاخطائی تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے۔ بروئے شجرہ نسب تصدیق وراثتی انتقال نمبر 667 موضع دوست پور حنیفاں بی بی زوجہ غلام رسول دختر محمد طفیل متوفیہ بحق محمد فیاض پسر تسلیم کوثر (بعد از فوت) دختر متوفیہ مختار علی خاوند تسلیم کوثر۔حمیرا حسن۔سویرا قاسم دختران تسلیم کوثر زندہ حیات ہیں۔ان کا وراثتی انتقال درج ہو چکا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی شرعی وارث ہے تو اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔اور وراثت انتقال مذکورہ تصدیق کر دیا جائے گا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور/ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت ولائیت بیگم (متوفیہ) بیوہ نثار علی شاہ قوم سید شمسی ساکن موضع گل شاہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع گل شاہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ ولائیت بیگم (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکی ہے۔جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔سید شاہد نثار، سید ضیغم نثار (پسران)، در نجف (دختر) ولائیت بیگم (متوفیہ) بیوہ نثار علی شاہ اقوم سید شمسی ساکنان موضع گل شاہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔متوفیہ کے والدین اور شوہر متوفیہ کے فوت ہونے سے پہلے ہی وفات پا چکے ہیں۔لہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت ولائیت بیگم (متوفیہ) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بڑھ رہا ہے پنجاب بڑھ رہا ہے پاکستان

کاروبار، معیشت کی بہتری اور برآمدات میں اضافہ کے لئے

CM PUNJAB MARYAM NAWAZ

ہر قسم کے کاروبار کے لئے

36 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم سے

وزیراعلیٰ پنجاب آسان کاروبار فنانس

10 لاکھ روپے سے 3 کروڑ روپے تک کے قرضہ جات

5 سال میں آسان واپسی

اہلیت — مرد، خواتین، خواجہ سراء اور خصوصی افراد

☑ پنجاب کے رہائشی ہوں ☑ جن کی عمر کی حد 25 سے 55 سال تک ہو

☑ درست قومی شناختی کارڈ رکھتا ہو ☑ کسی بھی مالیاتی ادارے کا نادہندہ نہ ہو

☑ ایکٹیو ٹیکس فائلر ہو ☑ اپنی کاروباری جگہ ملکیت / کرایہ پر ہو

0% مارک اپ

اسٹارٹ اپ اور چھوٹے کاروبار کے لئے

48 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم سے

وزیراعلیٰ پنجاب آسان کاروبار کارڈ

10 لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضہ کی سہولت

3 سال میں آسان واپسی

اہلیت — مرد، خواتین، خواجہ سراء اور خصوصی افراد

☑ پنجاب کے رہائشی ہوں ☑ جن کی عمر کی حد 21 سے 57 سال تک ہو

☑ درست قومی شناختی کارڈ رکھتا ہو ☑ درخواست دہندہ نام پر سم کارڈ رجسٹرڈ ہو

☑ ایکٹیو ٹیکس فائلر ہو

☑ ایس ایم ای کارڈ کے ذریعے قرض کی سہولت ☑ 25% تک کیش نکالنے کی سہولت ☑ سرکاری فیس، ٹیکس اور یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی ☑ خام مال کی خریداری کے لیے وینڈرز کو ادائیگی

آن لائن درخواست اور تفصیلات کے لئے ویب پورٹل
Assaan Karobar Finance
akf.punjab.gov.pk

مزید معلومات و رہنمائی کیلئے ہیلپ لائن 1786

آن لائن درخواست اور تفصیلات کے لئے ویب پورٹل
Assaan Karobar Card
akc.punjab.gov.pk

حکومت پنجاب

SPL-112

حکومت پنشن و گریجویٹی اور لیو انکیشمنٹ میں کمی کے نوٹیفکیشنز واپس لے، ضیاء اللہ نیازی

ظالمانہ نوٹیفکیشنز فی الفور واپس نہ لئے تو 22 جنوری کو صوبہ بھر کے اساتذہ و ملازمین اپنے معاشی حقوق کے تحفظ کے لیے ناصر باغ سے پنجاب اسمبلی تک پرامن ریلی نکالیں گے

حکومت سرکاری ملازمین سے سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہی ہے ریاست ماں جیسی ہوتی ہے لیکن حکومت نے بیواؤں اور یتیموں سے پنشن اور ملازمت کا حق چھین لیا ہے، مقررین

لاہور (خبرنگار) پنجاب بھر میں احتجاجی مظاہروں کی طرح سول سیکرٹریٹ لاہور کے سامنے سینکڑوں اساتذہ و ملازمین نے آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پنجاب کے زیراہتمام حکومتی ظالمانہ پالیسیوں کے خلاف پُرامن مظاہرہ کیا مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے ضیاء اللہ نیازی، پروفیسر فائزہ رعنا، مختار گجر، رانا لیاقت علی، ثمینہ ناز، کاشف شہزاد چوہدری، شفیق گجر، عامر بٹ، راشد محمود، سرور گجر، افتخار سہلریا، بلال گجر و دیگر نے کہا کہ حکومت سرکاری ملازمین سے سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہی ہے ریاست ماں جیسی ہوتی ہے لیکن حکومت نے بیواؤں اور یتیموں سے پنشن اور ملازمت کا حق چھین لیا ہے (بقیہ نمبر 46)

آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پنجاب کی کال پر مختار گجر، ضیاء اللہ نیازی، رانا لیاقت علی، فائزہ رعنا، ثمینہ ناز سول سیکرٹریٹ لاہور کے سامنے احتجاجی مظاہرہ سے خطاب کر رہے ہیں

چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، خواجہ سلمان رفیق

الحمدللہ، لانچنگ سے اب تک چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے تحت 1672 معصوم بچوں کی کامیاب سرجریز ہو چکی ہیں

چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے متعلقہ محکمہ جات کی کوآرڈی نیشن کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے، صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ ویڈیو لنک کے ذریعے چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کیلئے منتخب شدہ نجی و سرکاری ہسپتالوں کے سربراہان نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چیف منسٹرز سپیشل انٹی ایٹو فار ٹرانسپلانٹ پر عملدرآمد کیلئے (بقیہ نمبر 47)

Education Department

لاہور: خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے حوالہ سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب حکومت نے 10 افسران
کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 10 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے۔ تقرری کے منتظر خالد پرویز کو ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر تعینات، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ پرائمری اینڈ (بقیہ نمبر 57)

پاکستانی قوم عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے، محمد حسین

عوام چٹان کی طرح کھڑے ہیں، ان کی رہائی تک جدوجہد جاری رکھیں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے، عمران خان کی رہائی سے ہی ملک میں سیاسی استحکام ممکن ہے، عمران خان عوام کے دلوں میں بستے ہیں، عوام عمران خان کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں، ان کی رہائی تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کے خلاف تمام کیسز (بقیہ نمبر 50)

لاہور: صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین سے امریکی سرمایہ کار کمپنی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

استنبول نمائش سے نئے مواقع تلاش
کرنے میں مدد ملے گی، عتیق الرحمان

لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمان نے کہا ہے کہ استنبول میں منعقدہ "سی ایف ای" نمائش میں شرکت کا تجربہ انتہائی خوشگوار رہا اور اس کے ذریعے ہاتھ سے بنے قالینوں کی برآمدات کیلئے نئے مواقع تلاش کرنے میں مدد ملے گی، طورخم بارڈر کے مسائل انتہائی گھمبیر صورتحال اختیار کر چکے ہیں اور گزشتہ کئی ماہ سے افغانستان (بقیہ نمبر 32)

ویمن یونیورسٹی ملتان میں ہائر ایجوکیشن کمیشن زیراہتمام تربیتی کورس جاری

فیکلٹی ممبران کی پیشہ ورانہ ترقی بڑھانے، تدریسی طریقہ کار بہتر بنانے کی کوششوں کا حصہ ہے

ملتان (خبرنگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں ہائر ایجوکیشن کمیشن زیراہتمام تربیتی کورس جاری، فیکلٹی کو جدید طریقہ تدریس سے آگاہی دی گئی ترجمان کے مطابق ایچ ای سی کے تعاون سے فیکلٹی ڈویلپمنٹ کے لیے چار ہفتے کا وسیع تربیتی پروگرام کچہری کیمپس میں جاری ہے تربیتی پروگرام کی فوکل پرسن رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر میمونہ خان ہیں اس اقدام یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران کی پیشہ (بقیہ نمبر 48)

ڈاکٹر نازیہ سلمان اور فوکل پرسن۔ رجسٹرار پروفیسر میمونہ خان کے ہمراہ ورکشاپ کی شرکاء کا گروپ فوٹو

پی آئی اے کی دمام سے لاہور آنے
والی پرواز کی ہنگامی لینڈنگ

لاہور (این این آئی) قومی ایئر لائن کی سعودی عرب سے لاہور کی پرواز کو فنی خرابی کے باعث دمام میں ہنگامی لینڈنگ کی گئی۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق شیڈولڈ پرواز پی کے 244 دمام سے لاہور کے لیے روانہ ہوئی تھی۔ روانگی کے 20 منٹ بعد ایئر بس اے 320 طیارے میں فنی خرابی ہوئی تھی۔

تعلیمی اداروں میں سیاست برداشت نہیں کریں گے، حلیم عادل شیخ

سندھ کو کھنڈر بنانے کے بعد پیپلز پارٹی تعلیمی ادارے تباہ کرنا چاہتی ہے، صدر پی ٹی آئی سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ کی جامعات میں بیوروکریٹس کو وائس چانسلر مقرر کرنے کا معاملہ پر پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے سندھ حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں سیاست برداشت نہیں کریں گے سندھ کو کھنڈر بنانے کے بعد پیپلز پارٹی تعلیمی ادارے تباہ کرنا چاہتی ہے غیر تجربہ کار بیوروکریٹس کسی بھی جامعہ کے وائس چانسلر بننے کے اہل نہیں ہوسکیں گے سندھ حکومت کی جانب سے اپنے من پسند وائس چانسلر لگانے کے لئے بیوروکریسی کے لیے ٹیچنگ اور ریسرچ کا تجربہ اور پی ایچ ڈی کی شرط ختم کی جارہی ہے سندھ حکومت کے ایسے تعلیم دشمن عمل کی شدید مذمت کرتے ہیں، حلیم عادل شیخ نے کہا تعلیمی اداروں کو سیاست سے پاک کرنا ہوگا تو تعلیم میں بہتری آئے گی تعلیم کی بہتری کے لئے اٹھائے گئے ہر اقدامات کی حمایت کریں گے۔

شدید دھند میں شہری احتیاط سے
ڈرائیونگ کریں، مرزا فاران بیگ

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا ہے کہ پنجاب میں دھند میں اضافے کے باعث ٹریفک پولیس شہریوں کو محفوظ راستہ مہیا کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں دھند میں اضافے کے باعث شہری احتیاط سے ڈرائیونگ کریں، صوبہ بھر میں دھند کے باعث مختلف مقامات پر حد نگاہ 100 یا 50 میٹر سے بھی کم ہے، دھند کے دوران گاڑی میں فوگ لائٹس کا استعمال کریں۔

وادی سندھ کا قدیم رسم الخط پڑھنے پر 10 لاکھ ڈالر انعام

ماہرین لسانیات آج تک پانچ ہزار سال قدیم وادی سندھ تہذیب کا رسم الخط نہیں پڑھ سکے

کراچی (این این آئی) وزیراعلی تامل ناڈو ایم کے اسٹالن نے وادی سندھ کی قدیم تہذیب کا رسم الخط پڑھنے پر دس لاکھ ڈالر انعام کا اعلان کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق تامل ناڈو کے محکمہ آثار قدیمہ کو حالیہ کھدائیوں میں جو قدیم اشیا ملیں، ان پر وادی سندھ کی تہذیب سے ملتے جلتے حروف و نشان کندہ ہیں۔ ایم کے اسٹالن تامل ناڈو کے باشندوں کو وادی سندھ کے قدیم باشندوں کی اولاد قرار دیتے ہیں جو دراوڑ کہلاتے تھے۔ اسٹالن کی نظر میں وسط ایشیا کے حملہ آور قبائل آریاں نے دراوڑوں پر ظلم و ستم کر کے انہیں جنوبی بھارت ہجرت پر مجبور کیا تھا، اسلئے وہ وزیراعظم مودی اور ان کی ہندو قوم پرست جماعت کے سخت خلاف ہیں کیونکہ وہ خود کو آریاں کی اولاد کہتے ہیں۔ ان کے نظر میں امن پسند دراوڑوں اور نفرت (بقیہ نمبر 53)

2015 سے لاپتا شہری کی بازیابی کیلئے کارروائی جاری رکھنے کا حکم

سندھ ہائی کورٹ نے دو ہفتوں میں جبری گمشدگی کی پالیسی سے متعلق رپورٹ طلب کر لی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے 2015 سے لاپتا شہری سمیت دیگر افراد کی گمشدگی کی درخواستوں پر شہریوں کی بازیابی کے لئے کارروائی جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 2 ہفتوں تک ملتوی کر دی۔ جمعرات کو سندھ ہائیکورٹ میں 2015 سے لاپتا شہری سمیت دیگر افراد کی گمشدگی کی درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ محمد ماجد 2015 سے تھانہ بریگیڈ کی حدود سے لاپتا ہے۔ 10 برس سے کیس چل رہا، تاحال لاپتا شہری کا کوئی سراغ نہیں لگایا گیا۔ لاپتا شہری کو 2015 میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار گھر سے اٹھا کر لے گئے (بقیہ نمبر 52)

پیپلز پارٹی کا ورکرز اجلاس 21 کو قصور
22 جنوری کو ننکانہ میں کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی کی صوبائی ٹاسک کمیٹی برائے تنظیمی امور کا اجلاس حسن مرتضی کی زیر صدارت ماڈل ٹاؤن سیکرٹریٹ میں ہوا جس میں میاں مصباح الرحمن، اورنگزیب برکی، فیصل میر، ندیم اصغر کائرہ، رائے شاہجہان بھٹی، چوہدری اختر، عائشہ نواز چوہدری، فائزہ ملک، چوہدری سجاد الحسن، جاوید بھٹی، حاجی فلک شیر، بشری منظور مانیکا، نسیم صابر نے شرکت کی، اجلاس میں شیخوپورہ میں ہونے والی میٹنگ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کے ساتھ پیپلز پارٹی کا آئندہ ورکرز اجلاس 21 جنوری کو قصور اور 22 جنوری کو ننکانہ میں کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

شدید دھند، موٹروے کے مختلف سیکشنز ٹریفک کے لیے بند

دھند میں لین کی خلاف ورزی حادثات کا باعث، ڈسپلن کو یقینی بنائیں، موٹروے پولیس

لاہور (این این آئی) شدید دھند کی وجہ سے لاہور، سیالکوٹ اور رحیم یار خان کے مختلف موٹروے حصے ٹریفک کے لیے بند کر دیے گئے ہیں۔ موٹروے پولیس کے ترجمان سید عمران احمد کے مطابق لاہور سے ہرن مینار تک موٹروے ایم 2، سیالکوٹ سے لاہور تک موٹروے ایم 11 اور رحیم (بقیہ نمبر 31)

پی بی آئی ٹی اور چینی مشن کا سی
پیک میں ایس ایم ایز کی شمولیت پر زور

لاہور (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان معاشی تعاون کو مزید گہرا کرنے کی ضرورت ہے اور اس ضمن میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتیں ہراول دستے کا کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت محمد علی اشرف اور پاکستان میں چینی سفارتخانے کے منسٹر۔ کونسلر یانگ گوانگ یوان کے درمیان ہونے والی ایک اہم ملاقات کے دوران کیا گیا۔ پاکستان اور چین کے (بقیہ نمبر 33)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کی درخواستیں اور مسائل سن کر فوری ریلیف بارے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب نے لیڈی کانسٹیبل پٹھانی کوثر کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی ایلیٹ پولیس فورس کو ریلیف کی ہدایت کی جبکہ ریٹائرڈ کانسٹیبل عبدالحمید کی درخواست پر ڈی پی او قصور کو ریلیف کے احکامات جاری کیے۔ اسی طرح ریٹائرڈ کانسٹیبل محمد مشتاق کی درخواست پر اور ریٹائرڈ مرحوم کانسٹیبل شوکت علی کی بیوہ کی درخواست پر اے آئی جی (بقیہ نمبر 49)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات میں درخواست پر ریلیف کے احکامات جاری کر رہے ہیں

آر سی ڈی ایس، ہیلٹ ہنگر ہلفی کے اشتراک سے اسموگ بارے آگاہی واک

واک کے شرکاء کو اسموگ سے نمٹنے کے لئے احتیاطی تدابیر والے پمفلٹ اور دیگر معلوماتی مواد بھی فراہم کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) رورل کیمونٹی ڈویلپمنٹ سوسائٹی (آر سی ڈی ایس) اور ویلٹ ہنگر ہلفی کے اشتراک سے عوام کو اسموگ کے منفی اثرات کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے اور اس کے اثرات کو کم کرنے کے لیے حفاظتی اقدامات کو فروغ دینے کے لئے ایک واک کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر واک کے شرکاء کو اسموگ سے نپٹنے کے لئے احتیاطی تدابیر والے پمفلٹ اور دیگر معلوماتی مواد بھی فراہم کیا گیا۔ شرکاء نے اسموگ کے خلاف حفاظتی اقدامات کی اہمیت پر زور دینے والے پیغامات کے ساتھ پلے کارڈز اور بینرز بھی اٹھائے ہوئے تھے۔ واک میں اسموگ کے بحران سے نمٹنے اور صحت مند ماحول کو فروغ دینے کے لیے متحد کوشش کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ آر سی ڈی ایس کے بانی اور ڈائریکٹر محمد مرتضی کھوکھر نے اس مسئلے کو حل کرنے کی فوری ضرورت پر روشنی ڈالی۔

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فضل الرحمن کی سیاسی حیثیت عمران خان کے مقابلے جتنی نہیں، گنڈاپور

جنہوں نے مولانا فضل الرحمان کے ساتھ دھوکہ کیا ہے ان کا نام لیں، ہمارے اوپر بات نہ کریں، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا

اگر کہیں ملاقاتیں ہو رہی ہیں اور مثبت پیش رفت ہو رہی ہے یہ اعتماد قائم ہوا ہے تو ہی سب ہو رہا ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے جمیعت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان تمہاری سیاسی حیثیت عمران خان کے مقابلے جتنی نہیں ہے۔ مذاکراتی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈا پور نے کہا کہ اگر کہیں ملاقاتیں ہو رہی ہیں اور مثبت پیش رفت ہو رہی ہے یہ اعتماد قائم ہوا ہے تو ہی سب ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 44)

اقتصادی سفارتکاری میں اصلاحات ناگزیر، صدر پاکستان بزنس فورم

سفارتی مشنز تجارتی اقتصادی تعلقات کو دوسرے ممالک کیساتھ مستحکم کریں، خواجہ محبوب

کراچی (این این آئی) مرکزی صدر پاکستان بزنس فورم خواجہ محبوب الرحمان نے پاکستان کی اقتصادی سفارتکاری میں اصلاحات کی فوری ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ تجارت کو بڑھایا جا سکے، غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری (FDI) کو متوجہ کیا جا سکے اور طویل مدتی ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ کوششیں مطلوبہ نتائج نہیں دے رہی ہیں۔ اسٹیٹ بینک کی حالیہ رپورٹ کے مطابق، مالی سال 2024 کے پہلے آٹھ ماہ میں غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری (FDI) میں 17.1 فیصد کی کمی آئی ہے

فلک ناز چترالی، عادل خان بازئی کو 7 فروری تک گرفتار نہ کرنے کا حکم

فلک ناز چترالی کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم نہ کرنے پر عدالت کا سخت برہمی کا اظہار

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما فلک ناز چترالی اور رکن قومی اسمبلی عادل خان بازئی کو 7 فروری تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس وقار احمد نے درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت عادل خان بازئی کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ درخواست گزار کیخلاف 9 مقدمات درج ہیں۔ (بقیہ نمبر 45)

بھارت مقبوضہ کشمیر میں طاقت کے زور پر قبضہ جمائے ہوئے ہے، صدر آزاد کشمیر

سپیکر آزاد قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر کی صدر ریاست سے تفصیلی ملاقات

مظفر آباد (این این آئی) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے سپیکر آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر کی ایوان صدر مظفرآباد میں تفصیلی ملاقات۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور سپیکر آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر نے مسئلہ کشمیر کو ملکی و بین الاقوامی سطح پر اُجاگر کرنے کی کوششیں تیز کرنے پر اتفاق کیا (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی، گاڑی کی ٹکر سے
بھکاری جاں بحق، ڈرائیور فرار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں کچہری چوک پر گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد ڈرائیور موقع سے گاڑی سمیت فرار ہو گیا جبکہ لاش کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

پشاور، بیوی کے مبینہ قتل کے الزام میں
شوہر گرفتار، خودکشی کا رنگ دینے کا الزام

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقے تہکال میں بیوی کے مبینہ قتل کے الزام میں شوہر کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ مقتولہ کی 22 دن پہلے شادی ہوئی تھی۔ پولیس نے بتایا ہے کہ الزام ہے کہ مقتولہ کے شوہر نے واقعے کو خودکشی کا رنگ دیا تھا۔ مقتولہ کے والد کی درخواست پر شوہر بلال حیدر کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

کراچی، گھر سے پیسے لے کر فرار ہونے والے دونوں بچے مل گئے

والدہ مدرسے جانے کے لیے مارتی تھیں جس کی وجہ سے گھر سے فرار ہوئے

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سائٹ ایریا، میٹروول میں گھر سے پیسے لے کر فرار ہونے والے دونوں بچے مل گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں بچے کیماڑی میں رشتے داروں کے گھر سے ملے ہیں، بچوں کے نام ارباز اور شیراز ہیں جن کی عمر 11 اور 9 سال ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بچوں نے بتایا ہے کہ والدہ مدرسے جانے کے لیے مارتی تھیں جس کی وجہ سے وہ گھر سے (بقیہ نمبر 42)

وزیراعلی سندھ سے برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر سارہ مونی کی الوداعی ملاقات

پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات مزید مضبوط ہوئے ہیں، سید مراد علی شاہ کی ملاقات میں گفتگو

کراچی (این این آئی) وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ سے برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر سارہ مونی نے الوداعی ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا، جبکہ وزیراعلی سندھ نے سبکدوش ہونے والی برطانوی قونصل جنرل سارہ مونی کی (بقیہ نمبر 36)

لیبیا کشتی حادثے میں ملوث
بدنام زمانہ اشتہاری پکڑا گیا

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر ایف آئی اے لاہور زون سرفراز خان ورک کی ہدایت پر انسانی سمگلرز کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا، لیبیا کشتی حادثے میں ملوث بدنام زمانہ اشتہاری پکڑا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم محمد حماس کو گوجرانوالہ سے گرفتار کیا گیا، ملزم سادہ لوح شہریوں کو غیر قانونی طور بیرون ملک بھجوانے میں ملوث تھا۔ اس حوالے سے ڈائریکٹر سرفراز خان ورک نے کہا (بقیہ نمبر 60)

سٹے بازوں کا شوگر ملوں کیساتھ گٹھ جوڑ، فروری، مارچ کے پیشگی سودے، قیمت طے

حکومت متحرک نہ ہوئی تو رمضان میں قیمت 180 سے 190 روپے تک پہنچنے کا اندیشہ ہے

وزیراعظم، وزیراعلی اداروں کو جانچ پڑتال کیلئے ہدایات دیں، مرکزی صدر کریانہ مرچنٹ ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) سٹے بازوں نے شوگر ملوں کے ساتھ گٹھ جوڑ کر کے جنوری کے بعد فروری اور مارچ کیلئے بھی پیشگی سودے اور قیمت طے کر لی ہے، اگر حکومت فی الفور متحرک نہ ہوئی تو رمضان المبارک میں پرچون سطح پر چینی کی قیمت 180 سے 190 روپے تک پہنچنے کا اندیشہ ہے، (بقیہ نمبر 37)

لاہور، صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ سے ڈائریکٹر جنرل ورلڈ سٹی کامران لاشاری ملاقات کر رہے ہیں

کاروباری شخصیت ایس ایم تنویر کی
والدہ کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

لاہور (این این آئی) پیٹرن انچیف یو بی جی فیڈریشن چیمبر ایس ایم تنویر کی والدہ کی نماز جنازہ گرینڈ جامعہ مسجد لیک سٹی میں ادا کر دی گئی۔ مرحومہ کی نماز جنازہ کی امامت ان کے بیٹے سابق وائس چیئرمین ایل ڈی اے ایس ایم عمران نے کرائی، نماز جنازہ میں سابق وفاقی وزیر گوہر اعجاز، صدر مسلم لیگ (ن) لاہور سیف الملوک کھوکھر، صوبائی وزیر کھیل فیصل کھوکھر، میاں عامر محمود، پیٹرن انچیف پیاف میاں سہیل نثار، چیئرمین فاؤنڈرز گروپ و سابق (بقیہ نمبر 58)

فوڈ اتھارٹی نے ایکسپائر اور جعلی پتی
نوڈلز کی بڑی کھیپ پکڑ لی

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے لاہور سپلائی ہونے والی ایکسپائر اور جعلی پتی، نوڈلز کی بڑی کھیپ پکڑ لی، 2780 کلو سے زائد چائے پتی، 352 کلو ایکسپائر نوڈلز ضبط کر کے مقدمہ درج کروا دیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے رحمان گارڈن میں کریک ڈاؤن کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ نوڈلز پر ایکسپائری تاریخ تبدیل کرتے ہوئے ملزمان رنگے ہاتھوں پکڑے گئے، معروف برانڈ کی ایکسپائر، مسترد کردہ چائے پتی کو لاہور سپلائی کیا جانا تھا، ویجیلنس ٹیم کی اطلاع پر بروقت کارروائی عمل میں لائی گئی۔ (بقیہ نمبر 59)

ملک میں گاڑیوں کی فروخت میں سالانہ بنیاد پر 28 فیصد اضافہ

چھ ماہ میں ملک میں گاڑیوں کے 776126 یونٹس کی فروخت ریکارڈ

کراچی (این این آئی) ملک میں گاڑیوں کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں سالانہ بنیاد پر 28 فیصد نمو ریکارڈ کی گئی۔ آل پاکستان آٹو مینو فیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں ملک میں گاڑیوں کے 776126 یونٹس کی فروخت ریکارڈ کی گئی ہے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 28 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی (بقیہ نمبر 35)

پاکستان پریسبیٹیرین چرچ کا 32 واں سالانہ اجلاس

ماڈریٹر، ایگزیکٹو سیکرٹری اور دوسرے عہدیداران منتخب

لاہور (خبرنگار) پریسبیٹیرین چرچ آف پاکستان کا 32 واں سالانہ اجلاس 06 ایمپریس روڈ لاہور میں منعقد ہوا۔ جس میں متفقہ طور پر ریورنڈ عارف سراج کو ماڈریٹر، ریورنڈ ڈاکٹر مجید ایبل کو ایگزیکٹو سیکرٹری اور دیگر عہدیداران کو منتخب کر لیا گیا جبکہ اجلاس میں پاکستان بھر سے پریسبیٹیرین گرجا گھروں کے سربراہان نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ استقبالیہ تقریب میں سابق سینیٹر کامران مائیکل، پریسبیٹیرین چرچ یو ایس اے کے پراپرٹی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر جیمز ٹیبی، پاکستان بھر کے ماڈریٹرز اور (بقیہ نمبر 51)

پیٹرول قیمتوں میں اضافہ عوام پر ڈرون حملہ ہے، جے یو آئی

پیٹرول قیمت میں نہیں حکومت نے غربت، مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ کیا

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پیٹرول قیمتوں میں اضافہ عوام پر ڈرون حملہ ہے، اتحادی حکومت کے ظالمانہ اقدامات ملک سے غریبوں کو خودکشیاں کرنے پر مجبور کر رہے ہیں، پٹرول قیمت میں نہیں حکومت نے ملک میں غربت، مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھا کر غریب آدمی سے جینے کا حق چھین لیا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کے ریٹس میں ہوشربا اضافہ انتہائی ظالمانہ اقدام ہے جس سے مہنگائی کا خوفناک طوفان آئے گا۔ حکمران ہوش کے ناخن لیں اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کیا گیا اضافہ فوری واپس لیں۔

رواں مالی سال کے پہلے 5 ماہ، بڑی
صنعتوں کی پیداوار میں 1.25 فیصد کمی

کراچی (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے 5 ماہ (جولائی سے نومبر 2024) کے دوران بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 1.25 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات نے رواں مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کے اعداد و شمار جاری کر دیئے ہیں۔ اعداد و شمار کے (بقیہ نمبر 40)

سرگودھا، ٹریکٹر ٹرالی سے گنا کھینچتے
ہوئے 15 سالہ لڑکا جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) کماد سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی سے گنا کھینچتے ہوئے 15 سالہ لڑکا جاں بحق اور لوڈر رکشہ الٹ جانے سے تین افراد شدید زخمی ہو گے جن کو ہسپتال منتقل کر کے متوفی لڑکے کی نعش ورثا کے سپرد کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھیرہ کے گاں خان محمد والا میں کماد سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی سے گنا کھینچتے ہوئے 15 لڑکا دانش ٹریکٹر ٹرالی تلے کچلے جانے سے جاں بحق ہو گیا۔

ملکی مفاد کی خاطر سیاسی بصیرت سے کام لینا ہوگا انتشار اور تشدد کی سیاست کو ہمیشہ کیلئے دفن
سب کو ساتھ لیکر چلنا ہوگا معاف کرنا ہی بڑا پن ہے مسائل کا حل مذاکرات ہے
سبق سیکھنا ہوگا قرآن و سنت میں فیصلے جمہوریت کا حسن ہے جیلوں میں قید سیاسی لوگوں کو رہا کرنا ہوگا

لاہور، وکلاء اور سول سوسائٹی کے اراکین مظاہرہ کر رہے ہیں

ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈی آئی خان کیلئے انجیو گرافی مشین خریدنے کا فیصلہ

انجیوگرافی مشین ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ اسماعیل خان کی کیتھ لیب میں نصب ہوگی، ترجمان وزیراعلیٰ

ڈی آئی خان (این این آئی) ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈی آئی خان کے لیے انجیو گرافی مشین خریدنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ترجمان وزیر اعلی خیبر پختون خوا فراز احمد مغل کا کہنا ہے کہ انجیو گرافی مشین ڈی آئی خان کے عوام کے لیے بڑی سہولت ہوگی۔ ان کا کہنا ہے کہ انجیو گرافی مشین ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈیرہ اسماعیل خان کی کیتھ لیب میں نصب ہوگی۔ وزیر اعلی خیبر پختون خوا کے ترجمان کے مطابق صحت (بقیہ نمبر 39)

جنگ بندی کے باوجود اسرائیل جارحیت سے باز نہ آیا، وحشیانہ بمباری میں 40 فلسطینی شہید

فضائی حملے بے گھر فلسطینیوں کے پناہ گزین کیمپوں پر کیے گئے، شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 46 ہزار 700 سے تجاوز کر گئی

معاہدے میں اسرائیل، حماس کی جانب سے مرحلہ وار یرغمالیوں کے تبادلے، اسرائیلی فوج کی واپسی سے متعلق معاملات طے پائے تھے

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی معاہدہ طے پا گیا لیکن صیہونی فوج کی جارحیت تھمنے کے بجائے بڑھتی جارہی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیل کے غزہ پر تازہ فضائی حملوں میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 40 ہوگئی۔ اسرائیلی فوج نے تازہ حملے جنگ بندی کے اعلان کے بعد کیے۔ یہ فضائی حملے بھی بے گھر فلسطینیوں کے پناہ گزین کیمپوں پر کیے گئے۔ دوسری جانب اسرائیلی کابینہ جنگ (بقیہ نمبر 34)

لاہور، یتیم خانہ چوک میں لوگ مخیر شخص کی طرف سے تقسیم ہونیوالا کھانا لینے کیلئے قطار میں کھڑے ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

جماعت اسلامی غزہ جنگ بندی کے اعلان پر یوم تشکر منائیگی، جاوید قصوری

غزہ میں فوری طور پر تعمیر نو کی ضرورت، انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں اور ادارے آگے بڑھیں

نہتے فلسطینیوں کی مدد کرنا ہمارا اخلاقی اور دینی فریضہ ہے، امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری نے حماس اسرائیل جنگ بندی معاہدے پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ جنگ بندی کے معاہدے پر فوری عمل درآمد ہونا چاہیے، جماعت اسلامی بجلی کے بلوں میں کمی کے حوالے سے مظاہروں کی بجائے غزہ میں جنگ بندی کے اعلان پر لاہور سمیت پورے ملک میں یوم تشکر منائے گی، عالمی برادری کی بے حسی کے باعث پندرہ ماہ جاری رہنے والی جنگ میں 46 ہزار افراد شہید اور ایک لاکھ دس ہزار زخمی ہوئے ہیں غزہ مسمار ہو گیا 19 لاکھ افراد بے گھر اور شدید سردی میں پناہ گزین کیمپوں میں رہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل (بقیہ نمبر 41)

لاہور، صوبائی وزیر لائیو سٹاک و زراعت سید عاشق حسین کرمانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں